U7350. 28-12-09.

Title - MAKATEEB NAZEERIYA

Creator - Mohd. Nazeer Hussain.

Publisher - Mehboob Al Matabe (Delhi).

Date - 1310 H

Pages - 240

Subjects - Makateeb - Nazeer Hussain Mohd. Dehelvi; Nazeer Hussain Mohd. Dehelvi - Makateeb.

فَاُولٰٓئِکَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْہِمْ مِنَ النَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّہَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا

یہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ہے یعنی انبیاء علیہم السلام اور صدیقین اور شہداء
اور صالحین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ ہوں گے اور ان لوگوں کا ساتھ بہت ہی اچھا ہے

شمس العلماء حضرت شیخ الکل مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

مکاتیب نذیریہ

باہتمام جناب مولوی سید محمد عبدالرؤف صاحب نبیسۂ جناب مولانا مولوی
سید محمد شریف حسین صاحب رح خلف الرشید المعروف شیخ الحدیث حضرت میاں صاحب نصافردوس مکان رح

ناظم

دار المطالعہ نذیریہ عامہ

وتربیت گاہِ بنات مسلمات مدرسہ نذیریہ عامہ
پھاٹک حبش خاں دھلی

محبوب المطابع برقی پرنٹنگ ورکس نزد جامع مسجد مچھلی والان دہلی میں طبع ہوئی

تربیت گاہ بنات مسلمات مدرسہ نذیریہ دہلی

دہلی میں میونسپل مدارس بچوں کے گلی گلی و کوچہ کوچہ کھلے ہوئے ہیں لیکن کسی مدارس سرکاری میں بچیوں کو مذہبی تعلیم نہیں دیجاتی جس سے بچیاں اپنی مذہبی تعلیم سے ناواقف و محروم رہتی ہیں اس لئے بچیوں کی دینی تعلیم کو مدنظر رکھتے ہوئے تربیت گاہ بنات مدرسہ نذیریہ بیادگار شمس العلماء زبدۃ المفسرین شیخ المحدثین حضرت مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رح کے نام نامی گرامی سے ۱۹۲۹ء میں افتتاح کی گئی۔ جس کو عرصہ دس سال سے زیادہ ہوگیا۔ اور الحمدللہ سررشتہ تعلیمات صوبہ دہلی نے بھی اپنی منظوری اور سرپرستی سے مدرسہ کی عزت افزائی فرمائی۔ مدرسہ میں جماعت پنجم تک بچیاں تعلیم حاصل کر رہی ہیں پردہ کا بھی معقول انتظام ہے اور علاوہ تعلیم سرکاری کے تعلیم دینی سے بھی کما حقہ واقفیت کرائی جاتی ہے۔ (۱) قرآن پاک معہ ترجمہ (۲) روزمرہ کے مسائل ضروری (۳) نماز روزہ رکن اسلام کا پابند کرانا (۴) اسلامی دینیات و اخلاقیات کی تعلیم دینا (۵) مناسب صنعت و حرفت کی تعلیم سینا پرونا کھانا پکانا وغیرہ سے بھی بچیوں کو واقفیت کرائی جاتی ہے۔ اور الحمدللہ اس دور میں بہت سی بچیوں نے پانچویں جماعت کے سارٹیفکیٹ حاصل کئے۔ اور کافی تعداد میں کلام پاک ختم کئے لیکن افسوس ہے کہ اہل محلہ باوجود متمول ہونے کے مدرسہ کی کوئی ایسی سرپرستی نہیں فرمائی گئی جس سے مدرسہ کا مستقل فنڈ ہوتا اور اس فنڈ کے باعث مدرسہ اپنے قدموں پر کھڑا ہو جاتا۔ آج تک نہ کوئی مستقل فنڈ ہے اور نہ ذاتی مکان۔ اگر فی گھر سے ایک ایک روپیہ بھی ماہوار ملتا رہتا تو مدرسہ کا ابتک مستقل فنڈ ہوتا اور نذیریہ ہائی سکول بنجاتا۔ جس قدر دشواریوں کا سامنا ہے اس کا اظہار نہیں ہو سکتا۔ منتظمہ صاحبہ حضرات معزز معاونین قابل تحسین ہیں کہ باوجود ان مالی دشواریوں کو پیش نظر رکھکر نہایت حسن و خوبی سے اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں اور غیر مسلم مدارس کے مقابلہ میں ایک یہی تربیت گاہ بنات مدرسہ نذیریہ ہے اور کوئی اس قرب و جوار میں منظور شدہ درسگاہ نہیں ہے۔

سید محمد عبدالرؤف ناظم تربیت گاہ بنات مسلمات مدرسہ نذیریہ پھاٹک حبش خان دہلی

۷۸۶

فہرست مکتوبات نذیریہ شمس العلماء شیخ الکل فی الکل مولوی سید محمد نذیر حسین محدث دہلوی عرف حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ

مختصر حالات شیخ الکل فی الکل حضرت مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

شمس العلماء مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین عرف حضرت میاں صاحبؒ پھاٹک حبش خاں گلی سرس والی متصل مکان جناب مولوی حفیظ اللہ خاں صاحب مشہور واعظ دہلویؒ جس میں اب مولوی سید محمد ابوالحسن صاحبؒ نبیرۂ حضرت میاں صاحبؒ کے نام نامی سے منسوب ہے۔ آپ کرایہ کے مکان میں ہمیشہ تا حیات رہے اور ذاتی مکان آپکا کوئی نہ تھا۔ اسی مکان کے کوٹھے پر ایک کوٹھری تھی اور اسکے آگے چھپر کا سائبان تھا۔ اور اس کوٹھری کے اندر ایک پلنگ آرام فرمانیکا تھا اور اسی پلنگ کے برابر میں ایک جانماز بچھی رہتی تھی۔ اور چاروں طرف کتابیں رکھی رہتی تھیں اور ایک چوکی نماز پڑھنے کی بچھی رہتی تھی۔ جس پر نماز مغرب اور عشاء موسم گرما میں باہر پڑھتے تھے اور سردی میں نماز عشاء اور تہجد و فجر بھی یہیں ادا کیا کرتے تھے اور بعد نماز صبح مسجد میں ترجمہ قرآن مجید پڑھاتے تھے[۱] جس میں طلباء اور دیگر حضرات شائقین و معززین دہلی شرکت فرماتے تھے۔ آپ قصبہ بلتھوہ ڈاکخانہ سورج گڈھ ضلع مونگیر کے رہنے والے تھے اور آپکی ننہیال و ددھیال دونوں خاندان سادات سے تھیں آپکے والد ماجد کا نام نامی گرامی جناب سید محمد جواد علی صاحب مرحوم و مغفور تھا۔ آپکے بزرگ اورنگ زیبؒ کے زمانہ میں عہدہ قضات پر معمور تھے ۱۲۴۲ھ میں جبوقت قدوۃ امام الموحدین حضرت مولانا شاہ سید احمد صاحب رائے بریلویؒ اور مجاہد ملت حضرت مولانا شاہ محمد اسمٰعیل شہید دہلویؒ پٹنہ تشریف لیگئے تو آپ وہاں موجود تھے اور کچھ دنوں الہ آباد کے مدرسہ میں علم تحصیل فرمایا اور بالآخر ۱۲۴۳ھ میں دہلی تشریف فرما ہوئے اور پنجابی کٹرہ جہاں سوداگروں کے مکان تھے جسکی وجہ سے پنجابی کٹرہ مشہور ہو گیا تھا۔ اور اسی کٹرہ میں نواب اورنگ آبادی بیگم جو اہلیہ محترمہ اورنگ زیب شاہ عالمگیر کی تھیں۔ ہوئے تھے نہایت متقی اور دلربا تری شکل سرخ کی مسجد بیگم صاحبہ موصوفہ نے تعمیر فرمائی تھی جسکا نقشہ مسجد آثار الصنادید مطبوعہ نقشہ ۱۳ صفحہ ۲۴

---

[۱] بعد ترجمہ قرآن مجید حدیث شریف کا درس گیارہ بجے تک ہوتا تھا اور بعد نماز ظہر فقہ کا سبق عصر تک ہوتا تھا اور بعد نماز عصر قرآن شریف کی تلاوت خصوصیت سے مغرب تک فرماتے تھے۔

باب سوم مصنفہ سرسید احمد خاں مرحوم و مغفور میں موجود ہے اُسی مسجد میں حضرت میاں صاحب تشریف فرما ہوئے - اور حضرت مولانا مولوی عبد الخالق صاحب جو آپ کے خسر تھے - آپ دونوں اُسی اورنگ آبادی بیگم کی مسجد میں درس و تدریس فرماتے رہے اور دن رات قال اللہ و قال الرسول کے ذکر خیر میں مشغول رہتے تھے - جہاں اب دہلی جنکشن اسٹیشن ہے - آپ کا نام نامی آفتاب کی طرح ابتک مشہور ہے اور حضرت مولانا شاہ محمد اسحاق صاحب نواسہ حضرت شاہ مولانا عبد العزیز قدس اللہ سرہ العزیز محدث دہلوی سے سند حدیث نبوی اور بیعت مسنونہ کی اجازت حاصل فرمائی جسکا شجرہ بیعت مطبوعہ روئداد چہار سالہ کتب خانہ نذیریہ عامہ صفحہ ۱۴۱ بابتہ جنوری ۱۹۳۲ء لغایت ستمبر ۱۹۳۲ء پر مرقوم ہے - تقریباً اسی سال تک درس و تدریس کی خدمت انجام فرمائی صدہا طلبا و علماء فیضیاب ہوئے - **حلیہ حضرت میاں صاحبؒ** :-

گندمی رنگ چھریرہ بدن - سفید لمبوتری ڈاڑھی - بڑی بڑی آنکھیں - سرو قد سرخ چارخانے لدھیانے کی بنی ہوئی پگڑی سر پر باندھتے تھے اور بہت مختصر پگڑی رہتی تھی - اور اسی طریقہ کی سرخ چارخانے کی لنگی اوڑھتے تھے - اور کبھی کبھی لنگی زرد زمین سرخ چارخانے کی اوڑھتے تھے - نین سکھ کا کرتہ عربی گریبان کا پہنا کرتے تھے جس میں گھنڈی تکمہ ہوتا تھا اور کبھی کبھی گریبان بھی کھلا رہتا تھا - اور نصف ساق کا پاجامہ اور جوتی زرد باناتی گول پنجے کی - ایڑی بیٹھی ہوئی استعمال کرتے تھے - اور عصا بھی ضعیفی کے باعث ہاتھ میں رکھتے تھے - عینک کبھی نہیں لگائی - ایک آنکھ کی روشنی آخر وقت تک رہی مورخہ ۱۰ رجب المرجب سنہ ۱۳۲۰ھ مطابق ۱۳ اکتوبر سنہ ۱۹۰۲ء بروز دوشنبہ مغرب و عشا کے درمیان بعمر ایکسو دس ۱۱۰ سال اس دار فانی سے رحلت فرمائی - اور اسی شب کو غسل دیکر آپ کا جنازہ مسجد حضرت میاں صاحب والی میں رکھ دیا گیا تھا - بعد نماز صبح جناب مولوی سید محمد عبد السلام صاحب مرحوم جو آپ کے بڑے پوتے تھے ترجمہ قرآن شریف سے فارغ ہو کر آپ کے جنازہ کو لیکر چلے اور آپ کے جنازہ میں دونوں طرف کندھا دینے کی غرض سے بڑے بڑے بانس لگا دیئے گئے تھے اور نماز جنازہ جم غفیر کے ساتھ عیدگاہ شاہی میں ہوئی اور آپ کے بڑے پوتے سید محمد عبد السلام صاحب مرحوم و مغفور نے نماز جنازہ پڑھائی - آپ کے جنازہ کے ساتھ بہت بڑا ہجوم تھا - اور بیرون ممالک سے بھی تعزیت کے بکثرت تار آئے ہجوم کی وجہ سے ہر شخص کو کندھا دینے کی سعادت حاصل نہ ہوتی تھی - اور ہر شخص کو کندھا دینے کا بیحد اشتیاق رہتا تھا -

باغ شیدی پورہ قبرستان قوم پنجابیان عقب عیدگاہ شاہی میں آپ کے مزار مبارک کا نشان ابتک موجود ہے آپ کے دائیں بازو آپ کی منجھلی پوتی والدہ سید محمد عبد الغفور صاحب ناظر و المطالعہ نذیریہ محترم سید محمد عبد الرؤف صاحب مہتمم کتب خانہ نذیریہ عامہ کا نشان مزار مبارک ہے جنہوں نے اپنے دادا مرحوم کی تاحیات خدمات سے دعائیں حاصل فرمائیں اور ان مرحومہ کی اولاد اور دیگر اعزا و اقارب کے مزارات اسی احاطہ نذیریہ میں ہیں اور آپ کی پائنتی آپ کے فرزند اکلوتے جناب مولوی سید محمد عبد السلام صاحب و جناب مولوی سید محمد ابو الحسن صاحب کے والد محترم حضرت مولوی سید محمد شریف حسین صاحب مرحوم و مغفور کا نشان مزار مبارک ابتک موجود ہے اور انکے مزار کے سرہانے گوندنی کا درخت ہے جنہوں نے آپ کی حیات مبارک میں سنہ ۱۳۰۴ ہجری میں رحلت

فرماتی تھی آپکے بعد مرحوم کے ہر دو صاحبزادے بدستور طلبا کی دینی خدمت فرماتے رہے جو اب تک درسگاہ پھاٹک حبش خان گلی ہینگا بیگ مسجد حضرت میاں صاحب کے نام نامی سے مشہور ہے اور الحمد للہ اب تک درس تدریس جاری ہے حضرت مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب کا بوجہ خیال تطویل مختصر حال حضرات معروین کیلئے لکھا گیا ہے جن صاحبوں کو اس علامہ دہر کے مفصل حالات دیکھنے کا شوق ہو وہ "الحیات بعد الممات" مصنفہ جناب مولوی فضل حسین صاحب مطبوعہ صوبہ بہار ملاحظہ فرمائیں نیا "دار الحکومت دہلی" مصنفہ جناب مولوی بشیر الدین احمد صاحب مرحوم و مغفور خلف الرشید شمس العلما حضرت مولانا مولوی حافظ محمد نذیر احمد صاحب (جلد دوم صفحہ ۲۵) اور "حسرت العالم بوفاۃ محدث العالم" باہتمام مولوی سید محمد عبد الرؤف صاحب نے طبع کرائی جو نواسے حضرت مولانا سید محمد شریف حسین صاحب ابن مولانا شیخ الکل حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور مختصر حالات روئداد چہار سالہ بابتہ ماہ جنوری ۱۹۳۲ء لغایت ستمبر ۱۹۳۷ء صفحہ ۳ پر درج ہیں۔ حضرات شائقین دار المطالعہ نذیریہ عامہ میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

المؤلفہ :-
عاجز سید محمد عبد الرؤف ناظم نذیریہ پبلک لائبریری پھاٹک حبش خان دہلی
و مینیجر :- تربیت گاہ بنات مسلمات مدرسہ نذیریہ پھاٹک حبش خان دہلی

اصل خط

شیخ الحدیث حضرت مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی کے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ برادرم میر توسل حسین سلمہ اللہ تعالی
بعد السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ واضح باد کہ از دیر خیر و عافیت
آن برادرم مع متعلقان بوضوح نہ پیوستہ از بجہت تردد و
تفکر لاحق حال بی ملال است لازم کہ از خوشنودی مزاج خود دار
مژدہ خیر خیر دیگر والسکان مسرور می نمودہ باشند کہ من وجہ
جمانیت حاصل شود و حال خود چہ نویسم کہ ضعف و ناتوانی و
دوران سر از بس غالب است تاہم ہمہ امور مرجوعہ حسن الوسع
سرانجام میدہم عاقبت ما و شما بخیر باد برب العباد و ہمہ
خورد و کلان درینجا بخیر است اند و ہدیہ تسلیم و سلام میرسانند
مقبول باد؟ و از ما و از دیگر خورد و کلان احباب را دعا و سلام
میرسانند زمان السلام خیر الختام

محمد نذیر حسین ۱۲۸۱

۵۸۶

فَأُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ أُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا

وہ جنت میں ان لوگوں کے ساتھ ہونگے جن کو اللہ تعالیٰ نے سرفراز کیا یعنی پیغمبر اور صدیق اور شہید اور نیکوں کے ساتھ اور ان لوگوں کا ساتھ اچھا ساتھ ہے

هو الرؤف

بزم اہلحدیث پھاٹک حبش خاں

مکاتیب نذیریہ

شمس العلماء شیخ الکل علامہ حضرت مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب

محدث دہلوی

در مطبع محبوب المطابع مطبوع گردید

سید المحدثین مولٰنا حافظ سید محمد عبدالسلام صاحب محدث خلف اکبر مولوی سید محمد شریف حسین صاحب دہلوی نے اپنے یہاں سے اور دیگر مقامات سے خطوں کی تلاش فرما کے نقل یا اصل بھیجی جس سے مجھے بہت مدد ملی بعدہٗ ان کے بھائی سراج العلماء والمفسرین مولٰنا الحاج عزیزی سید محمد ابوالحسن صاحب خلف اصغر مولوی محمد شریف حسین صاحب محدث سلمہٗ نبیرہ و جانشین حضرت میاں صاحب امام مجدد رحمہ نے نہایت گراں بہا اعانت کی کہ تدوین کے لئے متواتر تاکیدیں فرماتے رہے۔

میں ان تمام حضرات کا مخلصانہ عقیدت سے سپاسگزار ہوں اگر حضرات موصوف الصدر یا حضرت کے معتقدین و مسترشدین و خادمین میرے حال پر نوازش نہ فرماتے تو میں کسی طرح اس امر مہتم بالشان کا انصرام نہ کر سکتا مجھے جسقدر دشواری خطوط کے یکجا کرنے میں ہوئی اس کا بیان کرنا فضول ہے کیونکہ تالیف و تصنیف کے وقت کبھی آسانی سے سامان جمع نہیں ہو سکتا ہے۔

افسوس تو مجھے یہ ہے کہ حضرت شیخ رحمہ کی سوانح عمری کے ترتیب کے زمانہ میں میرے پاس معلی بالقابہ کے جس قدر مکاتیب تھے وہ **مظفر پور** بھیجدئے گئے تھے ان کی نقلیں میں نے رکھ لی تھیں وہ کچھ ایسے بدربط خط میں تھیں جن کو میں بمشکل پڑھ سکا اور پھر صاف کرایا جس میں بہت وقت ضائع ہوا۔

الحمدللہ ترتیب مناسب ہوگئی جس میں میں نے تکلف و تصنع کچھ نہیں کیا جیسے جیسے اصل یا نقل خطوط کی آتی گئیں ان کو صاف بخط ایقر آکرا کے واپس کرتا رہا۔ ان سب امور کے بعد اگر اپنے مکرم معظم قدردان حضرت مولٰنا حافظ **محمد عبداللہ** صاحب انصاری غازی پوری کا شکریہ ادا نہ کروں تو بے حد کفران نعمت ہے جنہوں نے نہایت اخلاص سے ان مکاتیب کو کئی مہینے اپنے پاس رکھ کر متواتر پڑھا اور بعد اطمینان کے مجھ سے فرمایا کہ اس کتاب کی اشاعت نفع اسلام ہے جس کا اجر اللہ تعالیٰ بخشیگا۔ اور ضرور ثواب ملیگا۔

لہ آہ معلی بالقابہ در مرض فالج بتاریخ ۳ محرم الحرام ۱۳۳۵ھ کو اس دار فانی سے رحلت فرمائی اور باغ سندی پورہ گورستان قوم پنجابیان عقب عیدگاہ شاہی احاطۂ نذیریہ میں مدفون ہیں۔

ٹلہ سید محمد ابوالحسن صاحب بواپسی حج الحرمین شریفین بتاریخ ۲۲ محرم الحرام ۱۳۴۹ھ جہاز میں انتقال فرمایا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مکاتیب نذیریہ شمس العلماء شیخ الکل علامہ حضرت مولٰنا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

نحمدہٗ ونستعینہٗ ونصلی ونسلم

تشکر بخدمت والا درجت احباب والا خطاب سلمہم ربہم

تدوین عالی صحائف اعلیٰ حضرت امیر المومنین فی الحدیث والتفسیر امام عصر مجدد مأتہ رابع عشر رضی اللہ عنہ (دہلوی) کا نہایت ہی محال تھا کیونکہ معلی بالقابہ کے در دولت پر کوئی دفتران مناشیر فیض مظہر کا مرتب نہیں کیا جاتا تھا اور نہ کوئی خلاصہ کسی کتاب میں لکھنے کا دستور تھا لہذا اقطار عالم سے فراہمی مکاتیب کے لئے التجا کی گئی میرے مکرم مولٰنا سید احمد حسین صاحب مدیر شحنۂ ہند میرٹھ نے میری درخواست نہایت شد و مد سے بفرط اتحاد شائع و ذائع فرمائی تو سب سے پہلے میرے مکرم دوست افضل المحدثین مجتہد مطلق مولٰنا محمد شمس الحق صاحب ڈیانوی (عظیم آبادی) نے میری ہمت کو بڑھا کے اپنے احباب و شناسا سے خطوط مانگے اور میرے پاس بھیجنے لگے پھر میرے مکرم معظم بھائی (رح) کے صاحبزادہ والا ارادہ

لہ حضرت سلالۃ الاولیاء زبدۃ الاصفیاء مولانا سید محمد شریف حسین صاحب خلف الرشید حضرت میاں صاحب امام مجدد رحمہما اللہ تعالیٰ ۱۲ عزیز وصال ۲ رجادی الثانی ۱۳۰۴ھ ۱۲ ۔ لہ روشن ۱۲ ۔ محمد شمس الحق صاحب ۔ لہ حضرت مولٰنا کا وصال حقیقی ۱۳۲۹ھ میں ہوا ۱۲ اللّٰہم اغفرہ

سہ شمس العلماء حضرت مولٰنا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رح

خطبہ (۱۸)

یا مستعان عونک ایاک نستعین

در پردہ نیست

سخنیکہ در گوش شنوا جا نگیرد دماغ نپذیرد۔ چیزیکہ دیدہ بینا دیدن نخواہد تازگی بینش نیفزاید اہل خرد گفتہ اند کلام سادہ نرم باید و آئین نگارش جاں گزا نباشد بلکہ دلربا و روح فزا بود و تحریریکہ ازیں بہرہ ندارد سودے نبخشد مطالب را بہ پیرایہ دراز مزور[1] آوردن متملقانہ روش است بلکہ سامع را طول کلام سے وبال دل جائے تیا بہ بنگرید در قرآن مجید کہ حضرت سلیمان علیہ السلام با لفاظ موجز دگر جامع (ملکہ بلقیس

خطبہ (۱۸)

اے مدد کرنیوالے تجھسے مدد چاہتا ہوں اعانت کیواسطے مخصوص تو ہی ہے۔

مشہور بات ہے

کہ جو بات کان میں نہیں سماتی ہے اسکو دماغ قبول نہیں کرتا ہے اور جو چیز آنکھوں میں نہیں سماتی ہے اس سے آنکھوں میں تازگی نہیں آتی ہے عقلمندوں نے کہا ہے کلام سیدھا سادہ نرم ہونا چاہیئے۔ لکھنے کا طرز پریشان کن نہو بلکہ دل پسند مسرت افزا ہو اور جو تحریر اس قسم کی نہو وہ فائدہ سے خالی ہوتی ہے مدعا کو طویل پیرایہ و خلاف واقعہ مضامین میں بیان کرنا خوشامدانہ روش بلکہ سننے والے کیواسطے طولانی مضمون سبب کلفت کا بن جاتا ہے اور دل مطمئن نہیں

[1] مزور ماخوذ از زور بالضم واو معروف بمعنی دردغ پس دریجا بمعنی دروغ گو مستعمل شد ۱۲ منتخب اللغات ۔ عزیز ۱۲

والیہ سبا را تلقین حق نوشتند اثرش چناں مترتب شد کہ بے تامل حاضر دربار سلیمانیہ گردید و ہرچہ بپیش آمد داستانگزاراں میدانند حضرت سرور کائنات مولانا و مولی الثقلین جد الحسین صلعم برائے دعوۃ اسلام عظما و مرزبانان گیتی را خواندہ بمضامین مختصر بلا تصنع و بے غلو تبلیغ ایمان فرمودند اثرش جذب مقناطیسی پیدا کرد کہ جوق جوق مردمان عرب و عجم پیش عتبۂ علیہ[1] سدۂ[2] سنیۂ[3] آمدہ کلمہ توحید میگفتند سپس وے جانشینان حضرۃ سلام علیہ ہمان شیوۂ مرضیہ ورزیدند فتوح متکاثرہ یافتہ بر اعلاء کلمۃ الحق فائز شدند بعد قرون خیر خلافت حقہ از دست رفتہ مملکت عضوض پیدا شد بادشاہان دنیادار بآمیزش عجمیان مزور تمایشش را پسندیدند زبان آوران ہم چاپلوسی و کاسہ لیسی آئین گرفتند جائزہ گراں یافتند الا طرز سلف صالح بباد دادہ خلف را بسیہ چال نکبت انداختند از ہمچنیں نگارشہا در ازو بے سود قوت سامع و بینا نیفزود البتہ دماغ باستعارات واہیہ و آوردہ مزخرفت فرسودگی فراوان و بے پایاں یافت۔ ارباب دین نیز برفتار زمانہ نظر کردہ بادل ناخواستہ و خاطر ناشاد ہماں روش ورزیدند و خامہ فرسائیہا بکار بردند جناب امام مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ ایا

ہوتا ہے قرآن مجید میں غور کریں کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے مختصر جامع الفاظ میں ملکہ بلقیس والیہ سبا کو دعوت حق کا خط لکھا اس کا اثر اس قدر ہوا کہ فوراً بالنفس نفیس خود حاضر دربار حضرت سلیمان علیہ السلام کے ہوئیں (اور طولانی مضمون کو موجودہ دور میں داستان گو کا قصہ تصور کرتے ہیں) ہمارے آقا جناب حضرت سردار موجودات و آقائے دوجہان حضرت امام حسن و حسین علیہما السلام کے نانا محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالی آپ پر رحمت نازل فرما دے انہوں نے جس وقت اسلام کی دعوت دی اور بڑے بڑے روسا و بادشاہوں کو اسلام کی طرف بلایا تو مضامین مختصر جس میں کچھ بناوٹ و بڑائی نہ تھی تبلیغ ایمان کی کی جس نے اثر مقناطیسی پیدا کیا کہ عرب و عجم کے لوگ جوق جوق حاضر دربار عالی ہو کر مقر کلمہ توحید ہوئے بعد اس کے وہی لوگ تھے اصحاب حضرت صلعم اللہ تعالی ان پر سلام و رحمت بھیجے وہی طریقہ پسندیدہ انہوں نے بھی اختیار فرمایا اور فتح کثیر حاصل کرکے اعلاء کلمۃ الحق پر کامیاب ہوئے بعد گذرنے زمانہ خیر و برکت کے حقیقی خلافت ہی ہاتھ سے گئی اور سلطنت جابرانہ ظاہر ہوئی دنیا دار بادشاہوں نے عجمیوں کے میل جول سے مکر و دلفریب باتوں کو پسند کیا مقرر و شاعروں نے خوشامدانہ طرز اختیار کرکے انعام و اکرام و خلعت بیش قیمت حاصل کیے لیکن روش اگلے بزرگان کا چھوڑ کر پچھلوں کو بدبختی کے جال

---

[1] عتبہ بفتحات چوب پائین در کہ پا بران مے نہند و بہندی دہلیز ۱۲ صراح و منتخب

[2] سدہ بضم و تشدید دال در عربی بمعنی آستانہ ۱۲ صراح۔

[3] سنیہ بفتح اول و کسر نون و یائے تحتانی مشدد بمعنی روشن و بلند ۱۲ منتخب

بسیار نزاد، بضمن اصلاح طرق درویشی و قلع و قمع بدعات شرعیہ نگارش را بنوع شائستہ رواج دادند الفاظ توصیفیہ و کلمات خوشامدانہ (قبلہ دوجہاں کعبہ زماں خداوند خدائیگاں فیضرساں عالم و عالمیاں ظہیر الاسلام رشک قاآنی غیرت خاقانی سرتاج اکاسرہ سردار قیاصرہ ولی نعمت و خدائے بر آسمان ست و شما خدائے بر زمین وغیرہ وغیرہ) را برانداختند مگر صرف بزمرۂ صلحا و درویشاں خدا آگاہ چندے رائج ماند باز ہماں آس در کاسہ آمد حضرۂ قدسی سیرۃ جامع شریعت و طریقت ناشر الوحیین مجمع الحسنین امیر المومنین فی الحدیث و التفسیر سیدنا و مقتدانا شیخنا و شیخ الکل فی الکل امام عصر مجدد مائۃ رابع عشر[1] از دین محمدیہ بدعات و مزخرفات را برآوردہ خدا پژوہاں و اللہ جویاں را بالطاف اشفاق کیش محمدیہ (علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) نواختہ از سیہ مغاک گمرہی برآوردند و از مائدۂ انعام محمدیہ بہرہا بخشیدند و مجددانہ احیا سنت و اماتت خرافات فرمودند اندر روبند گفتنی و نوشتنی را بطرز قرون ثلثہ مشہود بالخیر و القاب مناسب شائع و ذائع نمودہ منتہا بجہاں پیشینیاں و آیندگاں نہادند بندہ (کہ زلہ ربائے خواں

ہیں پھنسا گئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اس قسم کی عبث و طویل تحریر نہ بصیرت افزا نہ مفید قوت سامعہ ہوتی ہے ۔ ہاں دماغ واہیہ استعارات و خرافات باتوں سے تکان بیجا حاصل کرتا ہے دیندار لوگوں نے بھی زمانہ کی رفتار پر نظر کرکے طوعاً و کرہاً وہی طرز اختیار کئے و مضمون آرائی کرنے لگے جناب امام مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ خدا انکو بخشے انہوں نے فقیری کے اصلاح ورد بدعات شرعیہ کے ضمن میں طریق مناسب کے ساتھ تحریر کا بھی رواج دیا ۔ تعریف کے الفاظ و خوشامدانہ کلمات مانند (قبلہ دوجہان کعبہ زماں خداوند خدائیگان ۔ فیضرسان عالم و عالمیان ظہیر الاسلام رشک قاآنی غیرت خاقانی سرتاج اکاسرہ سردار قیاصرہ ولی نعمت و خدائے بر آسمان است و شما خدائے بر زمین وغیرہ وغیرہ) کو متروک کیا و کرایا ۔ مگر طبقہ صلحا و درویشوں میں صرف القاب خدا آگاہ تھوڑے زمانہ تک جاری رہا پھر وہی طریقہ سابق پلٹ آیا حضرت قدسی سیرت جامع شریعت و طریقت پھیلانیوالے قرآن پاک و حدیث شریف کے مجمع نیکی و دنیا و آخرت کے امیر المومنین حدیث و تفسیر ہمارے سردار و پیشوا شیخنا و شیخ الکل فی الکل امام زمانہ

---

[1] روشن ابی داؤد وغیرہا (کتب معتبرہ حدیث) وارد است إِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ لِهٰذِهِ الْأُمَّةِ عَلٰى كُلِّ رَأْسِ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُجَدِّدُ لَهَا أمرَ دینہا مراد از سر صدی باتفاق اہل حدیث آخر صدی ست و علامات و شرط مجدد اینست کہ وے عالم باشد بعلوم ظاہر و باطن و نفع از تدریس و تالیف و تذکیر او شائع باشد و در احیاء سنن و محو بدعات سرگرم بود و او آخر یکصدی و اول صدی دیگر است بہار علوم و شیوع انتفاع ازو باشد پس فضائل ستیہ اوصاف پیہ حضرت ناشر الوحیین امیر المومنین فی الحدیث مولانا السید محمد نذیر حسین رضی بآعلی صوت ندا میکند کہ وے رضی مجدد است نہ مجدد صدی بلکہ مجدد تمام صدی بلکہ تا اختتام ہزار است چرکہ جامع بین الحقیقت و الشریعت بود و علوم تفسیر (سیما کتاب و سنت) از ذات عالیش شیوع یافتہ و تصوفش کہ مغز احادیث رقاق و آیات ترہیب و ترغیب است روز دیگر پذیرفت و علماء حق و متصوفین برگزیدہ بر مجددیتش

حضور معلے بالقابہ است وازنعما لا احصیٰ و برکات لاانتہا بہرہ عطا شودہ اند) میخواست کہ طرز تحریر مبارک کریم صدہا سپاس الٰہی کہ ازیں دولت ہم حرمانے نداوند آرزو داشتم کہ بر بلیغ ہا رجلیلہ و مفاوضات رشتمشیہ آستانہ تجدید) راگرد آورم مشاغل خدمتم راخانہ برباد باد کہ از فقدان مہلت بر تہیہ و بسیج خویش کامیاب نشدم کوہ الام بسرم افتاد و برق تفرقہ خرمن جمعیتم را پاک بسوخت آہ کہ حضرۃ معلی بالقابہ را برائے وصال حقیقی سفر معنوی پیش آمد ؎

راہ چپ کردہ حریفانہ بہار از چینم غنچہ من ماندم و ہنگام شگفتن بگزشت

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ از برادران طریقہ ام انبوہے بنگارش سوانح عمری معزی الیہ وجوقے بتدوین فتاوی شریف دبرخے بگرد آوری تصنیف منیف شتافتہ ہمگنان فرا خورحال خود بامورِ مہتم بالشان پرداختند من آسیمہ سر راکہ از صدمات ہجران زیارۃ صوری و مصائب فراق دیدار مجازی شیخ عالی شان اَسْکَنَہُ اللّٰہُ فِی الْجِنَانِ جگر خستگی و دل رمیدگی افزوں بر افزوں دارم، تشتت[1] بال سدِّ راہم شد فلہذا حریاں را بجسم خود بیروں از شمایا فتم یاراں ہم مشرب (کثرھم اللہ وسعیھم مشکور) رنجوری وار فتگیم را

کے مجدد جو دہویں صدی نے خرافات باتوں وبدعات مذمومہ کو دین محمدیہ سے نکال دیا اللہ سے لو لگانیوالے وطالب خدا کو خلق و سیرت وعادت محمدیہ سکھا کر گمراہی کے گڑھے تاریک سے باہر لایا اور خوان نعمت محمدیہ سے بہت حصہ مرحمت فرمایا و مجددانہ طریق پر احیا سنت ومٹانا واہیات وخرافات کا کیا وپند و نصائح بذریعہ تقریر وتحریر کے مثل قرون ثلثہ مشہود بالخیر کے والقاب مناسب کو شائع ومشہور کرکے احسانات جان پر پچھلوں وآنیوالوں کے رکھا اس عاجز نے کہ پس خوردہ حاصل کرنیوالا خوانچہ حضور معلے القاب کا ہے نعمتیں وبرکتیں بیحد وبے شمار سے سرفراز فرمایا ہے) چاہا کہ طریقہ مبارک حاصل کروں اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس دولت سے بھی محروم نہ رہا تمنا رکھتا تھا کہ فراین وخطوط (آستانہ سے چلے ہوئے) کو جمع کروں مشغولیت کا گھر برباد ہو کہ باعث عدیم الفرصتی کے اپنے ارادہ پر کامیاب نہوا رنج وغم کا پہاڑ سر پر ٹوٹا جدائی ومفارقت کی بجلی نے میرے جمعیت کے کھلیان کو بالکل جلا دیا افسوس کہ حضرت معلی القاب کو سفر آخرت پیش آیا ؎

راہ چپ کردہ حریفانہ بہار از چینم غنچہ من ماندم و ہنگام شگفتن بگزشت

الٰہی بخشدے میرے برادران طریقہ کی ایک جماعت لکھنے

(بقیہ صفحہ گزشتہ) شہادت دادہ اند وہرچہ مصائب کہ بجناب شیخ مجدد الف ثانی رضؓ و دیگر ائمہ رضؓ پیش آمد بآنحضرت ہم رسید مثلاً حبس و حوالات، و تہمت آمیزش بغاوت انگریزاں سلطنت ہم نصیب گردیدہ بود الحمد للہ کہ بعد تفحص وتحقیق ضابطہ از حوالات (محبس) ولندی خلاص یافتند سپس او بہکہ معتقد حضرات مخالفین الزام اعتزال وترک تقلید وکفر وغیرہ وغیرہ برانگیختند الابعد یکشب از بنگاہ شریف صاحب مکرہی تصوری ثابت شدہ از نظربندی جدا شدہ بودند ۱۲ اشاعة السنة الحیوة بعد الممات

[1] تشتت بفتح اول ودتائے فوقانی مشددہ ومضموم وبعدہ باز فوقانی پراگندہ شدن وپریشانی ۱۲ کنز ومنتخب وغیاث اللغات۔ ۱۲

تسلیہ خویش در ما تہا عطا کردہ آرمیدگی بخشیدند
و یراں آوردند کہ عاجلانہ کمر ہمت بستہ بتدوین مفاوضات
شیخ جنت مکان ذخیرہ حسنات اندوزم ورہ آوردی
باحیار واصدقا رسیارم احباب عالی مقدار در فراہمی
سامان تدوین مرا گرانبار احسان نمودہ از اقطار ہند، دو دیگر بلاد و
ماورار ہند) پر تیغ ہا، بالسنہ تازی و پارسی و ریختہ (اردو)
بدست آوردہ بمن رسانیدند کہ تکاپوے محبانہ را سپاس
گزار ہستم چنانچہ این بخش نخستین است و تاریخ آغاز تدوینش
شمس الفیوض و انجامش را۔ مفاوضات [۱۳۲۸ھ]۔ افاضت ولی [۱۳۲۸ھ]
خورشید معروف [۱۳۲۷] بر لیغ جلیلہ است امید کہ فارسی پسنداں
و ریختہ نگاراں را بصیرتے خواہد بخشید [۱۳۲۸ھ] و اگر حیات مستعار
جواب نداد بندہ حقیر بخش دوم بلسان عربیہ پیش خواہد گردانید
انشاء اللہ تعالیٰ از بخشایش بخشندہ حقیقی و بنگری بیچوں و بیچگوں

چہ شرح دہم کہ از من فاقد البصیرۃ و لاشی فی الحقیقت پامال
یاس و حرماں مضمحل و پریشاں نقد جمعیت بباد دادہ بیکس از سر
افتادہ اینچنیں کار دشوار و امر محال انجام نپذیرفتہ۔ خدایا
بندہ ستہام را آمرزشے بدہ و پروردگارم مرہمے بہ معاصیم
بذیل عفو بپوش و پوزشم بپذیر افتادہ خویش را دستگیر د
بحالت احتضار از لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلعم زبانم را
شرفے عطا بفرما آمین ثم آمین۔

ہیں سوانح عمری حضرت ممدوح کے اور ایک پارٹی جمع کرنے
میں فتاوی شریف کے اور کچھ دوسرے حضرات جمع کرنے میں
تصنیف عالی کے دوڑے الغرض سبھوں نے اپنے حسب
حال کام جلیل القدر اختیار کیا مجھ پریشان حال کو کہ صدمہ
سے محرومی زیارت و مفارقت دیدار کے شیخ عالی شان
اَسْکَنَہُ اللّٰہُ فِی الْجِنَانِ کے اس درجہ خستہ جگری و پریشانی
دل لاحق حال ہوئی کہ دل قابو میں نہ رہا آخر پراگندگی دل
مزاحم راہ کی ہوئی اسلئے بد نصیبی کا حصہ اپنے واسطے زائد
حساب و شمار سے پایا یاران طریقت (اللہ تعالیٰ ان کو بڑھائے
اور کوشش کو ان کی قبول کرے) میرے مرض اضطرار د
اپنے تسلی دل کے واسطے دوا مہیا کر کے راحت بخش ہوئے
اور مجھے اس بات پر آمادہ کیا کہ جلد کمر ہمت باندھ کر جمع کرنے
میں خطوط شیخ (جنت مکان) کے ذخیرہ نیکیوں کا جمع
کروں اور سرانجام کار دوستوں کے سپرد کروں دوستان
عالی مراتب نے جمع کرنے میں سامان تالیف کے مجھے گراں
بار احسان کا فرمایا اور اطراف ہند اور سوائے ہند کے
دوسرے شہروں سے خطوط فارسی و اردو زبان میں مہیا
کر کے مجھ عاجز تک پہنچائے ہیں دوستوں کی دوڑ دھوپ
کا بہت شکر گزار ہوں۔ چنانچہ یہ پہلا حصہ ہے۔
شروع تدوین و تالیف کی تاریخ شمس الفیوض ہے [۱۳۲۷ھ] اور
اُس کے انتہا و ختم کی تاریخ مفاوضات [۱۳۲۸ھ]۔ افاضت ولی [۱۳۲۸ھ]۔ خورشید معروف
پر لیغ جلیلہ ہے [۱۳۲۸ھ]۔ اُمید ہے کہ تحریر فارسی کے پسند کرنے والے
و اُردو لکھنے والے کو فائدہ معتدبہ ہوگا۔ اگر حیات مستعار
نے وفا کی تو یہ عاجز دوسرا حصہ بھی جو زبان عربی پر شامل
ہے ہدیہ ناظرین کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ لطف و بخشش کا

مالک لاریب سے کیا شرح کروں کہ مجھ بے بصیرت وبے حقیقت مبتلا نا امیدی وبے نصیبی وضعف وپریشانی ولجعی کا نقد ہاتھ سے گیا ہوا بے یار مددگار اس قسم کا کام دشوار بلکہ محال پایہ انجام کو پہونچا آئے خدا بندہ مضطر وپریشان کو بخش اور اسکے زخم پر مرہم رکھ اور اسکے گناہ کو دامن عفو سے چھپا اسکے عذر کو قبول کر اپنے در پر پڑے ہوئے کی دستگیری کر اور موت کیوقت کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ سے زبان کو عزت عطا فرما۔ آمین ثم آمین۔

الملتمس:۔ خادم قوم

حمید عزیز رضوی

۲۱ رذی الحجہ المکرم ۱۳۲۸ھ ہجریہ مصادف ۲۴ ردسمبر ۱۹۱۰ء میلادیہ

مقام:۔ صمدن ضیعت من الحزن و المحن مضاف فرخ آباد

الملتمس:۔

خادم قوم

حمید عزیز رضوی

۲۱ رذی الحجہ المکرم ۱۳۲۸ھ ہجریہ مصادف ۲۴ ردسمبر ۱۹۱۰ء میلادیہ

مقام:۔ صمدن ضیعت من الحزن والمحن مضاف فرخ آباد

مکتوب اوّل

در اعلان اسلام تشویش نباید نمود

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت عالی لالہ منشی گوبند پرشاد صاحب واضح باد خدا تعالیٰ نعمت اسلام روز افزوں روزی کنا د اخلاص نامہ رسید در اعلان اسلام خود تشویشے کہ نوشتہ اند بالکل ضعیف حجت است خدائے تعالیٰ از شادی دختران فراغے خواہد داد ہموارہ بتوحید و رسالت محمدیہ اقرار بزبان و تصدیق بقلب میکردہ باشند و از نماز و روزہ و سائر عبادات گاہے تغافل بمیان نیاید مجی مولوی شیخ عبداللہ صاحب تلقینے کہ فرمودہ اند بسا مستحسن است اے برادر زندگی فانی است و بقا برائے معبود است عبادات سرمایہ حسنات است ہموارہ در انہماکش کوشند و زود باعلان اسلام توجہ بلیغ بکار برند اگرچہ مسلم و مومن ہستند فامّا از حلق محاسن و لباس کفار اجتناب نمی کنند حالانکہ مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ مشہور است وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى۔ المرقوم ۱۲ رجب المرجب ۱۲۶۹ھ از دہلی

مکتوب دویم

مسرت اعلان اسلام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پہلا خط

اسلام کے اشتہار میں تردد نکرنا چاہیے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین کی طرف سے لالہ منشی گوبند پرشاد صاحب کی خدمت میں واضح ہو اللہ تعالیٰ آپکو اسلام کی نعمت زیادہ عنایت کرے خط آپ کا ملا اپنے اسلام کے اظہار میں جو تردد کہ تحریر میں لائے ہو سراسر کمزور دلیل ہے اللہ تعالیٰ لڑکیوں کی شادی سے فراغت دے گا توحید و رسالت محمدیہ کا اقرار ہمیشہ زبان سے اور تصدیق دل سے کرتے رہیں اور نماز و روزہ و کل عبادات میں سستی نہ آنے دیں میرے دوست مولوی شیخ عبداللہ صاحب نے جو تعلیم کہ آپ کو دی ہے بہت بہتر تعلیم ہے بھائی انسان کی زندگی فنا ہونیوالی ہے اللہ ہی کیواسطے بقا ہے اللہ کی بندگی مال و دولت ہے اسی میں سرگرم رہیں اور جلد اسلام کے اعلان میں پوری سعی کام میں لائیں اگرچہ حقیقت میں مسلم و مومن ہیں لیکن شعار و علامت اسلام مونچھ ڈاڑھی کو مونڈاتے ہیں اور لباس کفار سے پرہیز نہیں کرتے ہیں حالانکہ مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ مشہور بات ہے سلامتی ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی مورخہ ۲۲ رجب المرجب ۱۲۶۹ھ ہجری۔ از دہلی

دوسرا خط

اعلان اسلام کی خوشی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت گرامی منشی گیا دین سنگه
صاحب ـ بعد السلام علیکم ـ واضح باد عنایت نامه رسید
بدریافت خیریت اطمینانے یافتم از اعلان اسلام ایشاں
مسرتیکه دست داد خدا داند بپیش من زود بیائید و در اینجا
درس کتاب وسنت بگیرید چه که ماشاء اللہ تعالیٰ در نحو بصیرت
معقول میدارند و جانب کتب ادب ہم میلے دارند درین مدرسه
آنہم ممکن است اے برادر نام خود را ترمیم کنید (بدانید که گیا
دین می نویسند) ہرگاه که دین برفت چه باقی ماند۔
بدانست بنده بشیر الدین خاں بسیار خوب ست آنکه در کاغذات
سرکاری ضلع میرٹھ نام ہندی است بشیر الدین خاں عرف
گیا دین سنگه باید نوشت چونکه مجرد ہستند نکاح
ضرور باید نمود بخدمت مولوی رحمت اللہ صاحب نوشته ام
تدبیر مناسب خواہند کرد برائے بیعت من نوشته اند
بسیار بهتر است اے برادر بیعت حقیقی و خالص آن بود که
ہنگام قبول اسلام اقرار بجناب احدیت نمودند ماشاء اللہ از
ارکان اسلام بیامن توجه مولوی صاحب ممدوح آگاہی
میدارند الا بر من فقیر فرض است که تلقین اقرار توحید و رسالت
محمدیه کنم وقتیکه تشریف خواہند آورد بمواجه ہرچه میدانم پیش
خواہم کرد آنکه عمامه من طلبیده اند برادرم اینہمه از فضولیات
است مگر بخیل نزد من مخصوص ترین آلہند عمامه که مستعمل دارم میفرستم بسیار بوسیده است
اگرچه صاف وشسته است قبول بفرمایند و دائماً از خیریت
خود مرا آگاہی میداده باشند و ہرگز از ضرر وزید نترسند قانون
انگریزی کسی را از ارث محروم نکرده است بر مواضع واملاک
موروثی خود قبضه میداشته باشند بدرگاه خدائے
تعالیٰ دعا میکنم که ایشاں را از ضرر حسّاد و معاندین مصون دارد

عاجز محمد نذیر حسین جناب منشی گیا دین صاحب
کی خدمت میں السلام علیکم کے بعد واضح ہو آپ کا خط پہونچا
خیریت معلوم کرنے سے تشفی خاطر ہوئی آپ کے اعلان اسلام
سے جس قدر کہ مجھے خوشی ہوئی ہے اللہ ہی کو علم ہے میرے
پاس جلد تشریف لائیے اور یہاں آکر سبق کتاب وسنت کا
لیجئے کیونکہ آپ ماشاء اللہ تعالیٰ نحو میں کافی معلومات رکھتے
ہیں علم ادب میں بھی درک ہے اس مدرسہ میں سب ہی قسم کی تعلیم ہے
اے بھائی اپنا نام پلٹو واضح ہو کہ آپ گیا دین لکھتے ہیں جبکہ دین چلا
گیا تو پھر باقی کیا رہا۔ میرے علم میں بشیر الدین خاں نام
رکھنا بہت مناسب ہے چونکہ سرکاری کاغذات ضلع میرٹھ
میں پہلا نام درج ہے تو بشیر الدین خاں عرف گیا دین سنگھ
لکھنا چاہئیے چونکہ آپ اکیلے ہیں نکاح ضرور کرنا چاہئیے۔
مولوی رحمت اللہ صاحب کو لکھ چکا ہوں انتظام معقول کرینگے
آپ نے بیعت کے بارے میں لکھا ہے بہت اچھی بات ہے
بھائی اصلی وخالص بیعت وہی تھی کہ قبول اسلام کیوقت
دربارہ وحدہ لاشریک لہ میں اقرار زبان ودل سے کیا ماشاء اللہ
برکت توجہ سے مولوی صاحب ممدوح کے ارکان اسلام سے
خبر رکھتے ہیں مگر مجھ فقیر پر یہی فرض ہے کہ جدید اقرار توحید
ورسالت محمدیہ کا کراؤں جسوقت تشریف لائیں گے جو کچھ
جانتا ہوں وہ روبرو پیش کروں گا آپ نے میرا عمامہ طلب کیا ہے
میرے بھائی یہ سب فضول بات ہے کہنہ عمامہ میرے
پاس ہے بھیجتا ہوں قبول فرمائیں اور خیریت سے اپنی ہمیشہ آگاہ
کرتے رہیں اور ہرگز کسی سے خوف نہ کریں انگریزی قانون کسی کو ارث
سے محروم نہیں کرتا ہے مواضعات وملکیت موروثی پر اپنا قبضہ رکھیں
اللہ تعالیٰ کی درگاہ میں دعا کرتا ہوں کہ حاسدان ودشمنان کے شر سے

انشاء اللہ تعالیٰ بدیگر اوقات چیزے ہم خواہم نوشت۔
المرقوم ۴؍ ذی الحجہ ۱۲۶۹ھ ہجریہ از دہلی

آپکو حفاظت و امن میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ پھر کسی وقت تحریر کرونگا
مرقومہ ۴؍ ذوالحجہ ۱۲۶۹ھ ہجریہ از دہلی

مکتوب سوئم ۳

آمادگی برائے مناظرہ درباب تثلیث

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت مسٹر ولیم صاحب واضح ہو کہ آپ کا خط پہونچا تثلیث کے بارہ میں آپ کو مجھ سے مناظرہ کرنا منظور ہے تو مجھے بھی کوئی تامل نہیں ہے مسجد بھی موجود ہے تشریف لائیے مگر اسلامی طریقہ سے اندر مسجد کے جوتا نہ جائیگا۔ فرش پر دوزانو مثل بندگان خدا کے نشست فرمائیے میرے لئے بوریا کافی ہے۔ اور یہ بھی خیال رہے کہ خلاف تہذیب کوئی کلمہ کسی اکابر کی شان میں زبان سے نہ نکالا جائے اور جس قدر آپ کے ساتھ صاحبان تشریف لائیں وہ سب مہذب و متین مزاج ہوں غصہ ور نہوں ورنہ ہنود کے نزدیک ایک سبکی ہوگی کہ اہل کتاب کے درمیان ایسی بے لطفی ہوگئی۔ میں کسی کو مسلمانوں میں سے نہ بلاؤنگا جو حاضر وقت ہوگا۔ وہ موجود رہے گا۔ آپ صاحبان کے لئے شربت و شیرینی وغیرہ کہ موجود رہیگا۔ مگر وقت اسکے لئے صبح کا نہایت مناسب ہوگا۔ ۱۷؍ جمادی الآخر ۱۲۷۰ھ

مسجد دہلی متصل پھاٹک گلی ہیبنا بیگ پھاٹک حبش خاں متولی حاجی زکریا صاحب کی ہے

(نوٹ) مسٹر ولیم دہلی کے مشہور پادری تھے اور عیسائیت کے مناظر تھے ۔ ۱۲

مکتوب چہارم ۴

با ستدعائے تحکم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

چوتھا خط ۴

قرار دیا جانا حکم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامدًا و مصلیًا مسلمًا

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت مولانا بالفضل و اولنا مولوی محمد سعد اللہ صاحب دامت حسناتکم بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ معروض باد کہ دریں ولا مردمان مقابلیں ما میگویند کہ مولوی ارشاد حسین صاحب رامپوری جواب ناصواب معیار الحق بمدت شش سال تحریر کردہ اند و باز از طرف شما (یعنی اس عاجز) جوابش نوشتہ خواہد شد پس درہمیں تسلسل جوابات مرۃ بعد اخری عمر ما منقضی شود اندریں معنی احسن و اولی آنست کہ از مولوی صاحب موصوف محرر رسالہ در فرض و واجب بودن تقلید شخصی گفتگو نماید کہ ایں مسئلہ مبحوث عنہا طے شود و تصفیہ یابد بنا بران گفتم مضائقہ نیست لیکن حکم منصف مزاج (کہ بر دلائل شرعیہ در مسئلہ متعلقہ ید طولی داشتہ باشد و نظر بر اقوال مجتہدین سابقین و علماء لاحقین دارد) پر ضرور است کہ دلائل مثبتین قائلین بفرضیت و وجوب اثر او سند منع مانعین را ملاحظہ فرمودہ کار تحکیم فرمایند و احد الطرفین را الزام دہند لہذا بعد مشورہ چناں قرار یافتہ کہ عالم جامع العلوم جناب مفتی محمد سعد اللہ صاحب سلمہ ربہ ہستند ہمیں جامع کمالات را حکم و منصف قرار دادہ از وشاں التماس نمایند کہ درمیان فریقین منصف بودہ احقاق حق مطابق ادلہ شرعیہ فرمایند لہذا مکلف خدمت عالی میشوم کہ حسبۃ للہ و شفقۃ علی خلق اللہ ملتمس مرا مقرون باجابت فرمودہ قدم رنجہ فرمایند کہ خرچ سواری آمد و رفت ارسال داشتہ شود تا اینجا تشریف آرند و الا اظہار حق ممکن نیست چہ دیگراں دریں باب مہارت تام

حامدًا و مصلیًا مسلمًا

عاجز محمد نذیر حسین - جناب مولانا کی خدمت میں جو کہ فضیلت میں مجھ سے بہت بہتر ہیں جناب مولوی سعد اللہ صاحب نیکیوں پر اللہ تعالیٰ آپکو قائم رکھے۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے بعد واضح ہو آجکل میرے مقابل کے لوگ کہتے ہیں کہ مولوی ارشاد حسین صاحب رامپوری نے عرصہ چھ سال میں جواب غیر مناسب معیار الحق کا تحریر فرمایا پھر اس عاجز کیطرف سے جواب لکھا جائیگا تو اسی تسلسل جوابات میں عمر تمام ہوجائیگی اور حل مطلب نہوگا اس سے عمدہ صورت یہ ہے کہ مولوی صاحب موصوف سے خود مصنف معیار تقلید شخصی کے فرض و واجب ہونے میں گفتگو کریں تاکہ مسئلہ متنازعہ طے پاجائے اس پر میں نے کہا کوئی مضائقہ نہیں ہے لیکن ایک حکم منصف مزاج ہونا چاہیئے کہ جس کو دلائل شرعیہ پر مہارت کامل اور اقوال مجتہدین اولین و علماء متاخرین پر نظر وسیع ہو کہ فرضیت اور وجوب کے ماننے والوں کی دلیل اور منع کرنے والوں کی سند پر اچھی طرح غور و فکر کرکے حکم کا کام انجام دے اور فریقین میں سے کسی ایک کو مورد الزام بنائے اس لیئے بعد مشورہ کے قرار پایا ہے کہ عالم جامع علوم جناب مفتی سعد اللہ صاحب ہیں ایسے ہی شخص جامع کمالات کو حکم و منصف بناکر اُن سے سائل ہوں کہ ہر دو فریق کے درمیان منصف بنکر مطابق ادلہ شرعیہ کے اظہار و اثبات حق فرمادیں اسلیے مکلف خدمت والا ہوں کہ اللہ کے واسطے اور خلق خدا پر رحم کرتے ہوئے میرے التماس کو درجہ قبولیت کا دیکر یہاں قدم رنجہ فرمادیں کہ خرچ آمد و رفت کا روانہ کیا جائے

ندارند کہ افراط تفریط فریقین را ہدایت فرمایند
لہذا عرض رسان است کہ التماس
مرا قبول فرمودہ از جواب باصواب مسرور
وکامیاب خواہند فرمود والسلام مع الاکرام
خیر الختام۔

مکتوب پنجم

در احقاق حق جبن نامردی از موحدین نمے آید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بگرامی خدمت مولانا مفتی محمد سعد اللہ
صاحب رامپوری سلمہ اللہ تعالیٰ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
واضح باد نامہ گرامی رسیدہ انتظارم را رفع کرد فی الواقع از
عدم ایراد محبت نامہ جات خلجانے بود الحمد للہ کہ اطمینان
شد بیشک منصب افتا و تعلق ریاست از بس نازک است
فقدان فرصت بنگارش جواب نوشتہ اند بجاست (مولٰنا)
راہ سد او را تقلید میسر ندو خون تحقیق میریزد ماشاء اللہ دیدہ
منصفت دارید بصرہ از بصیر مناسب بشود کور را در روز روشن
از چراغہا سودے بر نمی خیزد مرا کہ جلشانہ در اشاعت
توحید واذاعت قرآن و حدیث مامور کردہ است از لوم
لائم خوف نیست دیدہ بینا دارم حاجت عصا و رفیق
(قائد) نیست سر بکف ہستم اگر نذرم قبول شد عاقبت
بخیر بود علماء آنجا و دیوبند و تمام ہند ہمگنان ساعی
ذنگا بو کردہ جواب تالیف بندہ نویسند بندہ فقیر آمادہ
است کہ جواب مسکت ہر دفعہ خواہد داد انشاء اللہ تعالےٰ

جب تک آپ یہاں تشریف نہیں لائیں گے اظہار حق کا
ممکن نہیں ہے کیونکہ اور لوگوں میں ایسی قابلیت نہیں ہے کہ زیادتی
فریقین پر نکتہ چینی کر کے راہ ہدایت کی بتائیں اس لئے
عرض ہے کہ میرے التماس کو قبول فرما کر جواب احسن سے
محظوظ و شاد کریں والسلام مع الاکرام خیر الختام۔

پانچواں خط

اثبات حق کے لئے کوشش چاہیے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین * * * * بگرامی خدمت میں مولانا مفتی
سعد اللہ صاحب رامپوری اللہ تعالیٰ سلامت رکھے سلام
علیکم ورحمۃ اللہ کے بعد واضح ہو آپ کا خط وصول ہو کر میرے
انتظار کو رفع کیا حقیقت میں جناب کے عدم وصول خط سے تردد
تھا اللہ کا شکر ہے کہ اطمینان ہوا اس میں کوئی شک نہیں کہ قضا
کا منصب اور ریاست کا تعلق بہت نازک معاملہ ہے
عذر عدیم الفرصتی کا جو آپ نے تحریر فرمایا ہے بالکل درست
ہے (مولٰنا) سید ھی راہ کو موسوم تقلید سے کر کے تحقیق کا خون بہاتے
ہیں ماشاء اللہ آپ آنکھ انصاف کی رکھتے ہیں جانچ و پرکھ آنکھ والوں
سے صحیح ہو سکتی ہے نابینا کو روشنی میں چراغ سے کیا فائدہ پہونچ سکتا
ہے اللہ تعالیٰ جلشانہ نے مجھ کو توحید پھیلانے و قرآن وحدیث کے
اشاعت میں مامور کیا ہے ملامت کرنیوالے کی ملامت سے کچھ
خوف نہیں کرتا بینائی کی آنکھ رکھتا ہوں کسی کے رفاقت
و سہارے کی حاجت نہیں ہے ہتھیلی پر سر رکھتا ہوں اگر
میری نذر قبول ہو گئی تو زہے نصیب اس طرف اور دیوبند

پیا نخواہم بود علماء کہ جواب معیار الحق متعدد نگاشتند
مگر مفتی صاحب خوب پندارند کہ جواب کتاب من نیست
فضول خامہ فرسائیہا و ضائع سوزیہا بکار بردند بعض
احباب وتلامذہ فقیر قلم برداشتند ہمہ را تشفی دادم
کہ نوشتن چہ سود وقتیکہ جواب معیار الحق خواہد رسید
آگاہی دادہ خواہد شد امید کہ بحالت اطمینان گاہ گاہے
از صحتوری مزاج شریف مع عیال اطلاع میدادہ
باشند۔ والسلام خیر الختام۔

اور ہند کے عالموں نے دوڑ دھوپ اور کوشش کر کے میری تالیف کا جواب لکھا
بندہ فقیر تو مستعد ہے کہ ہر مرتبہ جواب مسکت دیا کرے خدا نے چاہا تو پسپائی
نہیں ہوگی مولویوں نے متعدد جوابات معیار الحق کے تحریر کیے مگر آپ
یقین کریں کہ میری کتاب کا جواب نہیں ہے بیکار تضیع اوقات اور دماغ سوزی
کی فقیر کے بعض دوست وتلامذہ نے قلم اٹھایا کہ جواب لکھیں سبھوں کو
میں نے منع کیا کہ جواب لکھنے سے کیا فائدہ جسوقت معیار الحق کا جواب آئیگا
خبر کر دوں گا امید کہ خالی وقت میں کبھی کبھی خیریت مزاج مبارک سے
اپنے و متعلقین کے مطلع فرماتے رہیں والسلام خیر الختام

معیار الحق رد تقلید میں تصنیف حضرت میاں صاحب کی ہے جو کتبخانہ نذیریہ عامہ میں موجود ہے جو صاحب چاہیں مطالعہ فرما سکتے ہیں اور اسکا جواب الجواب بھی دار المطالعہ نذیریہ عامہ میں موجود ہے حضرات شائقین ہر قوم وملت مطالعہ فرما سکتے ہیں فقط۔ سید محمد عبد الرؤف عفی عنہ

مکتوب ششم ۶

تحقیق میل برائے نماز قصر بحالت سفر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین عفی عنہ بمطالعہ مشفق مہربان سید عبد الرزاق سلمہ اللہ تعالی السلام
علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ظاہر ہو کہ تم نے اپنے خط میں جو حدیث بلوغ المرام کی عن[1] انس رض قال
کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اذا خرج مسیرۃ ثلثۃ امیال او ثلثۃ
فراسخ صلی رکعتین رواہ مسلم۔ نقل کی اور امیال وفراسخ کو دریافت کیا ہے
کتب احادیث مثل فتح الباری شرح بخاری واشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ
ونووی شرح مسلم ومظاہر حق وغیرہ سے ثابت ہوا ہے کہ میل چھ ہزار ہاتھ کا ہوتا ہے
اور نیز چار ہزار ہاتھ اور تین ہزار ہاتھ کا بھی ہوتا ہے۔ اور ذراع (یعنی گز)

[1] روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب تین میل یا تین فرسخ سفر کرتے تو دو رکعت نماز ادا کرتے مسلم نے روایت کی ۱۲

چوبیس[۲۴] انگل کا ہوتا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ بارہ ہزار قدم آدمی کا کوس ہوتا ہے (جیساکہ اشعۃ اللمعات میں فتح الباری شرح صحیح بخاری سے منقول ہے) و المیل[۱] ستۃ الاف ذراع والذراع عشرون اصبعًا معترضۃ معتدلۃ والاصبع ستۃ شعیرات معترضات معتدلات کذا فی النووی شرح المسلم اور ایک فرسخ[۲] تین کوس کا فاصلہ ہوتا ہے جیساکہ اشعۃ اللمعات میں ہے اور ایسا ہی فتح الباری میں نقل ہے اور انگریزی[۳] میل کا حساب معلوم نہیں ہے کہ وہ کس قدر ہوتا ہے کسی انگریزی پیمایش داں سے دریافت کرلینا چاہئے والسلام۔

سوال[۴]۔ متبنّیٰ مثل حقیقی اولاد کے ہے کہ نہیں اور متبنّیٰ کرنے والا بھی باپ اصلی سمجھا جائے گا (۲) اور متبنّیٰ مستحق میراث ہے یا نہیں۔؟

جواب۔ معلوم کرنا چاہئے کہ شرعًا متبنّیٰ حکم حقیقی اولاد کا نہیں رکھتا ہے۔ اور نیز متبنّیٰ کرنے والا شرعًا حکم حقیقی باپ کا نہیں رکھتا ہے وہ محض اجنبی ہوتا ہے۔ اسی سبب سے متبنّیٰ استحقاق میراث کا نہیں رکھتا ہے۔ ویستحق الارث برحم ونکاح صحیح کذا فی الدر المختار مترتب علی

---

[۱] میل چھ ہزار گز کا ہوتا ہے اور گز بیس انگلی معتدل کے برابر دنہ چکلی ہو نہ پتلی، اور انگلی چھ جو درمیانہ کے برابر ہوتی ہے اسی طرح نودی شرح مسلم میں ہے۔
[۲] فقہ شافعی میں سولہ فراسخ یعنی ۴۸ میل کے سفر پر قصر نماز ہے میل بکسر فارسی است یعنی آنچہ بر سرہ کشند و منارکہ بجہت علامت فرسنگ در راہ سازند یعنی کروہ وآں چار ہزار ذراع است وہر ذراع بست و چہار انگشت (از منتخب) وصاحب صراح دیوسف بن نافع چنیں آوردہ کہ میل چہار ہزار قدم باشد و میل یعنی میخ آہنی یا مسی کہ بر سرگنبد نصب کنند و در بہار عجم آوردہ کہ میل ثلث فرسنگ است کہ آنرا کروہ گویند چوں بر سر ہر کروہ بے علامت برائے تمام شدن کروہ بصورت میل ساختہ باشد مجازًا آں مسافت را نیز میل گفتہ اند ۱۲ منہ [۳] بحساب انگریزی ایک میل سترہ سو ساٹھ گز کا ہوتا ہے اور گز تین فٹ کا اور ایک فٹ بارہ انچ اور ایک انچ برابر ایک ... انگریزی کا عرض ہوتا ہے اور ایک میل میں آٹھ فرلانگ اور ایک فرلانگ دو سو بیس[۲۲۰] گز انگریزی کا ہوتا ہے۔ ۱۲ عزیز عفاعنہ [۴] یہ استفتا مفاوضہ مولوی محمد سعد اللہ کے خط کے دوسرے ورق پر تھا ۱۲

النسب اثنا عشر حکماً توریث المال والولاء وعدم صحة الوصیة عند المزاحمة الی آخر ما فی الاشباه والنظائر وغیرہ من کتب الفقه

مکتوب ہفتم

طرز تعلیم ترجمۃ القرآن خوب است اعانت الفقرا بر امرا واجب است

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز سید محمد نذیر حسین بجناب گرامی معین الفقرا حامی سنن خادم کتاب ذو المنن حاجی مولوی محمد جمال الدین خان عثمانی صاحب سلمہ ربہ بعد السلام علیکم ورحمۃ وبرکاتہ واضح باد کہ طرز تعلیم ترجمہ قرآن مجید مخترعہ الصاحب موحدان را اول پسند افتاد خدایا ور اشاعتش رونق بخشاد در باب اعانت مدرسہ ہر آنکہ نوشتہ اند کہ تحریرے بجناب سرکار عالیہ والیہ ملک باید نوشت تا معاملہ رو باصلاح گیرد ہمراز ہیچوں لغو تحریکہا ہمیشہ اجتناب است بر در خدا وند تعالیٰ نشستہ ورس میدہم وے تعالیٰ شانہ از خزانہ غیب اعانت مدرسہ و متعلمین خواہد کرد چہ کہ ہمراز رجوع خدمت اغنیاء کرامتے بخشیدہ است بندہ فقیر برائے خود ہمی خواہد کہ در ینجا آوردہ ہمراز طالبان را روزی کافی وافی مے رساند پس مایہ قناعت خود فروختن کار ابلہان است خدایا الصاحب را بمراتب اعلیٰ دنیوی و دینی رساناد ۔ والسلام خیر الختام

ساتواں خط

ترجمہ قرآن مجید کی تعلیم کا طریقہ بہتر ہے امیروں پر فقیر کی مدد ضروری ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین ۔ بخدمت گرامی معین الفقرا ۔ حامی سنن ۔ خادم کتاب ذو المنن ۔ جناب حاجی مولوی جمال الدین خانصاحب عثمانی اللہ تعالیٰ سلامت رکھے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے بعد واضح ہو آپکا ایجاد کیا ہوا طریقہ تعلیم قرآن مجید کا موحدوں کو بہت پسند ہوا اللہ تعالیٰ اسکی اشاعت میں ترقی فرماوے آپنے جو متعلق امداد مدرسہ فقیر کے تحریر فرمایا ہو کہ جناب سرکار عالیہ والیہ ریاست کو لکھنا چاہیئے تاکہ معاملہ درست ہو جائے عاجز کو ایسی بیکار تحریک سے ہمیشہ پرہیز رہا ہے اللہ تعالیٰ کے دروازہ پر بیٹھکر پڑھاتا ہوں وہی اللہ تعالیٰ خزانہ غیب سے مدرس و متعلم کی مدد کریگا مجھے اللہ تعالیٰ نے امیروں کے دروازہ پر جانیسے کراہت عطا فرمائی ہے بندہ فقیر اپنے واسطے خواستگار ہو گا جو یہاں لایا ہے وہی مجھکو اور میرے طالبان علم کو روزی بقدر حاجت دیتا ہے صورتیں صبر و قناعت کی پونجی کو فروخت کرنا نادانی کا کام ہے اللہ تعالیٰ آپکو دین و دنیا کے اعلیٰ رتبہ پر پہونچا وے والسلام خیر الختام

مکتوب ہشتم

ہدایت نسبت بدعۃ تعزیہ پرستی

آٹھواں خط

ہدایت بابت ترک کرانے تعزیہ داری کے جو بہت بری ہے

مدار المہام ریاست بھوپال رہتے ۔ بہت نیک اور متقی تھے ۱۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ازعاجز محمد نذیر حسین بخدمت شریف شیخ صاحب والا مناقب عالی مراتب جناب شیخ بہادر علی خاں صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ بالخیر و العافیت فی الدارین بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح رائے گرامی بادکہ ایں روسیاہ خیرخواہ خلق بموجب حدیث شریف الدین نصیحۃ للہ ورسولہ ولائمۃ المسلمین وعامتہم گزارش خدمت می نماید کہ از اطراف ونواحی بہار شنیدہ شد کہ در موضع مقبوضہ آنصاحب تعزیہ داری مے شود حالانکہ نزد ہمہ اہل اسلام ایں امر قبیح وشرک صریح وبت پرستی است وآنمکرم مزاحمت وممانعت از آں برعایائے خود نمی فرمایند پس از شنیدن ایں امر بہ نسبت آنصاحب خیلے تعجب رو داد چہ آں مکرم در عقل وفطانت وریاست وفراست شہرہ آفاق ہستند ودر اخمال ونابود کردن تعزیہ داری از دہ ہائے خود توجہ نمی کنند رسول مقبول صلعم فرمود کُلُّکُمْ رَاعٍ وَکُلُّکُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِیَّتِہٖ چنانچہ در صحیح بخاری وغیرہ مذکور است حاشا للہ واللہ در شرک بودن ایں شک وشبہ اصلا نیست چنانچہ از فتوائے مستقل مرسلہ واضح رائے عالی خواہد بود واگر بہ گفتہ ہا کہ بزعم مردماں اندیار وہابی ومخالف شرع شریف اند متردد باشند تا از علمائے حرمین شریفین فتوی در جواز وعدم جواز آں طلب فرمایند دیر آں کار رفع نشود فی الواقع کُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَیْہِمْ فَرِحُوْنَ مسلم است ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بہ خدمت شریف شیخ صاحب بلند پایہ وبرتر مرتبہ جناب شیخ بہادر علی خانصاحب اللہ تعالیٰ دنیا وآخرت میں عافیت وسلامت کے ساتھ رکھے بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح رائے سامی ہو کہ یہ سیاہ رو خلائق کا بھلائی چاہنے والا بموجب حدیث شریف کے کہ اصل دین اللہ ورسول وپیشوا مسلمانان اور تمام لوگوں کیواسطے نصیحت کرنا ہے اسلئے عرض کرتا ہے گرد ونواح بہار کے لوگوں سے سنا گیا کہ آپ کے مواضعات میں تعزیہ داری ہوا کرتی ہے حالانکہ تعزیہ داری تمامی اہل اسلام کے نزدیک بری شئے وصریح شرک وبت پرستی ہے اور آپ ایسی برائی سے اپنی رعایا وماتحت کو منع نہیں فرماتے ہیں یہ امر آپ کی نسبت سن کر تعجب ہوا کیونکہ فہم وفراست وعقل ودانائی میں آپ شہرۂ آفاق ہیں ۔ اپنے مواضعات وقصبے کے رسم تعزیہ داری کے مٹانے میں توجہ نہیں فرماتے ہیں رسول اللہ صلعم نے ارشاد فرمایا ۔ آگاہ رہو سب کے سب ایک دوسرے کے چرواہے ہیں اور قیامت کے دن منصب چرواہی سے اپنے پوچھے جاؤ گے چنانچہ صحیح بخاری وغیرہ کتب حدیث میں مذکور ہے اللہ تعالیٰ تمام برائیوں سے پاک ہے وحدہٗ لاشریک لہٗ کی قسم ہے کہ تعزیہ داری کے شرک ہونے میں کسی قسم کا شک وشبہ نہیں ہے چنانچہ فتوے مرسلہ مصدقہ علما سے بخوبی واضح ہوگا اگر میرے قول پر کہ بموجب خیالات گمان مردمان اس جوار کے وہابی ومخالف شریعت ہوں اگر تردد ہو تو مکہ معظمہ ومدینہ طیبہ کے عالموں سے فتوی جائز یا ناجائز کا طلب فرماکر اس پر کاربند ہوں فرمان الٰہی سچ ہو گا کُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَیْہِمْ فَرِحُوْنَ اسی مضمون کو شاعر نے کہا ۔

ؔ یہ نقل خط کی جناب مولانا سید محمد ابو الحسن صاحب محدث دہلوی نے بھیجی تھی ؔ حضرت ہرگز وہابی نہ تھے ہاں محدث ومجدد وقت ضرور تھے ۱۲ ع

ہر کسے را در خور مقدار خویش ؛
ہست نوع خوش دلی درکار خویش ؛
می کنند اثبات خویش و نفی غیر
چہ امام صومعہ چہ پیر دیر ؛

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى یعنی نزدیک است کہ پند پذیرد ہر کہ از خدا مے ترسد، ہرچند علی سبیل العموم تذکیر فرض است اما ہر کس باں منتفع نخواہد شد بلکہ نفع آن مشروط بشرط استعداد است لہذا گفتہ اند ؎

اصل استعداد شرط صحت است ؛ مرد چوں کور است عینک لعبت است ؛ بر دانشمندان شرع مخفی نیست کہ متابعت بر دلائل شرعیہ از کتاب و سنت و اجماع ملت صحابہؓ و تبع تابعین و مجتہدین کاملین باید نہ میل بر رسوم آبائی شاید کہ ایں میل مذموم و موجب ناخوشی رب العالمین است چنانکہ او در کلام پاک خود می فرماید۔ وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ؁ مولانا روم می فرمایند ؎

خلق را تقلید شاں بر باد داد ؛
کہ دو صد لعنت براں تقلید باد ؛
گرچہ عقلش سوئے بالا مے پرد ؛
مرغ تقلیدش بہ پستی مے پرد ؛

مگر ما انچہ حق اسلام بود بعرض سامی رسانیدم آیندہ مختار اند ؎

من نگشتہ نہ ایں راہ ز خود مے پویم ؛
انچہ استاد ازل گفت بتوے گویم ؛

زیادہ ایام کامرانی مرضات رحمانی بکام باد بحرمۃ النبی ذی الرشاد و آلہ الامجاد

ہر کسے را در خور مقدار خویش ؛
ہست نوع خوش دلی درکار خویش ؛
می کنند اثبات خویش و نفی غیر ؛
چہ امام صومعہ چہ پیر دیر ؛

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى یعنی عنقریب وہی نصیحت قبول کرے گا جو خدا سے ڈرتا ہے، اگرچہ عام طریق سے نصیحت کرنا سبھوں پر فرض ہے لیکن ہر آدمی نصیحت سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتا۔ کیونکہ قبول نصیحت کے واسطے استعداد بھی شرط ہے چنانچہ شاعر نے کہا ہے ؎

اصل استعداد شرط صحت است
مرد چوں کور است عینک لعبت است

واقفان شریعت پر مخفی نہیں ہے کہ اصل دلیل شرعی ہی کی پیروی ضروری ہے کتاب اللہ و سنت رسول اللہ ﷺ و اجماع صحابہؓ و تبع تابعینؒ و مجتہدین کاملینؒ کا ہے نہ کہ پیروی رسوم باپ دادے کے رسم آبائی کا گرویدہ ہونا اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت ناپسند ہے اور سبب اُس کی ناراضی کا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ اپنے کلام پاک میں فرماتا ہے۔ وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّقْتَدُوْنَ؁

مولانا روم صاحبؒ فرماتے ہیں

خلق را تقلید شاں بر باد داد ؛ کہ دو صد لعنت براں تقلید باد
گرچہ عقلش سوئے بالا می پرد ؛ مرغ تقلیدش بہ پستی مے پرد

جناب من جو کچھ حق اسلام کا تھا بجا لایا آئندہ آپ مختار ہیں ؎

من نگشتہ نہ ایں راہ ز خود می پویم ؛ انچہ استاد ازل گفت ہمو می گویم

زیادہ ہمارا و نصیبوری کا زمانہ چاہتی و خوشنودی میں بر قرار رہے

مکتوب نہم

نکاح خالد بانفیسہ جائز است

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونستعینہ ونصلی از عاجز سید محمد نذیر حسین

بخدمت شریف مہمان نواز مسافر پرور حضرت قاضی محمد بدر الدین[1] صاحب سلمہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ بدانند فقیر از مطابقت روایات صحیحہ نکاح خالد با زینب نفیسہ جائز است الفاظ جاریہ را قبول کردن خرافت عقل است چہ کر وے مجہول الاقوال است در امر نکاح توقف و درنگ مناسب نیست منافقین بدکردار بادعائے اغراض خویش چناں چنیں می گفتند و آنحضرت صلعم گاہے براں گوش نہ نہادند پس از گفتگوئے خانہ برانداز اں اجتناب اولیٰ است از جانب خود با عزیزی سید عبد العزیز سلمہ بسیار از بسیار نوشتہ شد غالب و بگمان تعمیلش بوجود آید مولوی منظور احمد دام بقائہ بذریعہ شیخ کریم بخش استفتا پیش من فرستادند از تکلف چہ سود بردا شتند مرا محبتے و شفقتے خاص با عبد العزیز است برائے بہبود و نمو دنشن دعا ہا بر زبانم است خوب کردند کہ دریں موسم ایشاں در پنجاب آمدند چہ کہ لرزہ و بخار سرخ مستولی بر دہلی است

نواں خط

خالد کا نکاح نفیسہ سے جائز ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونستعینہ ونصلی عاجز سید محمد نذیر حسین

بخدمت شریف مہمان نواز و مسافر پرور۔ حضرت جناب قاضی محمد بدر الدین صاحب اللہ سلامت رکھے۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ فقیر کے علم میں صحیح روایت کے مطابق نکاح خالد کا نفیسہ کے ساتھ جائز ہے لونڈی کی باتوں کو ماننا بیوقوفی ہے کیونکہ اس کی بات مشکوک ہے نکاح کے معاملہ میں دیر نہیں کرنا چاہیئے زمانہ نبوت میں منافقین بدخصال ذاتی اغراض کے واسطے ادھر ادھر کی باتیں بناتے تھے مگر آنحضرت صلعم کبھی ان باتوں پر کان نہیں رکھتے تھے اسلئے خانہ برانداز کی باتوں سے احتراز کرنا بہتر ہے۔ عزیزی سید عبد العزیز سلمہ کو بہت کچھ لکھدیا ہے ضرور اس بات کی تعمیل کریں گے۔ مولوی منظور احمد صاحب نے بذریعہ شیخ کریم بخش صاحب فتوے میرے پاس بھیجا ہے اس تکلف سے کیا حاصل مجھے خاص محبت و شفقت عبد العزیز کے ساتھ ہے ان کی ترقی و صلاح و فلاح کی دعا ورد زبان ہے اچھا ہوا کہ عبد العزیز اس زمانہ میں یہاں نہیں آئے کیونکہ سارے اہل دہلی سرخ بخار و جاڑہ میں مبتلا

---

[1] ایام طالبعلمی میں حضرت نے قاضی صاحب کے یہاں چندے قیام فرمایا تھا جنہوں نے مہمانداری میں دریغ نہ کیا جب سے باہم رابطہ اور بے تکلفی تھی مراسلت بھی رہتی تھی ۱۲

[2] یہ بزرگوار مدرس مستفاد ضمانت کے نانا حقیقی اور رئیس اعظم بھیرا ضلع فرخ آباد کے تھے اللہم اغفر لہ ۱۲ عبد الحکیم عفا عنہ

متاعب سفر دیرار نجور کردے حالت علالت خود نگاشتند جناب قاضی صاحب پیروی و صد عیب چنیں گفته اند من چه نگارم قبض شدید و صداع مولم و مصدع است۔ و السلام خیر الختام۔ پنجم ربیع الآخری ۱۲۸۶ھ از دہلی

مکتوب دہم

تہجد بہترین اوقات شب است

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعه گرامی برادر دینی سید عبد الغنی سلمہ ربہ بعد السلام علیکم واضح باد که عنایت نامه بافہم حالات بوضوح پیوست بے شک بوقت تہجد لحاظ آداب بارگاہ احکم الحاکمین باید کرد بعد فراغ از حوائج ضروری طہارت فرموده بر مصلے رونہد اعلیٰ حضرت مرزا مظہر جان جاناں رح فرموده اند که نافت شب رنیم شب، دل لیل است و سوره یٰسین که دل قرآن است در نماز تہجد خواندن مرا اثر بخشیده است بنده فقیر می گوید که بر معانی و مطالب سوره مزمل پے برده از قرآن ہر چه بیشتر بود باید خواند ہر چه از اربعین مصطلحہ صوفیا بدست نیاید از تہجد فتوح و انشراح صدر اصفیا کرام یافته اند دل خویش را ہم از ایں و آں فارغ باید داشت۔ والسلام

مکتوب یازدہم

متضمن بر تکمیل علم طب کردن باید گرچہ انسیاخ طبیعت جانب علوم دینی ست

ہو رہے ہیں گمان تھا کہ سفر کی تکان سے بیمار نہ ہوجائیں آپ نے اپنی علالت کا حال رقم فرمایا ہے جناب قاضی صاحب سچ ہے پیری و صد عیب مثل مشہور ہے میں اپنی حالت کیا عرض کروں قبض سخت و درد سر تکلیف دہ لاحق حال رہتا ہے والسلام خیر الختام مورخہ ۵ ربیع آخری ۱۲۸۶ھ از دہلی

دسواں خط

تمامی رات میں بہترین وقت تہجد کا ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ از عاجز محمد نذیر حسین۔ بخدمت جامع الحسنات والکمالات جناب مولوی محمد سعید صاحب بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد یہ عاجز آپکی خدمت حدیث نبوی ؐ سے از بس مشکور و نہایت مسرور ہو کر عمر سعادت میں فیض و برکت کی دعا کرتا ہے۔ مناظرہ مرشد آباد کا نتیجہ معلوم نہیں کیا ہوا۔ فی الجملہ تردد و انتظار ہے۔ ان دنوں معلوم ہوا ہے کہ آپ نے مضمون اقسام ملازمت مندرجہ اشاعۃ السنۃ جلد دہم کا جواب لکھا ہے اور ایک رسالہ منسوب بمولوی عبد الجبار صاحب غزنوی امرتسری کا اس بارہ میں میرے پاس پہنچا امید کہ آپ اپنی عبارت عدم جواز مع دلائل و نیز اعانۃ الملۃ الاسلامیہ کے منصفانہ رائے تحریر فرمائیں مولوی محمد حسین صاحب نے کچھ آپکی نسبت دریں خصوص لکھا ہو یا آیندہ لکھیں تو بقولہ تعالیٰ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ الخ اعراض فرمائیں آپ کے نزدیک اسکے جواب کی اشد ضرورت ہوئی۔ تاہم اس عاجز کی خاطر سد باب فتنہ و فساد کی غرض سے بھیجدے توقف کریں اور میری دوسری تحریر کا انتظار فرمائیں آپ خوب جانتے ہیں کہ عفو و اصلاح و تحمل و اصطبار کی قرآن و حدیث میں کسقدر تاکید اور اس کے عامل پر کیا بشارت ہے۔ ان زاید و فضول مباحث و خانہ جنگیوں میں منہمکین و فحول علماء کا مشغول ہونا افادہ عام اور اشاعت توحید و نصرۃ سنت سے جو اہم و مقدم ہے، خلل انداز اور عوام اہل اسلام کے عقاید و اعمال کیلئے نہایت مضر ہے۔ اور مخالفین و معاندین دا تسا و اور ترغیبا

گرسوائے کو موقع ہاتھ آتا ہے اور ان کو فرصت ملجاتی ہے۔ چونکہ آپ نے ایک عمدہ کام کے انصرام کا گرانبار اپنے ذمہ لیا ہے اور اپنی ذات وصفات کو اس میں وقف کر دیا ہے بطریق اولیٰ خارج از مبحث باتوں سے علحدہ و یکسو رہنا چاہیئے۔ وباللہ التوفیق۔ المرقوم

۲۸ر جمادی الثانی ۱۳۰۵ھ ہجری روز شنبہ از دہلی

سید محمد نذیر حسین ۱۲۸۱

مکتوب یکصد و بست و دوم [۱۲۲]

فتوی مطلوبہ واپس است

از عاجز محمد نذیر حسین بسم اللہ الرحمن الرحیم

بخدمت گرامی مولوی محمد سعید صاحب سلمہ ربہ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد کہ نامہ نامی مع فتوی رسید کاشف مدعا گردید حسب ارقام شریف سامی مہر خود و مہر دیگر کنانیدہ روانہ کردہ میشود و مولویان شہر ہمہ بدعتی و مخالف ماد شما اند۔ چگونہ مواہیر خودہا نعوذ باللہ نمود ایں چند مواہیر مسافران ذی استعداد ثبت بودہ میرود جزاکم اللہ تعالے در کار خیر و اجرائے سنت مستعد و چالاک اند باقی حال از عقب خواہم نوشت۔ زیادہ والسلام خیر الختام۔ از حاضر الوقت سید محمد عبد السلام۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ قبول باد۔ مرقومہ ۲۸ر ذی الحجہ من مقام دہلی روانہ نمودہ شد۔ مہر ڈاکخانہ بنارس۔ ۲۷ر اگست ۱۸۸۹ء

مکتوب یکصد و بست و سوم [۱۲۳]

توکل شان صابر است الا طلب وجہ طبیب لازم است

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت شریف مولوی عبد الجبار صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ۔ بعد السلام علیکم واضح باد نگارے پئے فضول

ایکسو بائیسواں خط [۱۲۲]

فتوے واپس بھیجا جاتا ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین مولوی محمد سعید صاحب سلمہ ربہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح ہو کہ تمہارا خط ملا۔ کاشف حال ہوا تمہارے کہنے کے بموجب اپنی اور دوسرے حضرات کی مہریں کرا کے (فتوی) روانہ کیا جاتا ہے باقی شہر بھر کے بدعتی علماء ہمارے اور تمہارے مخالف ہیں وہ بھلا اپنی مہریں کسطرح ثبت کریں گے یہ چند مہریں علماء مسافرین صاحبان استعداد کی ہیں۔ خدا تم کو جزائے خیر دے اور احیاء سنت نبوی کی توفیق عطا فرمائے۔ باقی حال بعد میں لکھوں گا۔ والسلام خیر الختام۔ حاضرین میں سے سید محمد عبد السلام کی طرف سے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ قبول ہو۔ مرقومہ ۲۸ر ذی الحجہ از دہلی ۲۷ر اگست ۱۸۸۹ء

ایکسو تیئیسواں خط [۱۲۳]

توکل ضرور چاہیئے مگر وجہ طلب طبیب لازم ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین مولوی عبد الجبار صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے بعد واضح ہو کر بالیں وہیں دنیوی حال

دکہ برائے زخارف دنیوی بے بہا دلیش نمودند۔ نتیجہ وے
یافتہ باشد اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ۔ متوکلاں را
ہمین بس است کہ ہرچہ از وجہ طیب قلیل یا کثیر بدست آید
بخورد و بدہد ذخیرہ کردن شایان و شیوہ ارباب فقر نیست
انچہ بتقدیر است خواہد رسید البتہ و اجملوا الطلب را پیش
نہادہ خاطر باید نمود مثل بیکاراں و بیدست و پایاں نباید نشست
ونہ مال طیب را باسراف و مصارف فضول باید آورد و از مریدان
و معتقدان بتقاضائے سزاولی تحصیلداراں تحصیل نباید کرد
دورہ سالانہ چہ سود بلکہ گرانی خاطر ارادتمندان است بیعت
بطرز مسنون می گیرم مگر از بیعت کنندگان بحیلہ و زور کہ آنرا
اہل تصوف و علماء حق وجہ ناجائز گفتہ اند ، گرفتن نمی پسندم
اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْهَا مناسب است کہ بتدریس درس
مومنین کوشند و از مال مشتبہ لقمہ نخورند دیدہ باشند کہ مولوی
سید عبد العزیز صمدنی در لباس توانگری حیات خود بفقر می گذارند
مگر دیانت خود برباد نمی کنند اگرچہ ملازم نصارائے است مگر
امور شرعی بے کم و کاست بجا آوردہ حق مستحقین می رسانند
حال مرزا نصیر الدین بدتر است اورا در تحصیلداری خماریست کہ
بر قلب وے و بر سماعت وے مہرے زدہ و بر بصارت او غشاوہ
آمدہ۔ گاہ گاہ می آید گفتم کہ اعمال صالح ہموارہ باید کرد و از آمد و رفت
و چاپلوسی متملقانہ حاصلے نیست برائے ایشاں بسفارش
مناسب بجاہائے مختلف نوشتہ ام بوقت حصول جواب
بشما خواہم نگاشت ۔ والسلام خیر انجام ۔

مکتوب یکصد و بست و چہارم ۱۲۴

و دولت کی طلب میں آپ بیکار دوڑ دھوپ کی جو اسکا پھل پایا
اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ۔ حضرت متوکلین کے
لئے یہی زیبا ہے کہ حلال طریقہ سے کم یا زیادہ جو کچھ میسر آئے
اُسے خود بھی کھائے اور اوروں کو بھی کھلائے۔ جمع کرنا ارباب فقر
کی شان کیخلاف ہے جو کچھ تقدیر میں لکھا ہے وہ بہر صورت
ملیگا البتہ اجملوا الطلب کو مدنظر رکھکر کوشش کرنی
چاہئے۔ نکھٹوؤں کی طرح ہاتھ پاؤں توڑ کر نہ بیٹھ رہنا چاہئے
اور نہ حلال مال کو فضول خرچی میں ضائع کرے ۔
مریدوں اور معتقدوں سے زبردستی کچھ وصول نہ کرنا چاہئے
اس سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا بلکہ مریدوں کے لئے وہ نفرت کا باعث
بنجاتا ہے۔ میں سنت نبوی کے طریقہ پر بیعت کرتا ہوں مگر بیعت
کرنیوالوں سے دھوکہ بازوں کی طرح جس کو اہل تصوف و علماء
حقانی ناجائز کہتے ہیں، کچھ نہیں لیتا اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْهَا
مناسب ہے کہ علماء درس و تدریس میں کوشش کریں اور مشتبہ مال سے ضرور
پرہیز کریں دیکھا ہوگا کہ مولوی سید عبد العزیز صمدنی نے مالداری کی حیثیت
سے اپنی ساری زندگی فقیر کیطرح گذار رہے ہیں مگر اپنی دیانت
پر انہوں نے حرف نہیں آنے دیا اگرچہ وہ انگریزوں کے ملازم ہیں باوجود اسکے امور شرعی
بے کم و کاست ادا کرتے ہیں اور مستحقین کو اُن کا حق ادا کرتے ہیں مرزا
نصیر الدین کا بُرا حال ہے تحصیلداری کا اسکو ایسا نشہ چڑھا ہے کہ اسکے دل
کان پر مہر لگ گئی ہے اور آنکھوں پر اُسکے غفلت کا پردہ پڑ گیا ہے کبھی کبھی آتا
ہے تو میں کہتا ہوں کہ ہمیشہ اعمال صالحہ کرنے چاہئیں خوشامد و آمد سے
کچھ فائدہ نہیں میں نے اسلئے مختلف جگہ خطوط لکھے ہیں جواب آنے پر تم
کو لکھوں گا ۔ والسلام خیر انجام

ایکسو چوبیسواں خط ۱۲۴

شکریہ رسید زر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ مولوی صاحب عالی مرتبت والا مناقب مولوی عبد الرحیم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد کہ مبلغ بست روپیہ مبذولہ سامی بذریعہ منی آڈر وصول شدہ بقبض درآمد جزاکم اللہ تعالیٰ جزاءً مَّوْفُوْرًا ہ وَکَانَ سَعْیُکُمْ مَّشْکُوْرًا ؏

ؔ ما از تو برخوریم تو از عمر برخوری ؔ

زیادہ خانۂ حشمت وعزت آباد مستدام باد برب العباد۔ والسلام خیر انجام ۱۲ ذی الحجہ روز چہارشنبہ از دہلی روانہ شد بہمہ خورد وکلاں ہدیہ سلام ونیاز برسانند

مہر ڈاکخانہ دربھنگہ ۷ مئی ۱۸۹۸ء عیسوی

روپیہ پہونچا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین عالی مرتبت والا مناقب مولوی عبد الرحیم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو کہ تمہارا ہدیہ مبلغ بیس روپے بذریعہ منی آرڈر وصول پائے خدا تم کو بہت کچھ جزائے خیر عطا فرمائے اور تمہاری سعی مشکور ہو۔ ؏

ؔ ما از تو برخوریم تو از عمر برخوری ؔ

زیادہ یہ کہ خداوند رب العباد تمہارا گھر عزت وحشمت سے شاد وآباد رکھے۔ والسلام خیر الختام۔

سب چھوٹوں بڑوں کو ہدیہ سلام ونیاز پہونچے

مرقومہ ۱۲ ذی الحجہ روز چہارشنبہ از دہلی

مہر ڈاکخانہ دربھنگہ ۷ مئی ۱۸۹۸ء

ایکسو پچیسواں خط [۱۲۵]

خط پہونچا مگر ایک لطیفہ عجیب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ بخدمت شریفت جامع الحسنات والفضائل عزیز العلماء صمدنی سلمہ ربہ بالخیر والعافیہ فی الدارین السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو کہ منی آرڈر دوسو روپے کا پہونچا۔ رسید پہونچگی۔ خدا تعالیٰ تمہاری بڑی عمر کرے اور دشمن تمہارا ہمیشہ پامال رہے اور تمہاری اولاد اور عقیقہ خوش رہے یہ روپیہ میری دوا وعلاج کیلئے بھیجا ہے کیا میری دوا میں چھپن ٹکے خرچ ہوئے تھے اور جو ہونگے۔ اول تو میں علاج سے بھاگتا ہوں آپ خوب جانتے ہیں۔ دوم اب حقیر کو جلا کر کیا کروگے کیا مجھ بڈھے کو بیمار رہے میں تبرکا کے لیے رکھنے کا تو قصد نہیں ہے میں لب بارکاب ہوں خدا تم کو فائز المرام اور کامراں رکھے آپکی خاطر سے دکہ جلد تم خفا ہو جاتے ہو چند آنے دوا کی قیمت عطار کے پاس بھیجدی ہے اور باقی واپس کرتا ہوں کیونکہ آپ نے نہایت تاکید سے لکھا تھا

لہ جناب مولوی عبد الرحیم وجناب مولانا عبد العزیز رحیم آبادی کے حقیقی بھائی تھے اور حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ہر دو حضرات شاگرد رشید تھے اور اپنے گھر کے خوشحال ومخیر رؤسا میں سے تھے ۱۲

کہ دوائیں آپ نہ لگائیں تو ہمارا روپیہ پھیر دیا جائے میں نے منی آرڈر تو نہیں واپس کرایا مگر آپ کی خدمت میں وہ روپیہ ضرور پہونچا دیا گیا ہے جس کی آسان سبیل یہ ہوئی کہ مفلس غربا طالبان علم کے لئے اس امداد سے کتابیں اور سردی کے کپڑے ان کیلئے خرید دئے گئے اور جو کچھ روپیہ بچا ہے انہی طالبان علم کے حساب میں سے باورچی کو دیا گیا ہے۔ اور اس روپے کے پہنچ جانے کا ذمہ دار خدائے تعالے ہے جس نے تم کو دیا ہے۔ وہی تم کو جزائے خیر عطا فرمائیگا ع ؎ ما از تو برخوریم تو از عمر برخوری ؎ کپڑا پہونچ گئے اسکا عمامہ و کرتہ و پاجامے بنا لیئے گئے ہیں۔ بلکہ جمعہ کے روز پہن بھی لئے۔ اور بعد نماز جمعہ تمہارے لئے دعا مانگی کہ خداوندا میرا عزیز عبدالعزیز کامراں رہے اور بچوں کو دعا اور عفیفہ کو بھی میری طرف سے دعائے خاص پہونچا دینا۔ جس کا روپیہ آپ نے اپنے نام گرامی سے بھیجا ہے۔

والسلام۔ مہر لفافہ کرچنان ۲۰ نومبر ۱۸۸۹ء

مکتوب یکصد و بست و ششم ۱۲۶

بترک دہلی اقامت دیار غربی پسند نیست

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بگرامی خدمت مولوی سید محمد پشاوری سلمہ ربہ السلام علیکم ہویدا باد کہ بفضلہ جانبین بخیریت ہستند۔ مرا کہ بامور نشر و سنت فرمودہ اند از نقل و حرکت دہلی رخنہ و ہرج و جرح می افتد پشاور رسیدن و ماندو بود و دیار غربیہ بسا محال است و دشوار جامع کمالات عین الانسان مولانا قاضی طلا محمد صاحب متواتر مرا تکلیف دادہ اند کہ ببلاد غربی درس جاری کنم مگر ع ؎ از ضعف ہر جا کہ نشستم وطن شد ؎ کجا دیار شرقی کجا حضرۃ دہلی بعد المشرقین است ہمیں خدمت کتاب و سنت مرا رسانیدن دہلویان مرا خیر مقدم کردہ از اعانت و نصرۃ نوازش فرمودند بس از اینجا پشاور کوچیدن جر ثقیل است۔ والسلام خیر انجام از دہلی

۲۴ شعبان المکرم سنہ ۱۳[illegible] ہجریہ

ایکسو چھبیسواں خط ۱۲۶

دہلی چھوڑنا اور جانا پسند نہیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بگرامی خدمت مولوی محمد پشاوری سلمہ ربہ بعد السلام علیکم کے معلوم ہو کہ خدا کے فضل سے دونوں طرف خیریت ہے مجھ کو جو جناب نے اشاعت قرآن و حدیث کیواسطے لکھا ہے تو دہلی سے روانگی میں بڑی سخت مشکلات ہیں اور پشاور پہنچنا اور اجنبی جگہ بود و باش اختیار کرنا محال و دشوار ہے۔ جامع کمالات مولانا قاضی طلا محمد صاحب نے بارہا اصرار کیا کہ بلاد غربی میں سلسلہ درس جاری کروں مگر نہ ہو سکا ع ؎ از ضعف ہر جا کہ نشستم وطن شد ؎ کجا دیار شرقی کجا حضرت دہلی بعد المشرقین ہے۔ اور اسی نشر و اشاعت دین کے لئے اہل دہلی نے بھی میرا خیر مقدم کیا ہے اور وہ مدد و معاونت مدرسہ کی طلباء کیلئے فرماتے رہتے ہیں لہذا یہاں سے میرا پشاور کوچ کرجانا بہت مشکل ہے۔ والسلام خیر اختتام۔

ازدہلی ۲۴ شعبان المکرم سنہ ۱۲۸۶ ہجری۔

مکتوب یکصد و بست و ہفتم ۱۲۷

ایکسو ستائیسواں خط ۱۲۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ مولوی صاحب جامع الحسنات و الکمالات مولوی عبد الرحیم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد کہ مبلغ بست روپیہ کہ از راہ محبت دیرینہ فرستادہ بودند درگرانی بمنزلہ بست اشرفی کھیا شد جزاکم اللہ خیراً موفوراً و کان سعیکم مشکوراً

ع ؏ ما از تو برخوریم تو از عمر برخوری ؂ زیادہ و السلام خیر الختام بہمہ خورد و کلاں سلام من برسد۔ بلفافہ ۱۴؍ ربیع الثانی منمقام دہلی دمہر ڈاکخانہ تاج پور در بھنگہ۔ ۳؍ نومبر ۱۸۹۶ء

مکتوب یکصد و بست و ہشتم ۱۲۸

تہنیت کامیابی مقدمہ۔ رسید زر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی صاحب جامع الحسنات و الکمالات مولوی عبد الرحیم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ ۔ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد بفضلہ دریں جا خورد و کلاں بخیریت اند و مژدہ صحت و تندرستی مزاج مبارک آں صاحب مع متعلقان خواہستہ می باشد الحمد للہ نامہ نامی بمژدہ فتحیابی مقدمہ مرجوعہ عدالت و ابلاغ بست روپیہ مرسلہ[۱] بوقت نگرانی رسیدہ کاشف مدعا گردیدہ مبالغ مبذولہ وصول شد جزاکم اللہ جزاءً موفوراً و کان سعیکم مشکوراً ؏ ما از تو برخوریم و تو از عمر برخوری ؂ ترصد کہ گاہ گاہ یاد فرما باشند زیادہ والسلام خیر انجام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین - جامع الحسنات و الکمالات مولوی عبد الرحیم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ - بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو کہ مبلغ بیس روپے جو کہ محبت قدیمی کی وجہ سے ارسال فرمائے ہیں وہ میرے نزدیک بیس اشرفیوں کی طرح ہیں وصول پائے - خدا آپ کو بہت کچھ جزائے خیر عطا فرمائے اور آپ کی سعی مشکور فرمائے ع ؏

؂ ما از تو برخوریم تو از عمر برخوری ؂

والسلام خیر الختام - جملہ خورد و کلاں کو سلام پہنچے

۱۴؍ ربیع الثانی ۱۳۱۴ھ از دہلی

اکیسواٹھائیسواں خط ۱۲۸

مقدمہ کی کامیابی کی خوشی - روپیہ کی رسید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی جامع الحسنات و الکمالات مولوی عبد الرحیم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو کہ یہاں پر سب چھوٹے بڑے اچھی طرح ہیں اور آنجناب کی صحت و عافیت مع متعلقین نیک چاہتے ہیں - الحمد للہ کہ گرامی نامہ آیا مقدمہ کی فتحیابی کی خوشی ہوئی - نیز مبلغ بیس روپے وصول پائے کوپن[۱] کو پڑھا حال معلوم ہوا خدا آپ کو بہت کچھ جزائے خیر دے اور آپکی سعی مشکور فرمائے ع ما از تو برخوریم تو از عمر برخوری ؂ مجھے امید ہے کہ کبھی کبھی یاد کرتے رہا کریں گے - والسلام خیر الختام مولوی عبد الوہاب صاحب و مولوی محمود و میاں محمد

[۱] کوپن یعنی رسید جو ڈاکیہ بوقت وصول ہونے منی آرڈر کے علیحدہ رسید چاک کرکے دیتا ہے۔

بمولوی محمد عبدالوہاب و مولوی محمود و میاں محمد و حافظ احمد صاحبان۔ سلام و نیاز من موصول و مقبول باد برب العباد

مہر ڈاکخانہ تاجپور در بھنگہ ۲۵ اکتوبر ۱۸۹۸ء

مکتوب یکصد و بست و نہم ۱۲۹

در تحقیق صوفیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت گرامی مولوی سید عبدالرشید بادلی صاحب۔ سلمہ ربہ بعد السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ واضح باد کہ نامہ نامی نامزد فقیر کردہ اند رسید بادراک مضامینش انشراحیکہ یافتم پایانی نیست آنکہ درباب چگونگی اصل منغشوشش قلب۔ خالص۔ مزور۔ وصادق۔ فقراء۔ صوفیہ پرسیدہ اند شرحش بسا دراز است از آنچہ در ذہنم متمکن است مینگارم۔ وایں ہمہ مثلثیہ و مروجہ خاندان حضرت حکیم الامۃ شاہ ولی اللہ محدث و حضرات مجددیہ رحمہم اللہ است و از تالیفت آنہا مستفید شدہ ام خوب میدانید کہ سلف صلحاء و علماء دیندار ان را فقراء می گفتند ہم در زمرہ اش عالم و عابد داخل شد عقب ہے نام صوفیہ و فقراء پیدا شد و نام صوفیہ باعتبار لباس نسبت کردہ شد وایں صحیح است و بعضی منسوب بہ صفوۃ الفقہا و صوفۃ الصفا و برخے صوفہ بن ادبن طاغہ نسبت کردہ اند کہ قبیلہ مشہور بریاضت و عبادت (در عرب) بود و نیز ہنوز باشد و گروہے نسبت بہ اہل صفہ فرمودہ و جماعت بطرف صفا رفتند و انبوہے نہ صفوۃ منسوب ساختند و ہم دیگراں

وحافظ احمد صاحبان کو میرا سلام و نیاز پہنچے۔

مہر ڈاکخانہ تاجپور در بھنگہ

۲۵ر اکتوبر ۱۸۹۸ء

ایکسو انتیسواں خط ۱۲۹

صوفیہ کی تحقیق میں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بخدمت گرامی مولوی سید عبدالرشید صاحب سلمہ ربہ السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ کے بعد واضح ہو کہ فقیر کے نام کا نامہ نامی وصول ہوا۔ ان مضامین کے سمجھنے میں مجھ کو اتنی بصیرت حاصل ہے جس کی کچھ انتہا نہیں کیونکہ آپ نے پوچھا ہے کہ منغشوش قلب و خالص مزور و صادق فقراء صوفیہ کے نزدیک کیا اصل ہے ان کی شرح تو بہت طوالانی ہے مگر جو کچھ میرے ذہن میں ہے حوالہ قلم کرتا ہوں اور یہ سب حضرت حکیم الامۃ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح اور حضرات مجددیہ رحمہم اللہ تعالی کے خاندان میں مروج ہے اور میں نے انہی بزرگوں کی کتابوں سے اخذ کیا ہے واضح ہو کہ سلف صالحین جن کو فقراء کہتے تھے وہ بھی ان کے زمرہ عالم و عابدین داخل ہوتا تھا۔ بعد ازاں صوفیہ و فقراء کا نام عالم وجود میں آیا اور صوفیہ کا نام لباس کی وجہ سے پیدا ہوا اور یہی صحیح ہے اور بعض حضرات اسکو صفوۃ الفقہاء و صوفۃ الصفا سے اور بعض صوفہ بن ادبن طاغہ کیطرف منسوب کرتے ہیں (یہ قبیلہ عرب بھر میں عبادت و ریاضت میں مشہور تھا اور اب بھی ہے)۔ اور ایک جماعت اہل صفہ کی طرف نسبت دیتی ہے اور ایک گروہ صفا کی طرف اور ایک بڑی تعداد صفوۃ کی طرف منسوب کرتی ہے

گفتہ اند کہ در بارگاہ خداوندی بصف مقدم نسبت است دیگر
ایں ہمہ اقوال ضعیف است چراکہ بہ تسلیم توجیہات بالا صفی
یا صفوی یا صفی باید گفت (نہ صوفی) واضح باد کہ دریں
روزہا جماعت فقراء (اہل سلوک) راہم نام صوفی پیدا شد
کہ ایں حرف جدید ست الا دریں امر اختلاف است کہ آیا در مرد
افضل کیست کہ بروے اطلاق صوفی کردہ اند یا لفظ فقیر خواندہ
اند و ہم دریں اختلافے یافتہ ام کہ آیا غنی شاکر اعلیٰ است یا
فقیر صابر پس دریں مسئلہ باہم سید الطائفہ شیخ جنید بغدادیؒ
و معاصرش شیخ ابوالعباس بن عطار رحمہما اللہ تعالیٰ نزاع قدیم
یافتم و از امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ دریں مسئلہ دو روایات
منقول است و از انجملہ بہتر آنست کہ اللہ تعالیٰ و تبارک فرمودہ
است یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ وَّ اُنْثٰی
وَجَعَلْنٰکُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا
اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ ؕ اے
مردماں شما را از یک مرد و یک زن ما آفریدیم و شما را گروہہا
ساختیم تاکہ باہم شناخت باشد بیشک نزد اللہ تعالیٰ از شما
معزز و بزرگ است کہ زیادہ پرہیز باشد۔ بشنو یکہ در خبر
آمدہ است کہ از جناب رسالتمآب پرسیدند ارشاد شد از شما
افضل آنست کہ از ہمگناں زیادہ متقی باشد گفتند سوال ما ازیں
نیست بار ارشاد شد کہ یوسف نبی اللہ علیہ السلام بن یعقوب نبی
اللہ ابن الابن اسحٰق نبی اللہ (نبیرہ حضرت اسحاق) و پسر
نبیرہ (ابراہیم خلیل اللہ) باز گفتند کہ ایں نمی پرسیم ارشاد
شد آیا معادن (کانہا) عرب (خاندانہا) در یافت می کنید
چہ کہ مثل کانہا ہستند و ہم ز ہستند بشرطیکہ تدبر و تعقل در دین
در شدہ باشد پس کتاب و سنت دلالت میکند کہ بہ نزد اللہ

اور بعض یہ بھی کہتے ہیں بارگاہ خداوندی میں جو صف اول
ہے اس کی طرف ان کی نسبت ہے دیگر یہ تمام اقوال ضعیف
ہیں کیونکہ توجیہات بالا کو ماننے کی صورت میں صفّی یا صفوی
کہنا چاہیئے نہ کہ (صوفی) جاننا چاہیئے جدت کیوجہ سے
فقراء (اہل سلوک) کا دوسرا نام صوفی پیدا ہوگیا کیونکہ
یہ حرف جدید ہے مگر اس میں اختلاف ہے کہ دونوں میں افضل
کون ہے اور کس پر صوفی کا اور کس پہ فقیر کا اطلاق کیا جائے
اور اس میں بھی میں نے اختلاف پایا ہے کہ غنی شاکر اعلیٰ ہے یا
فقیر صابر پس اس مسئلہ میں سید الطائفہ حضرت شیخ جنید بغدادیؒ
اور انکے معاصر شیخ ابوالعباس بن عطار رحمہما اللہ تعالیٰ کے
درمیان اختلاف ہے اور امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ سے اس مسئلہ میں
دو روایات منقول ہیں اور انہیں بہتر یہ ہے کہ اللہ پاک کا ارشاد ہے اے لوگو!
میں نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے اور تمہاری ذاتیں و جماعتیں
بنادی ہیں تاکہ ایک دوسرے کو پہچان لو بیشک اللہ کے نزدیک تم سب میں
وہ بہتر ہے جو تم سب میں پرہیزگار ہو!! سنو حدیث شریف میں آیا ہے کہ
جب جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت کیا تو آپ نے ارشاد
فرمایا تم سب میں افضل وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہو انہوں نے عرض کیا کہ
ہماری غرض یہ نہیں تھی پھر آپ نے ارشاد فرمایا یوسف نبی اللہ ابن
یعقوب نبی اللہ ابن الابن اسحٰق نبی اللہ (حضرت یوسف علیہ
السلام حضرت اسحٰق علیہ السلام کے پوتے) اور ابراہیم (خلیل
اللہ) علیہ السلام کے پوتے کے بیٹے ہیں۔ پھر صحابہ رضا نے عرض
کیا کہ یہ ہمارا مقصد نہیں ہے۔ ارشاد ہوا خاندان کانوں کی
مثل ہے خاندانوں کو اہل عرب دریافت کرتے ہیں جیسے سونے
چاندی کی کانیں ہیں۔ ہندا جو زمانہ جاہلیت میں بھی بہتر تھے وہ
مسلمان ہونے کے بعد بھی بہتر ہیں بشرطیکہ اس میں تدبر و تفکر رکھتے

سبحانہ تعالیٰ از ہمگنان زیادہ عزت در انست کہ پرہیزگار باشد و در سنن آمدہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمودہ است کہ عربی را بر عجمی فضیلتے نیست و نہ عجمی را بر عربی و نہ سیاہ را بر سفید و نہ سیاہ را بر صبیح و بر سفید و نہ صبیح را بر سیاہ مگر بتقوی۔ ہر یکے افضل و اعلیٰ بر غیر متقی است چہ کہ ہر کسے آدم زادہ است و آدم از گل۔ و انیہم بروایت کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمودہ کہ واللہ حاشا نہ جاہلیت (فخر و ناز بر آبا و اجداد) از شما برداشتہ است پس انسان را دو تفریق است ملا مومنین پرہیزگار ٹا بدبخت بدکار لہذا در عرب و عجم سیاہ و سفید آنکس باعزت و آبرو دار پیش خدا است کہ از خالق تعالیٰ تنہا می ترسد و پرہیزگار است ہرگاہیکہ در تقوی مساوی شدند بدرجات تساوی ہم پیدا شد مگر در شریعت فقر را تہیدستی از مال تعبیر کردہ اند و ہم محتاج بسوے خالق گفتہ اند اللہ تعالیٰ فرمودہ است إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ صدقہ ہاے برائے فقیراں و مسکینان است و يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَنْتُمُ الْفُقَرَاءُ إِلَى اللَّهِ اے آدمیاں بسوے خدا محتاج ہستید۔ در قرآن مجید فقر را دو اقسام است:۔ اہل صدقات۔ اہل فے۔ صنف اول را فرمودہ است لِلْفُقَرَاءِ الَّذِينَ أُحْصِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ ضَرْبًا فِي الْأَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ أَغْنِيَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ تَعْرِفُهُمْ بِسِيمَاهُمْ لَا يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا صدقات برائے فقرا است کہ در راہ خدا باز داشتہ اند کہ در ملک سیر و سیاحت نمی توانند کرد (از حال ایشاں) ناواقف اند کہ بسبب بے طمعی آسودہ حال خیال کردہ اند ولیکن ای محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم)

ہوں پس کتاب اللہ و سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بتا رہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب میں عزت والا وہی ہے جو پرہیزگار رہے اور سنن میں وارد ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ عربی کو عجمی پر فضیلت نہیں ہے اور نہ عجمی کو عربی پر اور نہ سیاہ کو سفید پر اور سفید کو سیاہ پر مگر تقوے کی وجہ سے ہے اور وہ ہر غیر متقی پر فضیلت و درجہ عالیہ رکھتا ہے اسلئے کہ ہر شخص آدم علیہ السلام کی اولاد ہے انکی پیدائش مٹی سے ہے۔ اور یہ بھی روایت میں آیا ہے کہ اللہ جلشانہ نے تم سے (فخر و ناز پر آباؤ اجداد کے) تم سے اٹھالیا ہے پس انسان دوسری طرح پر منقسم ہے۔ اول مومنین پرہیزگار دوم بدبخت بدکار لہذا عرب و عجم سیاہ و سفید شکل کا کیوں نہو لیکن جو خدا سے ڈرتا ہے اور وہ جو پرہیزگار ہے اور تقوی میں برابر ہیں اور درجات میں بھی برابر ہیں مگر شریعت میں تہیدستی کا نام فقیر ہے۔ اور اس کے معنی محتاج بسوئے خالق بھی ہیں۔ ارشاد باری تعالے صدقات و خیرات کے مستحق فقیر اور مسکین حضرات ہیں۔ اور اے لوگو تم اللہ تعالیٰ کے محتاج ہو۔ قرآن مجید میں فقرا کے دو اقسام ہیں اہل صدقات و اہل فے۔ قسم اول کیلئے ارشاد ہے۔ صدقات ان فقیروں کا حق ہے جنہوں نے اللہ کے راستے میں اپنے آپ کو وقف کیا ہے اور وہ ملک کی سیر و سیاحت نہیں کر سکتے اور لوگوں کے حال سے وہ ناواقف ہوتے ہیں کہ جو بسبب لالچی نہونے کے دولتمند سمجھے جاتے ہیں لیکن اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقیناً آپ ان کو آثار پیشانی سے پہچان لیں گے کہ وہ لوگوں کو مجبور اور جبر کر کے ان سے نہیں مانگتے اور دوسری قسم کو ہر دو اقسام سے افضل فرمایا ہے ارشاد ہوتا ہے کہ یہ مال غنیمت ان کا حق ہے جو گھر بار و اموال سے نکالے

شما از پیشانی آنان خواہد شناخت کہ از دیگراں دگرویدہ می پیچیدہ، پر ضد شدہ چیزہا می خواہد صنعت ثانی را فرمودہ است کہ ہردو اقسام افضل اند لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۔ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۔ فے ابرائے فقرائیکہ خانماں را گذاشتہ واز دیار ومال خارج شدند وخواہشمند وجویاں فضل خدا ہستند واعانت دین خدا ورسول وے میکنند در حقیقت اینہم راست گویا وصادق اند وایں صنعت مہاجرین است از گناہان تائب شدند وخان ومان واہل خانماں را گذاشتہ ظاہراً وباطناً با اعدا خدا جنگیدند پس ہر کہ خالصاً للہ تعالیٰ اعمال حسنہ نماید جنت از بہر وے است صوف (بالضم یعنی پشم بعض حیوانات ونوعے از جامہ گندہ پشمیں وموئے دنبہ وپشم) پوشیدن امتیاز مابین فقرا مساکین وامرا کردہ اند یا کہ برائے تعظیم خود جہال صوفیہ می پوشند کہ ہر کسے مائل شود وشاہ صاحب بگوید) دیدہ باشند کہ پیرہن یا قمیص طویل الذیل از قمشہ نفیسہ رقعہ بر رقعہ دوختہ در شیاطعیون دوختہ وے (اجرتے گراں دادہ می پوشند وگویند کہ دلق گدا ہست حالانکہ تارکین دنیا کہ از امراء اغنیاء متنفر بودند واز دیگرے چیزے نمی خواستند) اگرچہ قمیص کہنہ وپوسیدہ می یافتند رقعہ بر رقعہ خود می دوختند مگر سوال کردن گراں وناگوار بود ایں ہمہ اصل خالص وصادق بود کہ نمودند اکنوں نقل شیوہ ارباب صفا ہرچہ میکنند از قلب وشناعش است وفاعلش مزور ومکار است کہ نفس از رہبانیت وجامہ خس پوشیدن پیدا نمی شود از اعمال حسنہ وتقوے نفس سرکش باز می ماند بظاہر از دنیا قطع نمودن

اور وہ اللہ کی مرضی کے جویا ہیں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی مدد کرتے ہیں در حقیقت یہی لوگ سچے اور صادق ہیں اور یہی قسم مہاجرین کی ہے کہ گناہوں سے تائب ہو کر گھر بار اہل وعیال ظاہر وباطناً چھوڑ کر خدا کے دشمنوں سے وہ جنگ کرتے ہیں پس جو شخص خلوص نیت سے اچھے اعمال کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ وہ جنت میں ضرور جائیگا۔ صوف (بالضم یعنی پشم یا حیوانات کی کھال اور ایک قسم کا کپڑا ابھی ہے پشمینہ نام اور دنبے اور بھیڑ کے بالوں کو بھی صوف کہتے ہیں اسکے پہننے سے فقیر اور مساکین اور امرا کے درمیان فرق معلوم ہوتا ہے یا کسر نفس کے واسطے موٹے اور غفت کپڑے پہنتے ہیں مگر اس زمانہ میں اس قسم کے کپڑے بنے نہیں جاتے جاہل صوفی اپنی تعظیم کے واسطے کہ لوگ انہیں شاہ صاحب کہیں وہ ایسے کپڑے پہنتے ہیں۔ دیکھا ہوگا کہ جیسے بڑے بڑے دامن والے کرتے پر عمدہ عمدہ قسموں کے کپڑوں کے پیوند پر پیوند لگواتے ہیں۔ اور درزی کو اسکی مہنگی سلائی دیکر سلواتے ہیں اور وہ پہنتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ فقیری کی گدڑی ہے حالانکہ تارکین دنیا جو امرار واغنیاء سے نفرت رکھتے ہیں اور دوسرے سے کسی چیز کی خواہش نہیں رکھتے، اگرچہ قمیص پرانی پاتے تھے اپس پیوند پر پیوند لگاتے ہیں مگر دست سوال دراز کرنا ان پر شاق گزرتا ہے یہ سب اصل خالص اور صادق ہیں اور شیوہ ارباب صفا کے خلاف قلب وشناعش ہے اور اسکا کرنے والا مزور ومکار ہے اور اسر نفس رہبانیت اختیار کرنے اور غفت وموٹے کپڑے پہننے سے نہیں ہوتا۔ اعمال حسنہ اور تقوی نفس سرکش کو دنیا سے علیحدگی پر مجبور کردیتا ہے اور ان دلق گدا کا لباس پہننا یہ صوفیہ کبار کا شیوہ نہیں ہے

ولباس فقر پوشیدن شیوهٔ صوفیاء کبار رحمہم اللہ بود ؎

ترک دنیا چیست اے مرد فقیر ٭ لا طمع بودن ز سلطان و امیر

الا این نخواہند کرد بلکہ نزد نوابان و امرا و اغنیاء حتیٰ کہ ڈپٹی کلکٹر و صدر اعلیٰ و منصف و تحصیلدار و تعلقہ دار و وکلا و تاجرین وغیرہم تقرب جستہ دولت میربایند و از شعبدہ ہائے گوناگوں مردمان ابلہ را می فریبند اگر کسے ریش و بروت سترده آید مرید میکنند مگر ارشاد نمیکنند کہ حلق ریش ناجائز است از مرتشے بیعت گیرند مگر نا فرمایند کہ رشوۃ حرام است سود خوار مخلصانہ حاضر است و از نذر و نیاز دریغ نکرده بلکہ پیشکشہا آورده از وے ہرگز نخواہند گفت کہ اکل ربوا از نص شرعی حرام است بپرہیزید۔ زنان آوارہ کنجر اگاہ حاضر اند جناب پیر صاحب تلقین نکاح و ہدایت اجتناب از کسب ناجائز نمی فرمایند۔ دیدہ باشند کہ در مجلس حال چہ بدعت و امور ناجائز و ناستوده جاری ست کہ امرداں را از محبت باغوش میگیرند و می گویند کہ این وجد و حال است از آمد و رفت مغنیہ و مطربہ نوجوان و زنان آوارہ و امارد بیہودہ خانہ خویش رمشہور بخانقاه است ، منع کردن نمی توانند بلکہ از آنان سجدہ میگیرند پس نظر فرمایند کہ ازیں صوف پوشاں چہ برمے خیزند (معاذ اللہ) بندہ فقیر از صوفیاء کبار رحمہم اللہ بدگمان نیست و از بیعت و ارشاد و تلقین کارہ نیستم بلکہ بیعت توبہ می گیرم و از مناکر و مناہی شرعیہ ہر یکے را میگریزانم و در فقیر خانہ ملاہے و لاعب را گزرے نیست ، ہر کہ قال اللہ و قال الرسول شنیدن آرزو دارد بشوق تمام حاضر است تشریف بیاورده بنوازد تفسیر و صحاح زیر درس است کتب تصوف رکہ از احادیث رقاق پر ست ، ہموارہ دیدہ ام و می بینم پس ہر چہ باید از قرآن

ترک دنیا چیست اے مرد فقیر
لا طمع بودن ز سلطان و امیر

مگر یہ لوگ جب نوابوں اور امیروں اور دولتمندوں کے پاس جاتے ہیں اور ان کا تقرب حاصل کر کے دولت حاصل کرتے ہیں اور وہ رنگ برنگ کے شعبدے دکھا کر ان کو فریب میں لاتے ہیں اور کوئی ڈاڑھی مونچھ صفاچٹ کرا کر آتا ہے تو اس کو بھی مرید کر لیتے ہیں مگر اس کو ہدایت نہیں کرتے ہیں کہ میاں ڈاڑھی منڈانا ناجائز ہے۔ اور رشوت خوار کو بھی بیعت کر لیتے ہیں اور ارتکاب حرام سے اُسکو باز نہیں رکھتے اور سود خوار کی نذر و نیاز و تحائف قبول کرتے ہیں کبھی دریغ نہیں کرتے ہیں اور اس کو مسئلہ سود خواری کا ہرگز نہیں سناتے بلکہ وہ اُن سے پرہیز کرے۔ رنڈیوں کسبیوں کا مجرا کرائیں گے مگر جناب پیر صاحب موصوف نکاح کی تلقین اور کسب حرام سے باز رہنے کی ہدایت کبھی نہیں کریں گے۔ دیکھا جاتا ہے کہ مجلسوں میں تو کسقدر بدعتیں اور امور ناجائز کا ارتکاب ہوتا ہے اور لڑکوں کو محبت کیسا تھ اپنی گودیوں میں بٹھاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہی وجد و حال ہے اور اپنی خانقاہوں میں گانے اور ناچنے والی عورتوں اور بیہودہ نوجوانوں کو آنے جانے سے منع نہیں کرتے۔ بلکہ ان سے سجدے کراتے ہیں الا یہ کہتے ہیں معاذ اللہ بندہ فقیر صوفیہ کرام رحمہم اللہ تعالیٰ سے ہرگز ہرگز بدگمان نہیں ہے۔ اور بیعت لینے اور ارشاد و تلقین سے ان کے منحرف نہیں ہے بلکہ بیعت توبہ بھی لیتا ہوں اور منکرات و منہیات شرعیہ سے دور بھاگتا ہوں میرے فقیر خانہ میں کھیل و کود و لغو امور کی تعلیم نہیں ہے جو شخص خدا اور رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے احکام سننے کا شائق ہوتا ہے وہ بشوق آتا ہے اور وہ اپنی تشریف آوری سے مجھکو نوازتا ہے تفسیر قرآن مجید اور صحاح ستہ شریف کے احکام زیر تدریس رہتا ہے اور کتب تصوف زچونکہ احادیث ضعیفہ سے بھری ہوئی ہیں ان احادیث

وحدیث بجوئید ذکر و شغل ازیں چہ بہتر خواہد بود از مشائخ خود ہر چہ
یافتم بے تامل اہل را دادہ ام البتہ نا اہلاں و ناکساں را در مدرسہ ام
جائے نیست خوب میدانید کہ از جبہ قدر کتاب و سنت نمی افزاید
نہ از صوف خدا شناسی می آید ع درویش صفت باش کلاہ تتری دار
ہاں انداز متکبرانہ و شیوہ مغرورانہ براہ درویشی راہ می زند حضرۃ
قدسی سیرۃ شیخنا و سیدنا محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ
تعالی عنہ را لباس نفیس و طعام لطیف بود ہر کسے را میفرمودند کہ
عمدہ جامہ بپوشید و مال حلال بخورید تا کہ قوت ذکر الٰہی بیفزاید حضرت
شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی قدس سرہ را قدغن بود کہ ہر کسے
بطور ریا جامہ کثیف پوشیدہ بخانہ ما نیاید اورا بدر کرد نیست
لباس عمدہ بپوشند و پاک و صاف بودہ ذکر و شغل نماید کہ انوار
رحمانی جلوہ گر شود اخلاص باطنی بکار می آید زرد و ریا تمام بندگی
را بر آتش می نہد انہمہ کہ گفتہ ام برائے تسکین شما گفتہ ام پذیرفتنی
است شما را باید کہ لباس نفیس بپوشند تا نفس بطلب وے شما را
در دغدغہ نیاندازد مگر از خدمت کتاب و سنت و احقاق حق و
ابطال باطل دریغے نہ نمایند بسیار افراد انسان کہ از شما تعلق
دارند بر فاہ آنان بعدل و داد پیش آمدن آخرت است و عکس
وے نکال است ماحصل تحریرم اینست کہ اگر لباس ریائی نیست
باکے ندارد و اگر برائے حصول زر و ابروئے دنیوی غدارانہ جامہ
خشن و پشمیں ناقص پوشید پس ازاں در زمرہ درزی صوفیہ
نمی تواں شمرد اکنوں ضیق فرصت را استیلاء کامل داد بشرح
و بسط تمام نتوانم نگاشت۔ آیندہ سامع باقی و متکلم باقی والسلام

خیر الختام

کو میں نے بارہا دیکھا ہے اور دیکھتا ہوں پس جو کچھ ضرورت ہو
ہر شخص کو قرآن شریف و حدیث شریف سے لے لے اس سے
بہتر ذکر و شغل کیا ہو سکتا ہے اور جو کچھ مجھے اس سے ملا ہے وہ
حضرات اہل ذوق کو دیدیتا ہوں اہل کو[1] نا اہل کیلئے میرے مدرسہ
میں جگہ نہیں ہے خوب جان لو کہ وہ قرآن شریف اور حدیث نبوی
کے قدردان نہیں ہیں تو انہیں خدا شناسی و معرفت الٰہی کیونکر
آسکتی ہے۔ ع درویش صفت باش کلاہ تتری دار ؎
ہاں متکبرانہ انداز و مغرورانہ طریقہ راہ سلوک فقیر کا دشمن
ہے شیخنا و سیدنا حضرت محی الدین بن عبد القادر جیلانی
رحمۃ اللہ علیہ عمدہ لباس زیب تن فرماتے تھے اور عمدہ کھانا
نوش جان فرماتے تھے اور وہ ہر شخص سے فرماتے تھے کہ اچھا کپڑا پہنو
اور حلال کھانا کھاؤ تاکہ ذکر الٰہی کی قوت بڑھائے حضرت شیخ
احمد سرہندی مجدد الف ثانی قدس سرہ کا اصرار تھا کہ جو کوئی
دکھاوے کے طور پر میلا کچیلا کپڑا پہن کر ہمارے گھر آئے
اسکو نکال دو۔ لباس عمدہ پاک و صاف پہن کر ذکر و شغل کرے
تاکہ انوار الٰہی اُسے جلوہ آرا ہو اور اخلاص باطنی سے وہ منور ہو
اور دھوکا اور ریا تمام عبادات کو آگ لگا دیتی ہے یہ جو کچھ میں
نے لکھا ہے وہ تمہاری تسکین خاطر کیلئے لکھا ہے جو قابل قبول ہو تم
کو چاہیئے کہ عمدہ لباس پہنو تاکہ نفس اسکی خواہش میں تم کو پریشان
نہ کرے مگر قرآن پاک اور حدیث نبوی کی خدمت اور اثبات حق اور
ابطال باطل میں کوتاہی نہ کرنا۔ اور بہت سے آدمی ایسے ہیں جو تم سے
تعلق رکھتے ہیں ان کے ساتھ عدل و انصاف سے سلوک کرنا ذخیرہ آخرت
ہے۔ اور خلاصہ یہ ہے کہ اگر دکھاوے کا لباس نہیں ہے تو کوئی خوف نہیں ہے
اور اگر روپیہ کمانے کا ارادہ ہے باعزت دکھانے کو دھوکے کا لباس جو پہنا ہے
بُرا ہے تو پہنیں تو اسکا زمرہ صوفیہ کرام میں شمار نہیں ہو سکتا ہے۔ اب

ص تنگی وقت مجھکو مجبور کر رہی ہے ورنہ مفصل حالات تحریر کرتا۔ والسلام

خیر الختام

[1] سلہ وجد و حال والے لوگ ۱۲

مکتوب یکصد و سی ام [۱۳۰]

رسید زر امدادیہ شکریہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی عبد الرحیم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح باد کہ مبلغ بست و پنجروپیہ [۲۵] کہ از کمال محبت واخلاص فرستادہ بودند بذریعہ منی آرڈر وصول شد و بکار ضروری درآمد جزاکم اللہ جزاءً موفورًا وَلَقّٰكُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا وَكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا زیادہ خانہ برکت وعافیت مستدام آباد باد والسلام خیر الختام۔ ۸ رمضان المبارک مقام دہلی

۲۴ جنوری ۱۸۹۹ء مہر ڈاکخانہ تاجپور دربھنگہ

مکتوب یکصد و سی و یکم [۱۳۱]

رسید اجزائے کتاب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت عالی درجت مولوی محمد بشیر صاحب سلمہ ربہ بعد السلام علیکم واضح باد اجزاء کتاب رسید محظوظ گردانید جستہ جستہ دیدہ ام بسیار خوب عنوان است ان شاء اللہ تعالیٰ بامعان نظر دیدہ واپس خواہم کرد این رقعہ بطور رسید می فرستم۔ والسلام خیر الختام۔

مکتوب یکصد و سی و دوم [۱۳۲]

شکریہ امداد زر

ایکسو تیسواں خط [۱۳۰]

روپیہ پہونچا شکریہ قبول کیجیے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی عبد الرحیم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو کہ مبلغ پچیس [۲۵] روپے جو انتہائی محبت واخلاص سے آپ نے بھیجے تھے وہ بذریعہ منی آرڈر وصول ہوکر ضروری امور میں خرچ ہوئے۔ خدا تم کو جزائے خیر دے اور اللہ تعالیٰ تم کو مسرور وخوش رکھے۔ اور تمہاری سعی مشکور ہو۔ اور تمہارا گھر ہمیشہ بابرکت وباعافیت رہے۔ والسلام خیر الختام

مورخہ ۸ رمضان المبارک از دہلی

ایکسو اکتیسواں خط [۱۳۱]

اجزاء کتاب پہونچے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بخدمت عالی درجت مولوی محمد بشیر صاحب سلمہ ربہ بعد السلام علیکم کے واضح ہو کہ اجزاء کتاب پہنچے مسرت ہوئی اور تھوڑے تھوڑے مقامات سے اسکو دیکھا ہے اسکا بہت ہی بہتر طرز ہے ان شاء اللہ تعالیٰ بغور دیکھ کر واپس کروں گا۔ یہ خط بطور رسید لکھ رہا ہوں۔ والسلام خیر الختام

ایکسو بتیسواں خط [۱۳۲]

روپیہ پہنچنے کا شکریہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بگرامی خدمت مولوی صاحب والا مناقب عالی مراتب مولوی عبدالرحیم صاحب۔ بعد السلام علیکم واضح باد کہ مبلغ بست و پنج روپیہ مرسلہ گرامی بذریعہ منی آرڈر وصول شد و بقبض در آمد جزاکم اللہ جزاءً موفوراً و کان سعیکم مشکوراً۔

ع۔ ما از تو برخوریم و تو از عمر برخوری

ع۔ دعا از من اجابت از خدا باد ❊ درینولا کمال ضعف بر تمام اعضاء مستولی گردیدہ کہ نشست و برخاست دشوار است۔ زیادہ والسلام خیر الختام بصاحبزادگان میاں عبدالوہاب صاحب و مولوی عبدالعزیز صاحب سلام قبول باد برب العباد۔

مکتوب یکصد و سی و سوم ۱۳۳

شکریہ امداد زر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی عبدالرحیم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ واضح باد کہ حسب معلوم معہود بست روپیہ مرسلہ آنصاحب بذریعہ منی آرڈر وصول شد و بقبض در آمد جزاکم اللہ تعالیٰ جزاءً موفوراً و کان سعیکم مشکوراً

زیادہ والسلام از سید عبدالسلام السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ قبول باد [illegible] ذی الحجہ [illegible] ضلع دربھنگہ

مکتوب یکصد و سی و چہارم ۱۳۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین عالی مراتب والا مناقب مولوی عبدالرحیم صاحب۔ بعد السلام علیکم مسنونہ واضح ہو کہ مبلغ پچیس ۲۵ روپے بذریعہ منی آرڈر وصول پائے۔ خداوند قدوس تم کو بہت کچھ جزائے خیر دے اور تمہاری کوشش بارور کرے ع ما از تو برخوریم تو از عمر برخوری ❊

ع۔ دعا از من اجابت از خدا باد ❊ کمزوری ونقاہت حد سے زیادہ ہوگئی ہے۔ حتیٰ کہ اٹھنا بیٹھنا بھی مشکل ہوگیا ہے۔ زیادہ والسلام خیر الختام۔

صاحبزادوں میں سے میاں عبدالوہاب صاحب و مولوی عبدالعزیز صاحب کو میرا سلام پہنچے۔

ایک سو تینتیسواں خط ۱۳۳

شکریہ روپیہ پہونچنے کا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی عبدالرحیم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو حسب اطلاع مبلغ بیس ۲۰ روپے بذریعہ منی آرڈر وصول پائے جزاکم اللہ تعالیٰ جزاءً موفوراً و کان سعیکم مشکوراً۔ زیادہ والسلام اور سید عبدالسلام کی طرف سے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ قبول ہو

۱۰ ذی الحجہ از دہلی

ایک سو چونتیسواں خط ۱۳۴

رسید ہدیہ انبہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی عبدالرحیم صاحب سلمہ اللہ تعالی بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد کہ ہدیہ انبہ ۹۷ دانہ رسیدہ ہدیہ حبیب حبیب شد جزاکم اللہ تعالی فی الدارین ع ما از تو برخوریم و تو از عمر برخوری
بہر حال زیر بار احسان توام ؎

گل ریاض جلالت ہمیشہ خنداں باد
نسیم لطف تو آرام دردمنداں باد

وحال خود چہ نویسم کہ چشم وگوش وتمام اعضاء از کار بیکار شدہ در مسجد بسواری ڈولی می روم وبول وبراز نشستہ بدشوار تمام میکنم ونوشتن چہار سطر دشوار میشود۔ ترصد کہ گاہ از خیریت مزاج مبارک متعلقان ووابستگان خود مسرور نمودہ باشند
زیادہ والسلام خیر الختام ۲۷ جمادی الثانی مہر ڈاک خانہ تاج پور در بھنگہ ۱۸ مئی ۱۸۹۹ء

مکتوب یکصد وسی وپنجم ۱۳۵

باطلاع بیماری وضعف کثیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی سید عبدالعزیز صمدنی سلمہ ربہ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد۔ پیش ازیں نوشتہ ام افسوس کہ سعد آباد قریب است در انجا رسیدن دشوار نیست شاید کہ تا ایام موسم ضعف

رسید آم پہونچنے کی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی عبدالرحیم صاحب سلمہ اللہ تعالی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔
واضح ہو کہ آموں کا ہدیہ پہونچا۔ حبیب کا تحفہ بھی حبیب ہوتا ہے۔ جزاکم اللہ تعالی فی الدارین۔ ع
ما از تو برخوریم و تو از عمر برخوری ؎ بہر حال تمہارے احسان سے زیر بار ہوں ؎

گل ریاض جلالت ہمیشہ خنداں باد
نسیم لطف تو آرام دردمنداں باد

میں اپنا حال کیا لکھوں میری آنکھیں اور کان اور تمام اعضاء اب جواب دے چکے۔ ڈولی میں بیٹھ کر مسجد جاتا ہوں اور بمشکل بیٹھ کر پیشاب و پاخانہ کرتا ہوں۔ چار سطریں لکھنی دشوار ہیں امیدوار ہوں کہ اپنی مع متعلقین خیر و عافیت کی خبر کبھی کبھی دیا کریں تو نہایت خوشی ہوگی۔ زیادہ والسلام خیر الختام ۲۷ جمادی الثانی از دہلی

ایکسو پینتیسواں خط ۱۳۵

بیماری ہے ضعف بہت بڑھتا جاتا ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی سید عبدالعزیز صاحب صمدنی سلمہ ربہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے بعد واضح ہو کہ قبل ازیں میں اپنی صحت کے متعلق لکھ چکا ہوں افسوس کہ سعد آباد قریب ہے اور وہاں پہنچنا مشکل نہیں ہے

بسیار است در مسجد رفتن نمی توانم الا بسواری به مسجد
برائے پنجگانہ میروم اگر فرصت باشد از دیدار خود مسرت
بخشند چرا کہ سفر حقیقی بپیش دارم بکمال تکالیف این چند سطور
بطلب ایشان نوشتہ اند فقط دیدن ایشان آرزو داریم
والسلام خیر الختام

مکتوب یکصد و سی و ششم ۱۳۶

استحسان نسبت تحقیق سنت عقیقہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی صاحب
جامع الحسنات والکمالات مولوی محمد شمس الحق صاحب سلمہ
ربہ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح رائے سامی باد
کہ در ینجا بفضل الٰہی خیریت است وخیر وعافیت آں جامع
حسنات مطلوب رسالہ درباب تحقیق سنت عقیقہ کہ نوشتہ
اند بنظر گزشتہ موضح مرام شد الحمد للہ کہ انصاحب
بکمال تحقیق حقیق از کتب علماء ثقات محققین مسئلہ مبحوث
عنہارا بنگاشتند وامرے در تصریح وتنقیح آں فرو نگذاشتند
وعلم ظفر پیکر بنام نامی خود برداشتند وغبار جہالت بر چہرہ
مقابل الد الخصام نہا شتند جزاکم اللہ خیرا فی

مگر شاید میرا خط نہ پہنچ سکے ضعف حد سے زیادہ ہے مسجد
میں بھی پنجگانہ ادا کرنے کیواسطے ڈولی میں جاتا ہوں اگر فرصت
ہو تو مجھ سے مل جاؤ۔ مجھ کو سفر آخرت در پیش ہونیوالا ہے ہزار
مشکل یہ چند سطور آپکے بلانیکی لکھی ہیں۔ صرف تم کو دیکھنے کی آرزو
ہے۔ والسلام خیر الختام۔

اکسو چھتیسواں خط ۱۳۶

بہت اچھی تحقیق کی ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی صاحب
جامع الحسنات والکمالات مولوی محمد شمس الحق صاحب سلمہ ربہ
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو کہ یہاں بفضلہ تعالیٰ خیریت
ہے اور خیریت وعافیت آنجناب کی مطلوب۔ جناب کا رسالہ
عقیقہ میری نظر سے گزرا۔ الحمد للہ کہ جناب نے مسئلہ
مبحوث عنہا کے بارے میں علماء ثقات محققین کی تحقیق کو
خوب قلمبند کیا ہے اور اوبی تحقیق وتنقیح بھی آپ نے کماحقہ
کی ہے۔ کامیابی کا جھنڈا آپ نے اپنے نام پر لہرایا ہے اور جہالت
کا غبار سخت ترین دشمن کے چہرے پر ملا ہے جزاکم اللہ
فی الدارین کہ سنت سنیہ اور رسم آئیں پسندیدہ کا

حضرت مولانا محمد شمس الحق ابو طیب سلمہ اللہ تعالیٰ رئیس ڈیانواں ضلع پٹنہ۔ آپ حضرت میاں صاحب رح کے شاگرد رشید تھے
اور آپکی تصانیف عون المعبود وشرح صغیر ابو داؤد وغایۃ المقصود وشرح کبیر ابو داؤد اور رسالہ اور کتابیں عربی وفارسی میں آپکی یادگار
ہیں اور آپ کے برادر خورد مولوی محمد اشرف الحق صاحب رئیس ڈیانواں بھی حضرت میاں صاحب کے شاگرد تھے۔
محمد عبد الرؤف عفی عنہ

الدّارین کہ مدد سنت سنیہ دادند در رسم و آئین طریقۂ فرضیہ

زہے معجز نمائے سحر کردار ❊ کلیم معنی از گلشن عصا دار
ازو فرعونیاں را دل دو نیم است ❊ بلے مصر معانی را کلیم است
ندانم وصف طبع آں گہر سنج ❊ کہ گنجور است با گنجینہ با گنج

زادک اللہ علماً نافعاً وفہماً کاملاً والسلام ۱۲۹۷ھ

مکتوب یکصد و سی و ہفتم ۱۳۷

بعیادت مرض۔ رسید زر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی عبد الرحیم سلمہ اللہ تعالیٰ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد کہ از استماع لحوق عارضہ ضیق النفس میاں عبد الوہاب صاحب رکہ آنصاحب نوشتہ اند، موجب تاسف وتلہف شد خداوند کریم بفضل عمیم خود مشار الیہ شفائے کلی بخشد روست و پنجروپیہ مبذولہ شامی بذریعہ منی آرڈر وصول گردید جزاکم اللہ فی الدارین داین عاجز بچند امراض مبتلی است کہ نشست وبرخاست دشوار است لیکن طوعاً وکرہاً سبق طلبہ حدیث بدستور جاری است زیادہ والسلام خیر الختام مولوی محمود صاحب ودیگر احباب ہدیہ سلام من قبول باد ۲۷ صفر منمقام دہلی مہر انگریزی ڈاکخانہ دربھنگہ ۲۹ جولائی ۱۹۰۰ء

کا حق ادا کردیا ہے۔ ؎

زہے معجز نمائے سحر کردار ❊ کلیم معنی از گلشن عصا دار
ازو فرعونیاں را دل دو نیم است ❊ بلے مصر معانی را کلیم است
ندانم وصف طبع آں گہر سنج ❊ کہ گنجور است با گنجینہ با گنج

اللہ تعالیٰ آپکو نافع علم اور کامل فہم زیادہ عطا فرمائے۔ والسلام ۱۲۹۷ھ

ایکسو سینتیسواں ۱۳۷ خط

مریض کی عیادت۔ روپیہ پہونچا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی عبد الرحیم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو کہ میاں عبد الوہاب صاحب کو دمہ کا عارضہ ہوگیا ہے۔ سنکر سخت افسوس ہوا۔ خداوند کریم اپنے فضل سے صاحب موصوف کو شفائے کلی بخشے آمین عطیہ جناب مبلغ پچیس ۲۵ روپے بذریعہ منی آرڈر وصول ہوئے جزاکم اللہ فی الدارین یہ عاجز کئی مرضوں میں مبتلا ہے۔ نشست وبرخاست تک دشوار ہے۔ لیکن طلبہ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سبق الحمد للہ بدستور جاری ہے۔ زیادہ والسلام خیر الختام۔ مولوی محمود صاحب ودیگر رفقاء کو ہدیہ سلام

۲۷ صفر المظفر ۱۳۱۸ھ

از دہلی

ف ۱ جناب مولوی محمود صاحب جناب مولوی عبد العزیز صاحب جناب مولوی عبد الرحیم صاحب جناب مولوی محمد یٰسین صاحب جناب شیخ احمد اللہ صاحب رئیس رحیم آباد ضلع مظفر پور کے صاحبزادگان ہیں۔ اور جملہ صاحبزادگان حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد رشید ہیں۔

مکتوب یکصد و سی و ہشتم ۱۳۸

باطلاع علالت خود التوائے سفر جنوب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بگرامی خدمت مولوی محمد ابن احمد ناگپوری سلمہ ربہ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد پوسٹ کارڈ از حالات ایشاں آگاہی داد بندہ فقیر از استیلاء علالت چند در چند تاب وطاقت حرکت ندارد لہذا سفر جنوب زیر التوا است اگرچہ اعیان برار متواتر مرا دعوت دادہ اند الا جملہ امور وابستہ مرضی او تعالیٰ شانہٗ است۔ والسلام خیر الختام

مکتوب یکصد و سی و نہم ۱۳۹

شکریہ رسید انبہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گل ریاض جلالت ہمیشہ خنداں باد ٭ نسیم لطف تو آرام دردمنداں باد

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی عزیز والا مراتب عزیزی مولوی عبد الرحیم صاحب سلمہ اللہ الواہب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مکاتبہ العزیز چہرہ وصول افروختہ مسرور و مبتہج گردانید آنچہ درباب انبہ مرسلہ مستفسر شدہ اند کہ کدام جنس از انواع انبہ مرغوب گردانیدہ نزدم انواع اربعہ (مرسلہ) ذائقہ بخش است ولائق مرغوب طبع ہر کہین ومہین اما فقیر را انبہ مالدہ (یعنی) زیادہ تر مرغوب است الحمد للہ کہ جمیع انبہ فرستادہ عزیز صحیح وسالم رسیدہ ہم از آں خراب بوسیدہ

اکیسو اڑتیسواں خط ۱۳۸

ابھی بیماری کے باعث سفر دکن ملتوی ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین۔ مولوی محمد ابن احمد ناگپوری سلمہ ربہ۔ بعد السلام علیکم کے واضح ہو کہ پوسٹ کارڈ ملا کاشف حال ہوا بندہ فقیر علالت کی وجہ سے اس قابل نہیں کہ کہیں حرکت نقل کر سکے لہذا سفر دکن میرا سر دست ملتوی ہے۔ اگرچہ برار کے شرفاء ومعززین برابر مجھ کو بلا رہے ہیں مگر تمام امور اللہ جل شانہٗ کی مرضی کے تابع ہیں۔ والسلام خیر الختام

اکیسو انتالیسواں خط ۱۳۹

آموں کے پہنچنے کا شکریہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گل ریاض جلالت ہمیشہ خنداں باد ٭ نسیم لطف تو آرام دردمنداں باد

عاجز محمد نذیر حسین ــــــ عزیزی مولوی عبد الرحیم صاحب سلمہ اللہ الواہب مطالعہ گرامی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ تمہارے نورانی خط نے اپنے چہرہ زیبا کو دکھا کر میرے دل کو تسکین دی آپ نے جو آموں کے متعلق دریافت کیا ہے کہ کونسی قسم آم کی آپکو مرغوب ہے تو انکی مجھکو تو چاروں قسمیں آم کی خوش ذائقہ ہیں جو ہر شخص کو مرغوب طبع ہیں مگر فقیر کو تو مالدہ آم زیادہ پسند ہے۔ الحمد للہ جتنے آم آپ نے بھیجے ایک بھی ان میں خراب نہیں ہوا۔ اور سب مجھکو خوش ذائقہ معلوم ہوئے۔

گردیدہ بود و جمیع اقسام بذائقہ ام خوشگوار شد جزاک اللہ فی الدارین خیراً ع ما از تو برخوریم و تو از عمر برخوری ۞ کیفیت مزاجم بدستور چیزے درد فرق و افاقہ نیست دل رو با فزایش، ہنوز خانصاحب رسید انبہ نفرستادند اکنون معلوم شد کہ نوشتہ حوالہ کسے اطفال خویش نمودہ بودند بدیں وجہ تراخی رو دادہ اینک مشمول رقیمہ ہذا می فرستم۔ والسلام خیر الختام۔ مورخہ بست و کیم ربیع الاول۔

جزاک اللہ فی الدارین خیراً ع ما از تو برخوریم و تو از عمر برخوری ۞ میرا حال وہ ہی ہے درد میں ذرہ برابر کمی نہیں بلکہ کچھ اور زیادتی ہی ہے۔ فی الواقع خانصاحب نے ابتک آموں کی رسید نہیں بھیجی اب معلوم ہوا ہے کہ بچوں میں سے ایک کو خط دیدیا تھا (ان کا) تو اس وجہ سے جواب میں تاخیر ہوئی۔ میں اسکو بھی اس خط کے ہمراہ بھیج رہا ہوں۔ فقط والسلام خیر الختام۔ مورخہ ۱۲ ربیع الاول

ایکسو چالیسواں خط [۱۴۰]

رسید انبہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ از عاجز نذیر حسین بمطالعہ گرامی عزیز القدر والا مرتبت عزیزم مولوی عبد الرحیم سلمہ اللہ تعالیٰ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مکاتبہ عزیز مع بلٹی انبہ وصول ہو کر مسرور الوقت کیا تو کرہ مرسلہ طلب کر لیا گیا کل آم ۳۸۰ تھے ۲۰ آم ریل والوں نے غالباً نکال لئے۔ حسب تحریر آپ کے موازی ۲۵ آم خانصاحب اور ۵ آم مولوی تلطف حسین صاحب کو بھیج دئے گئے۔ چنانچہ مولوی صاحب کی رسید جاتی ہے۔ خانصاحب موصوف نے علیحدہ رسید بھیجنے (کھینے) کا وعدہ فرمایا ہے اللہ تعالیٰ آپکو بدیں یادآوری صحیح وسالم رکھے۔ میں بھی بدستور علیل ہوں۔ پیر کا درد جاتا نہیں کوئی دوا سود مند ہوتی نہیں نشست برخاست سے بھی مجبور ہوں دعا کیجئے کہ بقیہ زندگی کو تکالیف گوناگوں سے مامون رکھے اور خاتمہ طریقہ محمدیہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم پر کرے آمین۔ امید کہ گاہ گاہ خیر و عافیت اپنی سے آگاہ کرتے رہیں زیادہ والسلام خیر الختام از کاتب الحروف محمد عبد الحفیظ سورج گڈھی سلام مسنون مستجاب یاد از تلطف حسین بخدمت مولوی عبد الرحیم صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ۔ ۱۵ عدد انبہ بواسطہ جناب میاں صاحب مدظلہ کے وصول ہوئے۔ ممنون کرم ہوا۔ زیادہ والسلام۔ ۱۹ رجون ۱۹۰۲ء

وضاحت مکتوب: یہ والانامہ حضور امام مجدد کا قلمی یا دستخطی نہیں ہے کیونکہ طرز تحریر بد ربط و بد محاورہ ہے۔ مجھے یقین ہے کہ حضور نے ملاحظہ فرما کر سنا بھی نہ ہوگا۔ ۱۲ منہ

وضاحت مکتوب ۱۴۰: یہ خط حضرت امام مجدد رضہ کا لکھا ہوا یا بتایا ہوا معلوم نہیں ہوتا۔ حضور کی عنایت باتمکین ہوتی تھی ۱۲ حضرت میاں صاحب کے بائیں گھٹنے میں درد تھا جو کہ آخر وقت تک نہیں گیا اور اسی دوران مرض میں مابین عصر و مغرب مورخہ ۱۵ رجب المرجب ۱۳۲۰ھ مطابق ۱۷ اکتوبر ۱۹۰۲ء بعمر ۱۰۱ سال میں وصال فرمایا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مزار مبارک عقب عیدگاہ شاہی قبرستان قوم پنجابیان احاطہ نذیریہ اپنے پس ماندگان کے ساتھ مدفون ہیں۔ سید محمد عبد الرؤف عفی عنہ

مکتوب یکصد و چہل و یکم (۱۴۱)

مشعر ترغیب اشاعت سنت ابذال خیر دولت گرانمایہ است

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت معین المجاہدین شیخ احمد اللہ صاحب دام اقبالہ بعد السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ ہویدا باد کہ دنیا نزد موحدین بجوی ہمی ارزد چہ کہ او فضلہ ریا کاران است یا کہ بیت الخلا است کہ در روے براے رفع حاجت رفتن ضروری است پس بطوریکہ دراں میروند در دنیا نیز معاشرت کردنی دوم راست نمودنی اگر بدوران حیاۃ خویش انسان محاسبہ نفس نماید از مکارہ دنیا محفوظ باشد از تکاثر مال و تزاید درجات کسے را محترز ندیدہ ام ع

ہر کسے دربند دنیا ماندہ است ٭ مرا کہ گدائے بوریا نشین و کرباس پوش ہستم از اذخار ذخائر چہ نسبت ہر چہ کہ روزی رساں از بامداد تا بشام می بخشد بصرف می آید روز دیگر چاہ کندن و آب خوردن پیش نظرے باشد از تونگراں باید پرسید کہ بخیالہ گیتی مزور سرا پا معمور اندو با نصرام اندوختن و زیر زمین کردن مجبور پس لازم است کہ خدا تعالیٰ ہر چہ بخشد بصد سپاس گزاری بگیرد و از ہوس تکاثر بپرہیزد چہ کہ ہر چہ زیر زمیں خواہد ماند خست خواہد شد۔ یا نصیب دیگرے باشد آنجناب ہزارہا اشرفیہا کہ نصرت دین محمدیہ سیما با شاعت سنت نبویہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف نمودہ اند۔ ذخائر براے ثواب بحصہ آنصاحب محفوظ است من فقیر را ہموارہ سگال دولت و ہوا خواہ شام والسلام علیکم خیر الختام

اکیسو اکتالیسواں (۱۴۱) خط

سنت بڑی دولت ہے نیکی کے بھی بڑے درجات ہیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین معین المجاہدین شیخ احمد اللہ صاحب دام اقبالہ۔ السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ کے بعد واضح ہو کہ دنیا مجاہدین کے نزدیک ایک جو کی قیمت نہیں رکھتی کیونکہ وہ ریا کاروں کا فضلہ ہے۔ اور یا بیت الخلا کے مانند ہے کہ رفع حاجت کیواسطے جسطرح وہاں جانا ضروری ہے اور جسطرح وہاں جاتے ہیں اسی طرح وہ دنیا میں رہتے ہیں۔ دوسرے اگر زندگی میں انسان اپنے نفس سے حساب لیتا رہے تو مکروہات دنیا سے وہ محفوظ رہیگا۔ میں نے کسی کو مال کی فراوانی و ترقی مدارج کی خواہش سے کنارہ کش نہیں پایا ع

ہر کسے دربند دنیا ماندہ است ٭ کہ میں تو بورے پر بیٹھنے والا اور ٹاٹ پہننے والا ایک فقیر ہوں مجھکو مال و دولت جمع کرنے سے کیا واسطہ اللہ تعالیٰ جو کچھ صبح سے شام تک بخشتا ہے وہ خرچ میں آتا ہے۔ دوسرے دن وہی کنواں کھودنا اور وہی پانی پینا میرے مد نظر رہتا ہے۔ دولتمندوں سے پوچھنا چاہیئے کہ وہ مکار زمانہ کی کیچڑ کیطرح سرتاپا لتھڑے ہوئے ہیں اور مال جمع کرنے کے لئے زمین میں دفن کرنے کے لئے مجبور ہے لہذا ضروری ہے کہ جو خدا دے بندہ اس پر شکر کرے اور فراوانی سے پرہیز کرے چونکہ جو مال زمین رہیگا دھنس جائیگا یا دوسرے کے ہاتھ لگیگا جناب نے ہزاروں اشرفیاں دیں جو دین محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اشاعت میں صرف کی ہیں جناب کیلئے ثوابوں کے ڈھیر جمع اور محفوظ ہیں فقیر کو بھی خیر خواہ دولت تصور کرنا چاہیئے۔ والسلام خیر الختام

مکتوب[۱۴۲] یکصد و چہل و دوم

باظہار پسندیدگی رسید کتب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت العزیزی سید عزیز العلماء عبد العزیز صمدنی سلمہ ربہ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ، واضح باد کہ کتابہا ئے عزیزی الاخلاق و عزیزی الآفاق و عزیز العارفین رسید جستہ جستہ دیدم۔ بسیار محظوظ شدم۔ ہرگاہ کہ بالاستیعاب خواہم دید تنقید من خواہم پرداخت تالیف شما چہ گویم ہمہ را از خود می شمارم۔ جودت خداداد و تحقیق کامل و فصاحت تقریر و بلاغت تحریر کہ در بہرہ خود یافتہ اند۔ دیگرے را بخشیدہ اند سپاسگزاری خداتعالیٰ ہستم چہ کہ ایشاں طال عمرہٗ بمقاصد و مطالب ہمہ خانہ بر داشتہ می نگارند دیگرے بغور و تعمق نمی تواند نوشت ایزد متعال۔ ایشاں را و آل ایشاں را از حوادث زمانہ مصئون دارد بحرمۃ النون والصاد۔

والسلام خیر الختام۔

مکتوب[۱۴۳] یکصد و چہل و سوم

متضمن تہدید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز سید محمد نذیر حسین بخدمت مولوی محمد خاں صاحب بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ واضح باد کہ طریقہ و روّیہ ایشاں شنیدہ دلم کباب شد کہ شما از کتب و سنت تعلق التیاد نماند

اکیسو بیالیسواں[۱۴۲] خط

کتابیں پہونچیں۔ نہایت پسند ہیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین عزیزی سید عزیز العلماء عبد العزیز صمدنی سلمہ ربہٗ کی خدمت میں بعد السلام علیکم واضح ہو کہ عزیز الاخلاق و عزیز الآفاق و عزیز العارفین پہنچیں تھوڑے تھوڑے مقامات سے دیکھا جو دیکھ کر بہت خوشی ہوئی جب پوری طرح دیکھ لوں گا تنقید لکھوں گا۔ تمہاری تالیفات کو کیا بتاؤں جس کو اپنی تصنیف سمجھ رہا ہوں خداداد تیزی دماغ و کامل تحقیق اور تقریر کی فصاحت تحریر کی بلاغت جو آپ کے ہاں ہے دوسرے کو نصیب نہیں۔ میں خداوند عالم کا شکر گزار رہتا کہ یہ صاحب طال عمرہٗ اپنے مقاصد و مطالب کو قلم برداشتہ اسطرح لکھتے ہیں کہ دوسرا بغور و تامل بھی ایسا نہیں لکھ سکتا۔ خداوند تعالیٰ تمکو اور تمہاری اولادوں کو زمانہ کی سختیوں سے محفوظ رکھے بحرمۃ النون و الصاد۔ والسلام خیر الختام

اکیسو تینتالیسواں[۱۴۳] خط

چشم نمائی کی گئی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز سید محمد نذیر حسین۔ مولوی محمد خاں صاحب بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ کے واضح ہو کہ آپکا روّیہ اور طریقہ سنا جس سے دل کباب ہو گیا کہ تم کو کتاب اللہ و سنت نبوی ﷺ

دولت مندوں سے پوچھنا چاہتے کہ وہ مکار زمانہ ہیں دنیا کی کیچڑ میں لتھڑے ہوئے ہیں اور مال جمع کرکے زمین میں دفنانے پر مجبور ہیں۔

گویا کہ گاہے از شعار دین ربطی نمی داشتند بہنگام طالبعلمی آن ہمہ شور انشوری بود کہ ہر کسے را از ذات شما امیدہا بود و اکنون بریں حال کہ ہمہ بدعات از خانۂ شما بہ دیگران رسید و ایشان پنبہ بگوش نہادہ اند۔ معاذ اللہ کہ اہلیۂ شما (خدائی رات) شب بیداری کردہ مجلس رقص و سرود و مغنیہ آراستہ می نماید شاید کہ فرزند ایشان از مرض صعب شفا یافتہ است و آن صاحب فاتحہ خواندہ سلامت ذات خدا تعالیٰ خواستند شاید کہ خدا را ایشان شمردہ اند کہ برائے سلامت ذات و صفات او جل شانہ دعاہا کردند این ہمہ بس بود کہ بشکرانہ اش چیزے بمستحقین بخشیدندے دعا از عمرے فرزندے خویش نمودندے (خدائی رات) شب خدا نیست بلکہ از اعمالش خدا جدا می شود این ہمہ بدعت کردہ اند از شب بیداری و عبادت خدا رقص و سرود را چہ نسبت است چرا کہ اکبر کلاں (تیموریہ) را زن ہندو بود کہ بنام مہادیو رت جگہ میکرد دیگر زنان باتباع و تقلید اش رائج کردہ مقلد وے شدند و رت جگہ را بلفظ خدائی رات تبدیل نمودند۔ اب از سر نگذشتہ است و در توبہ وا نابت باز است مکار و بدعت تائب ماندہ بود ورنہ شما دانید و کار شما را کہ تبلیغ احکام کتاب و سنت سر و شغف است ہر کسے تبلیغ می رساند والسلام خیر الختام۔

سے کوئی تعلق نہیں گویا کہ کبھی امور دینیہ سے تم کوئی واسطہ ہی نہ رکھتے تھے طالبعلمی کے زمانہ میں تو وہ زور شور رکھتے تھے کہ ہر شخص کو تم سے بہت کچھ امیدیں بندھ گئی تھیں لیکن تم پر افسوس ہے کہ ساری بدعتیں تمہارے گھر سے اوروں تک پہنچتی ہیں اور تم ہو کہ کانوں میں روئی رکھ کر بیٹھے ہوئے ہو تمہارے گھر میں سے (خدائی رات) ساری رات جاگیں اور گانے بجانے کی محفل آراستہ کی جائے اور تمہارے لڑکے نے بڑے مہلک مرض سے صحت پائی تھی تو چاہیے تھا کہ فاتحہ پڑھ کر خدا تعالیٰ سے اسکی سلامتی کیلئے دعا مانگتے بس اتنا کافی تھا اور اسکے شکریہ میں کچھ مساکین کو خیرات کر دیتے اور فرزند کی درازی عمر کیلئے دعا کرتے (خدائی رات) خدا کی رات نہیں ہے بلکہ تمہارے اس کرات کی کرتوتوں کی وجہ سے خدا تعالیٰ جدا ہو جاتا ہے یہ کیا انوکھی بات ہے بلکہ شب بیداری اور عبادت پروردگار کیلئے ہے اور ناچ اور گانے وغیرہ سے کیا نسبت

اکبر بادشاہ کی ایک بیوی ہندنی تھی وہ مہادیو کا رت جگا کیا کرتی تھی دوسری عورتوں نے بھی اسکی تقلید و پیروی میں گمراہی اختیار کر لی اور اسکی سب پیروی کرنے لگیں۔ رتجگا کے لفظ کو خدائی رات میں تبدیل کر لیا ہے۔ ابھی پانی سر سے نہیں گزرا ہے توبہ کا دروازہ کھلا ہے تمام بدعتوں سے توبہ کرو ورنہ تم جانو اور تمہارا کام جانے۔ مجھکو چونکہ تبلیغ احکام کا مجھکو شوق ہے جو ہر شخص کو تبلیغ کرتا رہتا ہوں۔ والسلام خیر الختام۔

مکتوب یکصد و چہل و چہارم ۱۴۴

متضمن اجازت ورد سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایک سو چوالیسواں خط ۱۴۴

اجازت سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز سید محمد نذیر حسین بخدمت جامع الحسنات والکمالات مولوی حافظ نواب احمد یار خاں صاحب سلمہ ربہ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد کہ درباب اجازت ورد کَلِمَتَانِ خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ الحدیث نوشتہ اند بسم اللہ رخصت می دہم شاید کہ التماس بندہ فراموشیدہ اند کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بحدیث کہ مجاز ہر یکے را نمودہ اند از بندہ چہ می پرسند بلکہ بے تامل صد صد بار بعد عشا را باید خواند۔ حضرت امیر المومنین جدنا وسیدنا علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ ورشب حرہ ناغہ اش نمودہ بودند۔ بسیار نافع در امور دین ودنیا یافتہ ام۔ اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِيْ عَنِ النَّارِ را بعد وتر ہموارہ یکصد ویکبار می خواندہ باشند کہ مثمر برکات وحسنات است یقین غالب کہ گاہے نظر بمعاصی نخواہند نمود برادر ایشان بسیار خوش حال دارد وآغاز سنن ابی داود کردہ است ذہن وقادی یابم والسلام خیر الختام۔

مکتوب یکصد وچہل وپنجم ۱۴۵

مشعر نصائح دلپذیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز سید محمد نذیر حسین بخدمت العزیزی سید عبد العزیز صمدنی سلمہ ربہ بعد السلام علیکم وبرکاتہ ہویدا باد کہ دنیا گزشتنی و نیز گذاشتنی است چوں مسافر از وے ربطے باید نہ مثل مقیم چرا کہ آمیزش ہموارہ پر نکال ومایہ وبال است۔ من کہ لب گور ہستم ہمیشہ با ایشاں گفتہ ام کہ اول بالقیام وبکدی امور ایں ہمہ بہ انجام پذیر نشود کہ با صراف زر خطیر ودولت کثیر بسا لہا روا نگردد فلہذا

عاجز سید محمد نذیر حسین جامع الحسنات والکمالات مولوی حافظ نواب احمد یار خانصاحب سلمہ ربہ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو کہ آپ نے جو وظیفہ کَلِمَتَانِ خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ الحدیث کی اجازت مجھ سے چاہی ہے۔ میں اسکی اجازت دیتا ہوں جو میں نے آپ سے کہا تھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حدیث شریف کی دعاؤں کی ہر شخص کو اجازت دیدی ہے پھر مجھ سے آپکو اجازت لینے کی کیا ضرورت ہے بلکہ بلا تامل سو سو بار بعد نماز عشاء ضرور پڑھنا چاہیے۔ سیدنا وجدنا حضرت امیر المومنین علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ رات کو روزانہ پڑھا کرتے تھے اور دین ودنیا کے امور میں بھی بیحد نافع ہے وتروں کے بعد ایکصد ایکبار اور اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِيْ عَنِ النَّارِ پڑھ لیا کریں۔ برکات وحسنات آپکو حاصل ہونگی یقین تو یہ ہے کہ گناہوں کی طرف بھی خواہش تمہاری نہ ہوگی۔ تمہارے بھائی اچھی طرح ہیں سنن ابو داؤد شریف انہوں نے شروع کر دی ہے اور وہ بہت ذہین آدمی ہیں والسلام خیر الختام

ایکسو پینتالیسواں خط ۱۴۵

عمدہ نصیحتیں کیگئی ہیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز سید محمد نذیر حسین عزیزی سید عبد العزیز صمدنی سلمہ ربہ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح ہو کہ دنیا گذشتنی وگذاشتنی ہے مسافر کو اس طرح مقیم کی طرح تعلق نہ رکھنا چاہیے اسلئے کہ ہمیشہ اسکی محبت عبرتناک ہوتی ہے میں تو قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہوں اور میں نے بارہا کہا ہے کہ بعض امور ایسے ہیں کہ جو محبت اور خلوص سے انجام پا سکتے ہیں کہ سالہا سال

نرمی ورافت قلبی باید نمود۔ دوئم۔ علوم دین خصوصاً کتاب و سنت را اشاعت و ترویج باید داد کہ سرمایہ حسنات و مبرات است این ہمہ کہ آموختہ اند با صرف کثیر و جانکاہی یافتہ اند ضائع نباید ساخت در درس و تدریس دیگر فرصت یابند اوقات خود صرف نمودن۔ کار بہتر و سودمند ازیں نیست۔

سوئم۔ کتب بینی۔ و فتوا نوشتن از بسیار نافع است۔

چہارم۔ از دیانت و امانت کہ شعار خود نمودہ اند بسیار مسرور ہستند بارک اللہ فی حیوٰتک۔

پنجم۔ ہرگز ہرگز نماز تہجد و ذکر و شغل را از من آموختہ اند فراموش و ناغہ نمایند۔ ہرگاہ کہ دشواری یا انقباص پیش آید فقیر را باید نگاشت تدارک اش خواہم ساخت انشاء اللہ تعالیٰ۔

ششم:۔ از حکام دنیا بقدر ضرورت دنیا آمیزش باید نہ کہ تسبیح آنہاں خوانند تقرب انہا مار گزندہ است کہ زہر وے ہلاہل است

ہفتم۔ از اقربا رحاسد باید گریخت کہ کالعقارب آید۔

امید کہ از دیدار خود مہجور خود را مسرور نمایند چرکہ شیخ خود را مطاع و مکرم متصور اند والسلام خیر الختام۔

مکتوب یکصد و چہل و ششم ۱۴۶

بسفارش مولوی سخاوت حسین صاحب بہاری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین ~

این نامہ کہ خامہ کرد بنیاد ؛ توقیع قبول روز بش باد

بخدمت شریف نواب صاحب جامع حسنات ذوقیہ منبع رشحات شوقیہ شریعت شعار۔ طریقت دثار تابع سنت قامع بدعت

بھی وہ دولت و مال خرچ کرنے سے پورے نہیں ہوتے لہذا رقت و نرمی اختیار کرنی چاہیئے۔ دوسرے یہ کہ علوم دین خصوصاً کتاب اللہ و سنت نبویؐ کی اشاعت و تبلیغ کرنی چاہیے کہ نیکیوں اور اچھائیوں کا سرمایہ ہے جو کچھ روپیہ کثیر صرف کرکے اور خون و پسینہ ایک کر کے علم دین تم نے سیکھا ہے اسکو برباد نہ کرنا چاہیئے اور درس و تدریس میں (اگر فرصت تمکو ہو تو) دیگر اور خدمات صرف کرنے سے زیادہ کوئی کام بہتر و نفع بخش نہیں ہے۔ تیسرے کتب بینی اور فتاوے نویسی بھی بہت مفید ہے۔ چوتھے آپکی دیانت و امانت سے جو کہ آپنے اپنا شعار بنا رکھا ہے میں بہت خوش ہوں۔ خدا عمر دراز کرے۔ پانچویں۔ تہجد کی نماز اور ذکر و شغل جو تم نے مجھ سے سیکھے ہیں اسکو بھلانا نہیں اور ہرگز ہرگز وہ ناغہ نہ کرنا۔ جب کوئی مشکل یا دشواری پیش آئے تو فقیر کو لکھو۔ اسکا تدارک ضرور کرونگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ چھٹے۔ دنیا میں ضرورت کے مطابق پھنسو۔ ایسا نہ ہو کہ اُسی کی دھن لگی رہے کہ اسکی قربت زہریلے سانپ کی طرح ہے۔ ساتویں حسد و بغض رکھنے والے رشتہ داروں سے بچتے رہو کیونکہ وہ بچھو کی مانند ہیں۔ اُمید کہ چند روز میں اپنی ملاقات سے خوش کروگے کیونکہ تم اپنے شیخ کو قابل اطاعت و احترام سمجھتے ہو۔ والسلام خیر الختام

ایکسو چھیالیسواں خط ۱۴۶

مولوی سخاوت حسین صاحب کی سفارش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز سید محمد نذیر حسین کی طرف سے ~

قلم نے اس خط کی بنیاد قائم کی ؛ قبولیت کی نشانی اللہ نصیب کرے

بخدمت شریف۔ نواب صاحب شائق وارد ہش۔ خوگر شریعت و طریقت۔ تابعدار سنت۔ مٹانیوالے بدعت ۔۔ زہد و تقوی

جلوہ بردار خلوت خانۂ زہاد ترانہ ساز آستانۂ عباد مایہ دار سخاو علم وفضل۔ علم بردار دین اللہ عزوجل۔ حلاکم بالعلم الراجح ونورکم بالعلم الناصح باد اہدائے۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، عرض پرغرض قبول باد کہ مولوی سخاوت حسین بہاری بمقتضائے گردش دواری بدرگاہ آن ملاذ آزادگان ومعاذ افتادگان امیدوار از لیل ونہار رو بدعائے سرکار دولت مدار سرشار زین روپشم درکہ برحمت دریا دلی آن تشنہ کام را بانجاح زلال مرام سیراب نمایند وبسلک ملازمان حسب لیاقت، شامل کامیاب وشاداب نمایند؎

چہ باشد گر غریبے مستمندے

ہما سایہ دہے در سایۂ تو

بعز وجاہ تو فردوس نازد

گر طوبے بود ہمسایۂ تو

زیادہ سلمکم اللہ الرزاق۔ فی دولت ممدودۃ الرواق وصونہ مشدودۃ النطاق۔

مکتوب یکصد وچہل وہفتم

بسفارش مولوی سید عبدالعزیز خان صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت نواب صاحب عالی مراتب مرجع دلدادگان مجمع افتادگان سلمہ اللہ الخلاق بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مکشوف رائے فیض پیرائے باد کہ ہرچند از جناب ملاقات ندارم الا شہرہ اوصاف حمیدہ شنیدہ مشتاقم۔ خدا روزی کناد درین والا مولوی عبدالعزیز خانصاحب

کے گھر کو زینت دینے والے۔ علم وفضل وسخاوت کی کان۔ محافظ دین آلہی کے۔ اللہ تعالے علم نافع سے منور ومزین کرے۔ ہدیہ سلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پیش کرکے اظہار مدعا کرتا ہے مولوی سخاوت حسین بہاری بوجہ گردش زمانہ کے خادم والا کے دربار میں دن رات امیدواری کرتے ہیں اور دعا از دیاد دولت میں آپ کے ہمیشہ مصروف رہتے ہیں اسلئے میں امید کرتا ہوں کہ مومی الیہ کی لیاقت کے بموجب کوئی ملازمت مرحمت فرماویں گے۔ ؎

چہ باشد گر غریبے مستمندے

ہما سایہ دہے در سایۂ تو

بعز وجاہ تو فردوس نازد

اگر طوبے بود ہمسایۂ تو

اللہ تعالی ساتھ دولت وحکومت مضبوط ومستحکم کے سلامت رکھے۔

ایکسو سینتالیسواں خط

مولوی سید عبدالعزیز خانصاحب کی سفارش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین۔ نواب صاحب عالی مراتب مرجع افتادگان سلمہ اللہ الخلاق السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح رائے عالی ہو کہ میری گو آپ سے ملاقات نہیں ہے لیکن آپکے اوصاف حمیدہ کی دھوم ضرور سنی ہے۔ اسلئے آپکی ملاقات کا مشتاق ہوں سردست مولوی سید عبدالعزیز خانصاحب علاوہ منقول ومعقول

صمدی کہ جامع علوم معقول و منقول اند و کتب حدیث از یں فقیر فرا گرفتہ اند توقع حصول مرام بسوئے خدام عالی مقام می رو ند و بیشتر اعایان حیدرآباد خدمت ایشاں میکردند مگر بسبب بعض موانع وظیفہ ایشاں موقوف شد اکنوں موصوف بسیار مقروض اند و بہمہ کرم بخشی عوام و خواص آں صاحب عالی مناقب است بذریعہ مراعت نامہ ندر بحضور عالی خواہد رسید بموجب حدیث اِشْفَعُوْا فَتُؤْجَرُوْا۔ وَالدَّالُّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ وَمَا کَانَ الْعَبْدُ فِیْ عَوْنِ اَخِیْہِ کَانَ اللّٰہُ فِیْ عَوْنِہٖ نویسم کہ ہر چہ سلوک با حال ممدوح الیہ باشد من رہین منت خواہم شد۔ والسلام خیر الختام

مکتوب یکصد و چہل و ہشتم

باطلاع روانگی حرمین شریفین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت گرامی مولوی سید یوسف صاحب سلمہ بعد السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ ہویدا باد کہ نامہ نامی با ستدراک عزیمت سفر حرمین شریفین رسید احسانمند گردانید اگر خواستہ خدا است کہ او تعالیٰ مرا امسال باماکن مقدسہ خواہد برد۔ شمارا اطلاع خواہم نمود گر معیت و رفاقت فقیر منظور است و ریں جا تشریف آرند تا بہ بمبئی وجدہ ملاقی شوند چونکہ از ایں جا قافلہ بسفر خیر روانہ خواہد شد بیک جا نے لطف خواہد یافت و جمعیت فقرا حق باعث افزونی اطمینان خواہد بود و ہم یک جائے توقیر مصارف است

کے فارغ التحصیل ہیں اور کتب حدیث نبوی انہوں نے مجھ فقیر سے پڑھی اور وہ اپنے حصول مقصد کیواسطے خدمت والا میں حاضر ہوتے ہیں اور فرخندہ یاد حیدرآباد دکن کے شرفاء و معززین آپکی خدمت کرتے تھے مگر بعض وجوہ کی بنا پر ان کا وظیفہ وہاں سے بند ہو گیا ہے اور صاحب موصوف حد سے زیادہ مقروض ہو گئے ہیں اور ہر طرح سے عوام و خواص کی کرم گستری صاحب موصوف کے ہمراہ ہے۔ عریضہ ہذا کے ساتھ حضور عالی میں آتے ہیں بموجب حدیث۔ اِشْفَعُوْا فَتُؤْجَرُوْا وَالدَّالُّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ وَمَا کَانَ الْعَبْدُ فِیْ عَوْنِ اَخِیْہِ کَانَ اللّٰہُ فِیْ عَوْنِہٖ۔ گذارش ہے کہ جو کچھ سلوک ممدوح کیساتھ فرمائیں گے وہ بندہ شرمندۂ احسان ہوگا۔ والسلام خیر الختام

اکیواٹیالیسواں خط

حضرت میاں صاحب رحمہ اللہ کا سفر حج

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین ۔ مولوی سید یوسف صاحب سلمہ بعد السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ کے واضح ہو کہ آپکا عنایت نامہ جس میں حرمین شریفین جانے کا استفسار ہے آیا۔ احسان مند کیا اگر خدا نے چاہا تو مجھ کو اس سال انشاء اللہ تعالیٰ وہ اماکن مقدسہ بھی لے جائیگا۔ اطلاع دوں گا۔ اگر جناب میرے ہمراہ چلنا چاہتے ہیں تو یہاں تشریف لے آئیں یا بمبئی و جدہ میں مجھ سے ملاقات کر لیں چونکہ اس مبارک سفر کا قافلہ یہاں سے روانہ ہوگا اور سب کے ہمراہ ہونے میں ایک کیفیت خاص آئیگی اور اللہ والے فقیروں کی جماعت حد سے زیادہ اطمینان کا باعث ہوگی اور

الا ماشاء اللہ دریں قافلہ اکثر از شرزمہ وجماعت بوریہ نشینان بسیار خواہد بود کہ معیت ناپسند بود مضائقہ نیست کہ اندر دو ماہ آگاہی دہند کہ درجہ ہائے ریلوے بکفایت بدست آید
والسلام خیر الختام

مکتوب یکصد و چہل و نہم

ارادہ سفر بیت اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت گرامی مولوی سید یوسف السلام علیکم واضح باد کہ نامہ نامی بعد انتظار گراں رسید خوش گردانید فقیر طیار و مستعد است زود تشریف آرند احتمال انتقال بسفر خیر نباید کرد۔ روزی بقدر صدرمق خداوند کریم خواہد گشتہ صرف کتب ضروری و چند قطعات پارچہ پوشیدنی خود گر ممکن باشد ہمراہ بیارید ورنہ ضرورت نیست دریں جا مہیا خواہیم کرد۔ ازاد راہ ضرور دراہمیان باید بجید اگر ناممکن باشد خداتعالے انتظامش باید ساخت۔ بہرحال در روانگی خود کوشش نباید ورزید ورنہ معیت فقیر و صلحاء قافلہ غیر ممکن است دریں قافلہ مولوی سید امداد علیخاں و منشی برکت علی و منشی محمد وزیر خاں و نواب اسد اللہ خاں و خواجہ نعیم الدین نقشبندی ہمراہ من خواہد بود بسیار از بسیار لطف سفر خداتعالی خواہد کشید۔
والسلام خیر الختام

مکتوب یکصد و پنجاہم

درنباید فرمود

ہمراہی میں اخراجات بھی کم ہونگے۔ قافلہ میں چند دولتمند ہونگے باقی تمام بوریہ نشینوں کی جماعت ہوگی اگر ساتھ چلنا پسند نہ ہو تو کوئی مضائقہ نہیں۔ امید ہے کہ وہ مہینے کے اندر اندر جواب دیدیں گے تاکہ ریلوے ڈبے بکفایت ریزرو کرا لیے جائیں۔ والسلام خیر الختام

ایکسو انچاسواں خط

سفر بیت اللہ کا ارادہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین مولوی سید یوسف صاحب بعد السلام علیکم کے واضح ہو کہ تمہارا خط نہایت انتظار کے بعد پہنچا مجھ کو بہت خوشی ہوئی فقیر تیار ہے جلد تشریف لائیں اسی مبارک سفر میں بڑے بڑے بوجھ لادنے کی ضرورت نہیں ہے گذارے کے لائق آب و طعام خداوند تعالیٰ ضرور پہنچائیگا صرف چند کتب ضروری اور چند اپنے پہننے کے کپڑے اگر ممکن ہو تو ساتھ لیتے آؤ ورنہ اسکی بھی ضرورت نہیں ہیں یہاں ان کا بھی بندوبست کر دونگا البتہ سفر کا خرچہ ضرور ایک اپنی تھیلی میں باندھتے لانا اگر یہ نا ممکن ہو تو اللہ تعالیٰ اسکا بھی کفیل ہے بہرحال اپنے پہنچنے میں تاخیر نکریں ورنہ ہمراہی میں ایسے فقیر اور صلحاء کا قافلہ نہ مل سکیگا۔ اس قافلہ میں مولوی سید امداد علیخاں و منشی محمد وزیر خاں و منشی برکت علی و نواب اسد اللہ خاں و خواجہ نعیم الدین نقشبندی بھی میرے ہمراہ ہونگے۔ خداتعالیٰ حد سے زیادہ لطف اس سفر میں ہم لوگوں کو عطا فرمائیگا۔ والسلام خیر الختام

ایکسو پچاسواں خط

توقف نہ کیجئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از محمد نذیر حسین بخدمت گرامی خواجہ یحییٰ صاحب دہلوی
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، واضح باد کہ دو نامہ نیاز نامہ فرستادہ
ام پاسخش نداد ندوجہ توقف چیست مہربانا اگر عزیمت سفر منظور
است دمعیت فقیر می خواہند دیر نباید فرمود زود تر در پنجا برسند
کہ در قافلہ فقرا شامل شوند ورنہ برائے جنوب در بمبئی رسید محلہ
ناگپاڑہ ۱؎ قیام فقرا خواہند شد کہ پیش دروازہ باید دید ونام
فقیر وقافلہ دہلی باید جست چہ کہ چند نفوس ہمراہ من خواہند بود
عجب لطف رفاقت دست خواہد بخشید ہم سبق شما مولوی عبدالعزیز
صمدنی تا بمبئی شاید مرا خواہند رساند۔ بالفعل بسفر خیر شرکت
فقیر نخواہند نمود۔ امید است کہ مع وابستگان بخیریت خواہند
بود بسیار مسرورم کہ در تجارت پنبہ بسیار نفع گرفتند شکر خدا باید نمود
وبرائے پسماندگان زر ما یحتاج باید گزاشت کہ در غیبت شما دست نگر
دیگرے نشوند۔ والسلام خیر الختام

مکتوب یکصد وپنجاہ ویکم[151]

زود باید آمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بخدمت گرامی خواجہ یحییٰ صاحب دہلوی
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے بعد واضح ہو کہ دو خط بھیج چکا
ہوں جواب ندارد آخر کیوں توقف ہے مہربان اگر جانیکا ارادہ ہے۔
اور مجھ فقیر کیساتھ چلنا چاہیں تو دیر لگائیں جلد از جلد یہاں پہنچ جائیں
تاکہ فقیروں کے قافلہ میں آپ شامل ہو سکیں۔ ورنہ جنوبی راستہ سے آپ
بمبئی پہنچیے اور محلہ ناگپاڑہ ۱؎ میں فقیروں کا قیام ہوگا دروازے کے
باہر سے مجھ کو دیکھ لیجیے گا اور فقیروں کے قافلہ کا نام دہلی والا کرکے
پوچھ لیجیے چونکہ چند دہلی والے بھی میرے ہمراہ ہونگے۔ رفاقت میں عجیب
لطف حاصل ہوگا تمہارے ہم سبق مولوی عبدالعزیز صمدنی شاید بمبئی تک
پہنچانے جائیں سردست اس مبارک سفر میں وہ فقیر کے ہمراہ نہیں
جائینگے امید ہے کہ آپ مع متعلقین بعافیت ہونگے۔ یہ سنکر بڑی مسرت ہوئی کہ روئی
کی تجارت میں آپکو بہت کچھ نفع ہوا ہے خدا کا شکر کرنا چاہیے اور پسماندگان کو ضرورت
کیمطابق خرچ دیدینا تاکہ بعد میں دوسرے کے آگے ہاتھ نہ پھیلائیں۔ والسلام خیر الختام

اکسو اکیاونواں خط[151]

جلد آیئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱؎ دہلی والوں میں سے حضرت میاں صاحبؒ کے زیارت حرمین شریفین کے ہم سفر مخلص رفقا یہ ہیں ان شرفا محترم بزرگوں کے نام نامی اسم گرامی حسب ذیل ہیں۔ شمس العلما رضیہ سید احمد صاحب
امام جامع مسجد شاہی دہلی۔ حاجی محمد احمد صاحب مرحوم خلف حاجی عبدالعزیز یعنی پوتے حاجی علیجان صاحب مرحوم دہلوی جناب مولوی تلطف حسین صاحب شاگرد
حضرت میاں صاحبؒ۔ حاجی شیخ حفیظ اللہ داماد حاجی قطب الدین مرحوم جن کا کٹرہ تاجر پارچہ چاندنی چوک میں مشہور ہے۔ سنہ [illegible] ہجری میں
حضرت میاں صاحبؒ مع رفقا حج کو تشریف لے گئے تھے۔

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت گرامی سید یار علی صاحب بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، واضح باد کہ مع الخیر ہستم در ہفتہ آئندہ روانہ حرمین شریفین خواہم شد ان شاء اللہ تعالیٰ مرا بسیار انتظار است زود برسید توقف ہرگز نباید نمود دریں جا ہمہ سامان سفر موجود خواہم کرد مردم ہمراہی ضرور نیست چرا کہ چند کس ازیں قافلہ دہلی خواہند شد و از ہر کسے برادرانہ امید است کہ یکے با دیگرے نوازش خواہد نمود ہاں زاد سفر بحفاظت وہوشیاری باید گرفت۔ ماشاء اللہ متمول ہستند بقدر ضرورت خواہید آورد دریں معاملہ نگارش بے سود است بوالدین خود سلام بندہ فقیر باید رسانید و برخورداران را دعا۔ والسلام خیر الختام۔

مکتوب یکصد و پنجاہ و دوم

باستحسان جواب بتندعین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی محمد احتشام الدین شرح اللہ رب العالمین صدرہ بنور الیقین و افاض برہ علی العالمین بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح رائے سامی باد کہ بحمد اللہ وتوفیقہ جواب باصواب بروش اولوالالباب بکمال صداقت وحذاقت نوشتند۔ وبغایت در اظہار حق کوشیدند و داد حق کما حقہ دادند و بدعات دیرینہ را سراپا دور کردند جزاکم اللہ تعالیٰ خیراً فی الدارین ؎

از دست گدائے بینوائے ناید ہیچ
جز آنکہ بصدق دل دعائے کند

واجر بے پایان از ایزد منان بجناب حسنات مآب سید امداد علی

عاجز محمد نذیر حسین جناب سید یار علی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ واضح ہو کہ میں اچھی طرح ہوں آئندہ ہفتہ میں ان شاء اللہ تعالیٰ حرمین شریفین روانہ ہو جاؤنگا تمہارا انتظار ہے آپ جلدی پہنچیں ہرگز ہرگز دیر نہ کریں یہاں پر ہم نے سارا سامان سفر تیار کر لیا ہے۔ ساتھ چلنے میں زیادہ اور آدمیوں کی ضرورت نہیں ہے اسلئے کہ چند دہلی والے ساتھ ہیں اور ہر شخص بھائی کی طرح ہے اور ہر ایک دوسرے کا ہمدرد ہے ہاں زاد سفر حفاظت اور ہوشیاری کے ساتھ ہمراہ لے لینا ماشاء اللہ دولتمند ہو ضرورت کے مطابق خود ہی لاؤگے اسکے متعلق تمکو لکھنا بیکار ہے۔ اور اپنے والدین کی خدمت میں فقیر کا سلام پہنچا دینا۔ اور بچوں کو دعا۔ والسلام خیر الختام

ایکسو باونواں خط

نہایت عمدہ جواب کتاب مبتدعین کا ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین مولوی محمد احتشام الدین شرح اللہ رب العالمین صدرہ بنور الیقین وافاض برہ علی العالمین۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے بعد واضح رائے عالی ہو کہ بحمد اللہ وتوفیقہ جواب باصواب صاحبان فضل وکمال کی طرح سچائی اور عقلمندی سے آپنے دیا اظہار حق میں کوئی کوتاہی نہیں کی اور حق کی امداد پورے طور پر کی اور پرانی بدعات کا تم نے خوب قلع قمع کیا ہے۔ جزاکم اللہ تعالیٰ خیراً فی الدارین ؎

از دست گدائے بینوائے ناید ہیچ
جز آنکہ بصدق دل دعائے کند

دعا ہے کہ خداوند پاک کی جانب سے جناب حسنات مآب سید امداد علی

ڈپٹی امداد علی صاحب اکبر آباد کے مشہور عالم اور مہتمم کتب خانہ تھے ۔۔۔ اور مرحوم کا بہترین کتب خانہ تھا جو نواب سرور الملک نے خرید لیا تھا ۱۲

حصنه الله الولی بلطفه الخفی والجلی بروز جزا موفوره باد که در طبع کنانیدن ان اشاعت سنت وحقانیت حق از شرق تا غرب نمودند که حق حقیق شائع و ذائع شد وہمہ عالم مستفید بداں گردد۔ والسلام خیر الختام۔

مکتوب یکصد وپنجاه وسوم

استفتاء برآمین بالجهر

بسم الله الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعه گرامی مولوی قاری عبد الرحمن[1] صاحب پانی پتی وفقه الله تعالیٰ بعد السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته واضح باد که الصاحب درحق معتقدین مولنا محمد اسمٰعیل رحمة الله علیه که در رفع الیدین وجهر بالتامین میکنند، حکم فاسق وحکم تکفیر برایشاں می نمایند ومی گویند که نماز جنازه برایشاں نباید خواندایا این سخن حق است یا دروغ ہذا دوسه طالبعلم مستور جامع علوم را روانه میکنم لازم که حسب دلخواه ودعوے خود فرستادگان را از قرآن وحدیث واجماع امت وقول ائمه اربعه تفهیم خواہد ساخت وطریق مولنا مرحوم ومولنا محمد اسحٰق علیه الرحمة ہمیں بود چنانکه الصاحب درحق رفع یدین وآمین بالجهر کنندگان ولعن وطعن وتفسیق وتکفیر می کنند لازم که مطابق آیت کریمه یَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ واعدلو اهو اقرب للتقوىٰ الآية وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِنْ كُنْتُمْ

حصنه الله الولی بلطفه الخفی والجلی کو قیامت کے دن اسکا بے انتہا ثواب مرحمت ہوگا اسلئے کہ موصوف نے اس کتاب کے چھپوانے اور احیاء سنت نبوی و اثبات حق میں خوب کوشش کی اور مشرق سے مغرب تک حقانیت کو ظاہر کردیا اور خدا کرے تمام دنیا اس سے مستفید ہو والسلام خیر الختام

ایکسو ترپنواں خط

آمین بالجہر پر استفتاء

بسم الله الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین مولوی قاری عبد الرحمن صاحب پانی پتی وفقه الله تعالیٰ السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته کے بعد واضح ہو کہ جناب والا حضرت مولانا محمد اسمٰعیل شہید رحمة الله علیه کے معتقدین کو فاسق بلکہ کافر تک کہتے ہیں (صرف ان کا قصور یہ ہے کہ وہ رفع الیدین و آمین بالجہر کہتے ہیں) جوابًا اطلاع دیں کہ یہ بات صحیح ہے یا نہیں؟ اس سلسلہ میں دو تین فارغ التحصیل صاحبان ذی استعداد طالب علموں کو آپکی خدمت میں بھیجتا ہوں لازم ہے کہ اپنا دعویٰ ان حضرات کو قرآن وحدیث و اجماع امت واقوال ائمہ کی روشنی میں بخوبی سمجھا دیں حالانکہ طریق مولانا مرحوم وحضرت مولانا شاہ محمد اسحٰق رحمة الله علیه کو بھی یہی تھا لیکن آپ پر تعجب ہے آپ جیسے شخص رفع یدین آمین بالجہر کرنیوالوں پر لعن طعن کرنے اور ان کو فاسق و کافر کہنا آپکا کہاں تک واجب ہے تاکہ وہ اس آیات ذیل پر کاربند رہتے اس لَا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ الخ اور تعصب وعناد اور غیظ وغضب کو دور کرکے چاروں دلائل سے انہوں

[1] جناب قاری عبد الرحمن صاحب پانی پتی رحمة الله علیه حضرت مولانا شاہ محمد اسحاق صاحب محدث دہلوی رحمة الله علیه کے شاگرد رشید تھے ۱۲

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ الاٰیہ مَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا۔

کاربند شوند وتعصب وعناد دور کنند وغیظ وغضب برطرف کردہ بدلائل اربعہ ہر کس را ارشاد وہدایت فرمایند کہ شان علمار اسخین منصفین ہمین است واگر فرستادگان من بدلائل اربعہ غالب آیند قبول نمایند غیظ وغضب برایشان را لیہم نمایند والامصداق این بیت خواہند بود ؎

دہن خویش بدشنام

ونیز لازم کہ بمقتضائے کلام عزیز العلام اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ گفتگو در ہر علم کہ خواہند بکنند وآداب ومناظرہ رانگاہ دارند دلائل بجاست نہ شور وشغب ورکاکت این جہلا بد اطوار است

مکتوب یکصد وپنجاہ وچہارم[۱۵۴]

حالا خیریت است

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت شریف مولوی صاحب مجمع منحات ذوقیہ ومنبع رشحات شوقیہ جامع حسنات وکمالات مصدر خیرات ومبرات مولوی محمد نجم الدین سلمہ اللہ رب العلمین عن آفات الدنیا والدین وشرح صدرہ بنور الیقین بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح رائے سامی باد کہ بفضلہ تعالی بخیریت بودہ طالب جاہ وجلال آن مخزن فیض وکمال بدرگاہ ذو الجلال والاکرام می باشد ؎

وقت ہر کار نگاہ دار کہ نافع نبود
نوشدارو کہ پس از مرگ بہ سہراب دہی

طالبعلموں کو سمجھاویں کہ کیا علماء محققین کی یہی شان ہے اور اگر میرے طالبعلم چاروں دلائل سے وہ آپ پر غالب آجائیں اور آپ ان دلائل کو قبول نہ کریں لیکن آپ بارہ خدا غلبۂ غصہ ان پر نہ کریں ورنہ اس شعر کے مصداق ہونگے ؎

دہن خویش بدشنام

اور نیز لازم ہے کہ آیت کریمہ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ کے مطابق جس علم میں آپ کا جی چاہے گفتگو کرلیں۔ اور آداب مناظرہ کا خیال رکھیں۔ اور دلیل پیش کریں نہ کہ شور وغل۔ یہ جہلاء کا طریقہ ہے۔

ایکسو چونواں خط[۱۵۴]

یہاں خیریت ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عاجز محمد نذیر حسین

مولوی صاحب مجمع منحات ذوقیہ و منبع رشحات شوقیہ جامع حسنات وکمالات مصدر خیرات ومبرات مولوی محمد نجم الدین سلمہ رب العلمین عن آفات الدنیا والدین وشرح صدرہ بنور الیقین السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے بعد واضح رائے عالی ہو کہ خدا کے فضل سے یہاں پر خیر وعافیت ہے آپ جیسے مخزن فیض وکمال۔ بارگاہ ذو الجلال والاکرام کا خداوند کریم کی درگاہ میں طالب ؎

وقت ہر کار نگاہ دار کہ نافع نبود
نوشدارو کہ پس از مرگ بہ سہراب دہی

دریں ولا گذارش اینست کہ سید محمود فرزند ارشد میر محمد امام جامع مسجد متوقع حصول مرام (نوکری)، بذریعہ آں مرجع آزادگان مجمع افتادگان بخدمت عالی میروند ترصد کہ حسب ارشاد آں سرورِ خیر البشر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مَا كَانَ الْعَبْدُ فِيْ حَاجَةِ أَخِيْهِ كَانَ اللّٰهُ فِيْ حَاجَتِهٖ وَمَا كَانَ الْعَبْدُ فِيْ عَوْنِهٖ كَانَ اللّٰهُ فِيْ عَوْنِهٖ حسبۃ اللہ شفقۃ عَلٰى خَلْقِ اللّٰهِ انجاح مرام مولی الیہ (یعنی برکدام خدمت و نوکری) حسب لیاقت نشان بدہند و باشفاق مربیانہ واخلاق کریمانہ غور و پرداخت مشارً الیہ خواہند ساخت موجب اجر جزیل نزد رب جلیل خواہد بود۔ ع[۱]

برمن مسکیں نگر برکرم خویش نگر

زیادہ گاہ گاہ نخلِ مودتِ دیرینہ را تر و تازہ می فرمودہ باشند کہ نصف الملاقات ازاں متصور است

والسلام خیر الختام

مکتوب یکصد و پنجاہ و پنجم

فتوائے تقسیم وراثت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت شریف شاہ صاحب شریعت دستگاہ وطریقت آگاہ شاہ آل احمد سلمہ اللہ الصمد وخصہ بلطفہ المؤید بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مشہود

سروست گذارش ہے کہ سید محمود فرزند ارشد امام جامع مسجد شاہی دہلی جناب سید محمد صاحب بتلاش روزگار آپکی خدمت میں آتا ہوں امیدوار ہوں کہ حسب ارشاد انسرورِ خیر البشر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مَا كَانَ الْعَبْدُ فِيْ حَاجَةِ أَخِيْهِ كَانَ اللّٰهُ فِيْ حَاجَتِهٖ وَمَا كَانَ الْعَبْدُ فِيْ عَوْنِهٖ كَانَ اللّٰهُ فِيْ عَوْنِهٖ بوجہ اللہ خدا کیلئے مخلوق پر رحم کی نظر کرتے ہوئے موصوف کی کاربرآری (یعنی جو نوکری وملازمت) انکی شان کے لائق ہو اس سے دریغ نہ فرمائیں اور مہربانی مربیانہ اور اخلاق کریمانہ سے اپنے انکی غور و پرداخت کریں آپ عنداللہ ماجور ہونگے۔ ع[۱]

برمن مسکیں نگر برکرم خویش نگر

زیادہ یہ کہ کبھی کبھی محبت قدیمی کے درخت کو آپ تر و تازہ کرتے رہا کریں کیونکہ خطوط سے یاد آوری نصف ملاقات کے معنے رکھتی ہے۔

والسلام خیر الختام

ایکسو پچپنواں خط

تقسیم وراثت پر فتوے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین۔ بخدمت شریف شاہ صاحب شریعت دستگاہ طریقت آگاہ شاہ آل احمد سلمہ اللہ الصمد وخصہ بلطفہ المؤید بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے واضح

---

[۱] جناب مولوی سید محمود صاحب خلف جناب مولوی سید محمد صاحب امام جامع مسجد شاہی دہلی کے بڑے فرزند تھے۔ اور حکیم میر شاہجہاں مرحوم کے داماد تھے اور میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد تھے۔ سید محمود صاحب مرحوم سے میر شاہجہاں مرحوم کی بڑی صاحبزادی منسوب تھیں۔ جن کی اولاد میں حافظ محمد سعید اور ایک صاحبزادی جو جناب فداء اللہ خاں صاحب سے منسوب تھیں

اور جناب سید محمود صاحب مرحوم مغفور شمس العلماء ہند جناب مولوی سید احمد صاحب امام جامع مسجد شاہی دہلی کے بڑے بھائی تھے جن کو حضرت میاں صاحب کے خاندان سے نہایت خلوص

رائے سامی باد کہ نامہ نامی صحیفہ گرامی در حالت عارضہ تپ بخار رسید کاشف مدعا گردید چنانچہ جواب ہر دو قطعہ استفتاء حسب تحریر سوال جداگانہ روانہ کردہ میشود بنظر والا گذاشتہ موضح مرام خواہد شد و نبیرہ یعنی ابن الابن بہ نسبت برادر عموی عصبہ قریبہ است و عصبہ بعیدہ باوجود عصبہ قریبہ بالاتفاق محروم الارث میشود شرعاً و خواہران عموی حقیقی از جملہ عصبات نیستند بلکہ در زمرہ ذوی الارحام داخل اند بطریق اولیٰ محروم خواہند کذا فی کتب الفقہ والفرایض کما لا یخفی علی العالم الماہر بالشی المفسر اللہ ترصد کہ گاہ گاہے از خیریت مزاج مبارک خود مسرور می فرمودہ باشند کہ موجب طمانیت بودہ باشد و ایں عاجز گرفتار چند در چند امور عوارض می ماند کہ اظہارش متعذر است انشاء اللہ فقیر در حین بجا آوری امیر انصاحب حتی الوسع دریغ نخواہد نمود ہر آنکہ خواہند نوشت جواب کرد۔ والسلام خیر الختام۔

مکتوب یکصد و پنجاہ و ششم[۱۵۶]

بسفارش جناب نواب لطف الرحمٰن خانصاحب

ھُوَ الْغَنِیُّ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُہٗ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی دیوان محمد شمس الدین صاحب سلمہ ربہ بالخیر والعافیۃ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح باد کہ حامل رقیمہ نیاز ہذا نواب سید لطیف الرحمٰن خانصاحب[۱] کہ آباواجداد

رائے عالی ہو کہ نامہ نامی وصحیفہ گرامی عین بخار کی حالت میں پہونچا۔ کاشف حال ہوا۔ چنانچہ دونوں استفتاء کے جوابات الگ روانہ کئے جاتے ہیں۔ وہ نظر سے گزر کر تسکین کا باعث ہونگے نسب کے اعتبار سے پوتا چچازاد بھائی کی نسبت سے عصبہ قریبہ ہے اور دور کا عصبہ قریب کے عصبہ کی موجودگی کے وقت محروم رہتا ہے۔ اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے اور چچازاد بہنیں عصبہ ہوتی ہی نہیں وہ ذوی الارحام میں ہیں لہذا بطریق اولےٰ محروم ہونگی کذا فی کُتُبِ الْفِقْہِ وَالْفَرَائِضِ جیسا کہ علماء امت پر ظاہر ہے امیدوار ہوں کہ کبھی کبھی اپنی خیریت مزاج سے مسرور کرتے رہا کریں کہ اس سے ایک قسم کی امید بندھی رہتی ہے اور یہ عاجز بہت سارے امور میں گھرا ہوا ہے جن کا اظہار مناسب نہیں ہے انشاء اللہ فقیر جناب کے حکم کی تعمیل میں حتی الوسع دریغ نہیں کریگا۔ اور جو کچھ آپ لکھیں گے جواب ضرور دوں گا۔ والسلام خیر الختام

ایک سو چھپنواں خط[۱۵۶]

نواب لطف الرحمٰن خانصاحب کی سفارش

ھُوَ الْغَنِیُّ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی دیوان محمد شمس الدین صاحب سلمہ ربہ بالخیر والعافیۃ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے بعد واضح ہو کہ حامل عریضہ ہذا نواب لطیف الرحمٰن خاں صاحب کہ

---

[۱] نواب سید لطیف الرحمٰن خانصاحب کا مکان مسجد ہورخاں میں تھا۔ یہ جناب مولوی حافظ سید محمد عبدالسلام صاحب مرحوم مغفور کے خسر تھے۔

ایشان بخطاب عمدہ از بادشاہان دہلی ممتاز و سرفراز
بودہ اندو در نیولا الحسب اتفاق زمانہ بذریعہ خط نواب علاؤ الدین
خان صاحب والی لہارو بخدمت نواب صاحب عالیمراتب
میرسوند لازم کہ بمقتضائے ارشاد آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ و
سلم ما کان العبد فی حاجۃ اخیہ کان اللہ فی حاجتہ
بحضور نواب صاحب گزرانیدہ ملاقات کنانندہ خواہند داد
عین لطف وکرم برمن خواہد بود مشار الیہ از عزیزان من عاجز
ہم است - زیادہ والسلام مع الاکرام خیر الختام --

مکتوب یکصد و پنجاہ و ہفتم

عفو قصور احمد مکی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صبا بحضرۃ گل عرضہ گیاہ ببر ❊ پیام شام بدرگاہ صبحگاہ ببر

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت عالی نواب صاحب
امیر الملک والا جاہ جامع الحسنات والکمالات مجمع آزادگان
مرجع افتادگان سلمکم اللہ وابقاکم وعلی مدارج الکمال سفے
الدارین رقاکم بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح رائے
عالی فیض پیرائے باد کہ انچہ از احمد مکی سرزدہ شدہ باشد
بمقتضائے منشور لامع النور الکاظمین الغیظ و
العافین عن الناس واللہ یحب المحسنین عفو فرمایند ؎

❊ گل ریاض جلالت ہمیشہ خنداں باد ❊

❊ نسیم لطف تو آرام دردمنداں باد ❊

و ابواب فتوح روح حسبۃ للہ و شفقۃ علی خلق اللہ بروے کشایند
❊ چہ باشد کہ غریبے مستمندے ❊ بیاساید دمے در سایہ تو ❊

جنکے بزرگ شاہان دہلی کے دربار میں عمدہ عمدہ خطاب اور اچھے اچھے عہدے
پر سرفراز تھے - افسوس گردش لیل ونہار کیوجہ سے نواب علاء الدین
خانصاحب دام اقبالہ والی ریاست لہارو کے خط کے ذریعہ نواب صاحب
عالیمراتب کی خدمت میں وہ حاضر ہونگے لازم ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم کے ارشاد کیموافق ما کان العبد فی حاجتہ کان اللہ فی
حاجتہ نواب صاحب ممدوح کی خدمت میں پیش فرما کر ملاقات
انکی کرادیں تاکہ مجھ پر کرم اور مہربانی ہوگی اس لئے کہ حامل ہذا میرے
عزیز ہیں زیادہ والسلام خیر الختام -

ایکسو ستاونواں خط

احمد مکی کا قصور معاف کیجیے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صبا بحضرۃ گل عرضہ گیاہ ببر ❊ پیام شام بدرگاہ صبحگاہ ببر

عاجز محمد نذیر حسین بخدمت عالی نواب صدیق حسن خان
صاحب امیر الملک والا جاہ جامع الحسنات والکمالات مجمع آزادگان
مرجع افتادگان سلمکم اللہ وابقاکم وعلی مدارج الکمال فی الدارین رقاکم -
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے بعد واضح رائے عالی فیض پیرائے
ہو کہ احمد مکی سے جو خطا سرزد ہوئی ہے وہ خداوند عالم کے حسب فرمان
الکاظمین الغیظ والعافین عن الناس واللہ
یحب المحسنین کے بموجب معاف فرمائیں ؎

❊ گل ریاض جلالت ہمیشہ خنداں باد ❊

❊ نسیم لطف تو آرام دردمنداں باد ❊

اور لوجہ اللہ وشفقۃ علی خلق اللہ خوشی ومسرت کے دروازے
اس کے لئے کھولدیں ؎

بعز و جاہ تو فردوس تازد ؛ اگر طوبیٰ بود ہمسایہ تو
بہر کیف زیر سایہ عاطفت خود مشار الیہ را بنوازند و بنا کامی رو رشت
خار محرومی سرگردان نسازند ؎
زیادہ ایام کامرانی دو جہان مسعود و مبارک باد

مکتوب یکصد و پنجاہ و ہشتم[۱۵۸]

استعذار نیامدن خود در بھوپال عند المیعاد و سفر حجاز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت نواب صاحب عالی مراتب امیر الملک والاجاہ مجمع مآثر جلیلہ منبع مفاخر علیہ سلمکم اللہ بالخیر والعافیۃ فی الدارین بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مشہود خاطر عاطر خدام والا کہ بفضل خدا دلیل وہادی در ظلمات بحر و وادی از سفر حج فیض اثر باز گشتہ بساحل امن و امان در بمبئی مع الخیر رسیدم خواستم کہ از ملاقات مسرت آیات آں مصدر خیرات و برکات فائز بودہ بغریب خانہ بروم کہ ناگاہ تار طلبی مولوی محمد بشیر صاحب ہم رسید برایں طبق وعدہ آمدن بھوپال بذریعہ تار اطلاع دادم لیکن بسبب لحوق عارضہ حمی بمحمد احمد پسر حاجی عبد العزیز نبیرہ علی جان صاحب کہ ہمراہ من ہمسفر بود معذور شدم چہ مشار الیہ بحمی نہایت بیقرار و بیچین و حرکت گردید دو سہ طبیب بمبئی گفتند کہ دریں حالت مباد ا سرسام شود از یں عذر مولی اللہ را بسواری ریل بدر جہ دوم اُفتان و خیزاں سوار کنانیدہ بدہلی داخل شدم و دریں اثنا مناسب ندانستم کہ زحمت را انتہا گذاشتہ

اور دونوں جہان کی فتحمندی آپ کو مبارک ہو :-

ایکسو اٹھاونواں خط[۱۵۸]

بھوپال نہ پہونچنے کی معذرت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بخدمت گرامی نواب صدیق حسن خاں صاحب عالی مراتب امیر الملک والاجاہ مجمع مآثر جلیلہ منبع مفاخر علیہ سلمکم اللہ بالخیر والعافیۃ فی الدارین۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے بعد واضح ہو کہ خدائے تعالیٰ دلیل ہادی کے فضل وکرم سے حج کے سفر فیض اثر سے واپس ہو کر امن و امان کے ساتھ بمبئی پہونچا۔ خیال تھا کہ آنجناب مصدر خیرات و برکات کی ملاقات مسرت آیات سے مشرف ہو کر غریب خانہ جاؤنگا اتنے میں مولوی محمد بشیر صاحب کی دعوت بذریعہ تار موصول ہوئی میں نے فوراً بھوپال پہنچنے کا تار دیدیا لیکن اچانک حاجی علی جان صاحب کے پوتے جناب محمد احمد صاحب ولد حاجی عبد العزیز صاحب جو میرے ہمراہ تھے بخار میں مبتلا ہوگئے لہذا میں ان کی وجہ سے معذور ہوگیا۔ اور چونکہ صاحبزادے موصوف بھی بخار میں اسطرح آ پڑے تھے کہ بمبئی کے دو تین طبیبوں نے کہدیا کہ ان کو سرسام ہوجانیکا اندیشہ ہے اسوجہ سے سکینڈ کلاس میں بیٹھ کر جلد از جلد دہلی

[۱۵۸] یہ تحریر حضرت میاں صاحب کے قلم کی نہیں ہے۔ بلکہ ایک نقل غیر کے قلم کی ہے تمت ہوا

قصد الصواب کنم باین عذر از لقاء خدام والا صفتم ماندم انشاء اللہ الرحمن الرحیم بعد انقضائے موسم برشگال بزیارت آں عالی منزلت قصد خواہم کرد و سرگذشت واقعی بے کم و کاست بالمشافہ گزارش کنم و آنچہ بعض مرجفین دریں ایام اخبار کاذبہ بہ نسبت من مشتہر کردند ہمہ خلاف واقع است بالفعل نقل پروانہ پادشاہ مکہ مکرمہ بزبان ترکی است طبع کنانیدہ در اطراف و اکناف فرستادہ شد یک فرد بملاحظہ ملازمان سامی ارسال داشتہ میشود کہ از عنوان آں حال اخبار کاذبہ مرجفین من وجہ ہویدا برائے عالی خواہد بود۔

زیادہ والسلام خیر الختام

مکتوب یکصد و پنجاہ و نہم[159]

قرض حسنہ دادنی است

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت شریف نواب محمود علیخاں صاحب سلمہ اللہ الوہاب بعد السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ، واضح باد کہ دریں جا خیریت است و خیر و عافیت آں مرجع فقراء و مساکین مطلوب دریں باعث گزارش نیست حامل رقیمہ نیاز ہذا قاضی بن یامین کہ در تجارت بسبب نادہندگی خریداراں ہزارہا روپیہ ضائع و نقصان پذیرشد۔ بارے بفضلہ تعالی بسیار قرض را ادا ساختہ و کمتر باقی ماندہ منجملہ ازاں بدلہ یک ہزار روپیہ سبکدوش میشود لہذا عرض رسانست کہ بموجب حدیث شریف ما کان العبد فی حاجۃ اخیہ کان اللہ فی حاجتہ یکہزار

پہونچا اور ایسی حالت میں دل نے گوارا نہ کیا کہ زخمی کو اکیلا چھوڑ کر بھوپال پہنچوں بدیں وجہ خدام والا کی ملاقات سے محروم رہا۔ انشاء اللہ تعالیٰ برسات گزر جانے کے بعد آنجناب کی زیارت کا ارادہ ہے اس وقت تمام سرگذشت اپنی عرض کروں گا۔

اور میرے بعد جو بدعتی حضرات نے میرے متعلق افواہیں شائع کردی ہیں وہ سراسر غلط ہیں بسردست سلطان مکہ مکرمہ کے فرمان کی ایک نقل جو ترکی زبان میں ہے چھپوا کر چاروں طرف بھیجدی ہے اسکا ایک نسخہ ملازمان عالی کے ملاحظہ کے لیے بھی ارسال خدمت ہے۔ اس کو پڑھنے سے انکی جھوٹی خبروں کی بھی قلعی کھل جائیگی۔ زیادہ والسلام خیر الختام

ایکسو انسٹھواں[159] خط

قرض بغیر سود دینا چاہیے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بخدمت شریف نواب محمود علیخاں صاحب سلمہ اللہ الوہاب رداعی چھتاری ضلع بلند شہر السلام علیکم کے بعد واضح ہو کہ یہاں خیریت ہے اور خیر و عافیت آنجناب مرجع فقیر و مساکین مطلوب بسردست عریضہ نگاری کا یہ سبب ہے کہ حامل رقیمہ نیاز ہذا قاضی بن یامین صاحب جو کہ تجارت میں خریداروں کی نادہندگی کے باعث ہزاروں روپے کا نقصان اٹھا چکے ہیں۔ پھر بھی خدا کے فضل و کرم سے انہوں نے بہت کچھ قرضہ ادا کر دیا ہے اور تھوڑا سا باقی رہ گیا ہے ان میں سے بیس ہزار ایسے ہیں کہ اگر ایک ہزار ادا کر دیا جائے تو کل رقم سے وہ سبکدوش ہو سکتے ہیں لہذا عرض پرداز ہوں کہ حدیث

[159] نواب محمود علیخاں صاحب رئیس اعظم چھتاری ضلع بلند شہر کے بہت بڑے مخیر متقی پرہیزگار تھے اور میاں صاحب مرحوم کے مدرسہ کی ہمیشہ ۲۰ ماہانہ کی امداد گراں قدر عطیہ سے معرفت جناب مولوی محمد عثمان مدرس اعلیٰ و خطیب مدرسہ اہلحدیث علیگڈھ فرماتے رہتے تھے۔ ۱۲

بطور قرض مشارالیہ بدہند وگر خواہند اسباب ہزار روپیہ
نزد خود دارد بعد ادائے مبالغ آنصاحب او را واپس
خواہند فرمود بموجب اجر عظیم عند اللہ الکریم خواہد بود
امداد و اعانت او از بس ثواب بسیار میدارد و ذات
سامی در خیرات و حسنات بغایت مصروف است
حاجت روائی او را از دیگر کار بسیار تصور نمودہ اجرار
کردہ خواہند داد عین احسان بر من ناتوان خواہد بود ع
برکریماں کارہا دشوار نیست۔

زیادہ والسلام خیر الختام

مکتوب یکصد و شصتم

رہن جائز است

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی سید
محمد اسحاق صاحب سلمہ اللہ تعالی بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ
وبرکاتہ واضح باد کہ خط مسرت نمط شما رسید کاشف
مدعا گردیدہ۔

مشفقا! رہن داشتن مکان شما بہر حال درست
وروا است اگرچہ مرتہن از مکان نفع گیرد درینصورت بر
آنصاحب وزر و اصلا نیست لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ
أُخْرَى چنانکہ کتب فقہ و حدیث مستفاد میشود آئندہ اختیار
شما است و برائے نوکری شما در امرتسر بطرف مولوی احمد[1] صاحب

تشریف کے بموجب ماکان العبد فی
اللہ فی حاجتہ صاحب موصوف کو ایکہزار
آپ دیدیں۔ اور اگر چاہیں تو ایکہزار روپے کی کو
رکھ لیں جب آپکا روپیہ وہ ادا کردیں تو آپ انکی چیز کو واپس
کردیں اللہ کے ہاں آپکو اسکا بہت بڑا ثواب ملیگا ان کی
امداد و اعانت بہت زیادہ ثواب کی باعث ہے اور جناب کی ذات
گرامی ایسے کار خیر میں بہت کچھ حصہ لیتی رہتی ہے انکی کاربرآری کو ضروری
خیال فرماکر جلد از جلد پورا کردیں۔ مجھ ضعیف پر آپکا احسان
عظیم ہوگا ع برکریماں کارہا دشوار نیست زیادہ والسلام خیر الختام

ایکسو ساٹھواں خط

ط ۱۶۰

گرو جائز ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین مولوی سید محمد اسحاق صاحب
سلمہ اللہ تعالی۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے بعد واضح ہو آپکا
خط مسرت نمط پہنچا کاشف حال ہوا۔

میرے شفیق دوست! مکان کو رہن رکھدینا بہر صورت
جائز ہے۔ اگرچہ مرتہن مکان سے نفع حاصل کرے اور اس صورت
میں آپ پر کوئی گناہ نہیں لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ
أُخْرَى۔ کتب فقہ میں ایسا ہی لکھا ہے۔ آگے تمہاری مرضی
ہے۔ تمہاری ملازمت کے لئے امرتسر میں مولوی احمد اللہ
صاحب کو لکھدیا ہے۔ مگر حکم خداوندی کے آگے دم

[1] جناب مولوی احمد اللہ صاحب امرتسر میں رئیس الموحدین اور عالم تھے۔ ۱۲

تحریک کردہ شد مگر از مشیت ایزدی چارہ نیست گاہ گاہے از خیریت مزاج خود خوش وقت می کردہ باشند۔

زیادہ والسلام خیر الختام

مکتوب یکصد و شصت و یکم[۱۶۱]

باطلاع ارادہ سفر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عاجز محمد نذیر حسین۔ بمطالعہ گرامی عزیز العلماء صمدنی سلمہ ربہ بعد السلام علیکم واضح باد کہ بندہ بسفر مشرق بتاریخ نہم ربیع الآخر روانہ خواہد شد باید کہ بشرط فرصت در الہ آباد یا اسٹیشن کہ چناں من مہجور از دیدار خود مسرور و خوش دل نمایند۔ والسلام۔ از دہلی روز جمعہ وقت عصر

مارنے کی جگہ نہیں ہے کبھی کبھی اپنی خیریت مزاج سے مسرور کیا کریں۔ زیادہ

والسلام خیر الختام۔

ایکسو اکسٹھواں خط

سفر کے ارادہ کی اطلاع

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین عزیز العلماء صمدنی سلمہ ربہ بعد السلام علیکم کے واضح ہو کہ بتاریخ ۹ ربیع الآخر فقیر پورب کو روانہ ہو جائیگا تم کو چاہئے کہ بشرط صحت الہ آباد کے اسٹیشن پر جسطرح ممکن ہو مجھ مہجور کو اپنی ملاقات سے مسرور کرو۔ والسلام۔ از دہلی بروز جمعہ وقت عصر

مکتوب یکصد و شصت و دوم[۱۶۲] (الف)

بشکریہ تقرر یکصد روپیہ ماہوار علیہ حضرت نوابہ شاہجہان بیگم صاحبہ فرمانروائے بھوپال

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٭ عاجز محمد نذیر حسین بہ جنابہ فیضمآبہ عالیہ متعالیہ نوابہ شاہجہان بیگم صاحبہ دام اقبالہا و افضالہا۔ بعد ہدیہ مسنون سلام کے عرض پرداز ہے کہ اس عاجز کمترین خلائق کیلئے جنابہ عالیہ نے ایک سو روپے اپنی سرکار عالیجاہ سے مقرر فرمائے اور میری سفارش درسہ کیلئے قبول ہوئی۔ شکریہ جنابہ کی اس عنایت عظمیٰ کا مجھ سے ادا نہیں ہو سکتا اگر سو زبان سے بلکہ ہزار زبان سے بھی کروں ؎

عمرت دراز باد کہ در دور مشتری ٭ ما از تو برخوریم و تو از عمر برخوری

اللہ رب العالمین عوض میں اس عنایت عظمیٰ کے جنابہ موصوفہ کو دنیا میں دنیا کی آفات سے محفوظ رکھے اور آخرت میں جنت الفردوس عطا فرمائے۔ دوسری عرض یہ ہے کہ مولوی محمد بشیر صاحب کو واسطے تکمیل و پورا کرنے تفسیر جناب نواب صاحب مغفور و مرحوم کے حکم سرکار دولتمدار سے صادر ہو کہ جو تفسیر باقی رہ گئی ہے اسکو مولوی صاحب موصوف تمام کریں کیونکہ مولوی صاحب ممدوح مزاج داں اور طرز تحریر نواب صاحب مرحوم و مغفور سے خوب واقف ہیں یہ خدمت دوسرے شخص سے بخوبی ادا نہ ہوگی

۱۔ یہ تحریر حضرت میاں صاحب کی قلمی یا دستخطی نہیں بھیجی گئی تھی بلکہ مہری ہے۔

اور جو دوسرا شخص کرے گا تو اُس کی مثل ایسی ہے کہ کمخواب میں ٹاٹ کا پیوند لگایا اور دلچسپ کما حقہ نہ ہوگی حضور پرنور جلدی سے مولوی صاحب موصوف کو حکم نافذ فرمادیں کہ وہ تفسیر لکھنا شروع کردیں۔ آئندہ حضور والا مختار۔ آفتاب دولت و اقبال درخشانی ست۔

مکتوب یکصد و شصت و دوم (ب) ۱۶۲

درخواست مدرسہ نذیریہ دارالعلوم دہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ عاجز محمد نذیر حسین ۔ بجناب فیض مآب عالیہ متعالیہ حضرت علیا نواب شاہجہاں بیگم صاحبہ فرمانروائے ریاست بھوپال دام اقبالہا و افضالہا ۔ بعد ہدیہ سلام مسنون کے عرض پرداز ہے۔ کہ اس عاجز کمترین خلائق و طلبا کی علمی ضروریات کو پیش نظر فرماکر بمراحم خسروانہ و الطاف شاہانہ سرکار عالیجاہ نے فقیر کی درخواست پر مبلغ ایکسو روپیہ خزانہ شاہجہانی وصیغہ مناصب سے منظور فرماکر مدرسہ — کو شرف بخشا اس عنایت عظمیٰ کا مجھ فقیر سے تاحیات شکر ادا نہیں ہوسکتا جس کے اظہار کے لئے زبان اور قلم قاصر ہے۔

عمرت دراز باد کہ در دور مشتری ÷ ما از تو برخوریم و تو از عمر برخوری

اللہ رب العالمین ۔ اس گراں قدر علمیہ کی سرپرستی و عنایات و احسانات عظیم کے معاوضہ میں سرکار عالیہ دام اقبالہا کو دنیا میں ہر آفات سے محفوظ رکھے اور آخرت میں جنت الفردوس عطا فرمائے آمین دوسری عرض یہ ہے کہ جناب مولوی محمد بشیر صاحب سہسوانی ممدوح کو تکمیل تفسیر کے لئے جناب علامہ نواب صدیق حسن خاں صاحب فاضل مرحوم و مغفور کے لئے حکم سرکار دولت مدار سے صادر ہو کہ جو تفسیر باقی رہ گئی ہے اسکو جناب مولوی صاحب موصوف پورا کریں۔ کیونکہ جناب مولوی صاحب ممدوح مزاج داں اور طرز تحریر نواب صاحب امیر الاجاہ مرحوم و مغفور سے خوب واقف ہیں۔ یہ خدمت دوسرے شخص سے ادا نہ ہوسکیگی اور جو دوسرا شخص اس خدمت کو انجام دیگا تو اسکی مثال ایسی ہوگی جیسے کہ کمخواب میں ٹاٹ کا پیوند لگادیا گیا خدمت دلچسپ اُسکی کما حقہ نہ ہوگی حضور پرنور سرکار عالیہ دام اقبالہا جلد از جلد جناب مولوی محمد بشیر صاحب کے لئے حکم نافذ فرمایا جائے۔ تاکہ اس تفسیر کو وہ تب کرنی شروع کردیں۔ اور آئندہ سرکار والا مختار ہیں۔ ــــ

÷ آفتاب دولت و اقبال تابان و درخشان باد ÷

(مہر: محمد نذیر حسین ۱۲۲۴ھ / ۱۳۰۰)

۴۴ جو کہ لائبریری نذیریہ عامہ پھاٹک حبش خاں دہلی میں موجود ہو وہو ھذا ۔ کتبہ محمد بشیر السہسوانی نزیل الدہلوی فی الثامن العشر الرجب ۱۳۰۰ھ

۵ جناب مولوی محمد بشیر صاحب بہت بڑے محدث اور بہت منکسر المزاج عالم متبحر تھے احاطہ نذیریہ قبرستان قوم پنجابیان باغ شیدی پورہ دہلی میں مدفون ہیں۔

فقیر کو بھی سند سبقاً سبقاً حدیث نبوی کی آپ سے حاصل ہے ۴۵ اور بعد میاں صاحب مرحوم و مغفور کے مسجد حاجی علی جان کوچہ خان چند میں درس حدیث کی خدمت تاحیات انجام دیتے رہے ــ

نقل المثل نقشہ انتظامیہ عہد صدارت جنابہ نواب علیا سلطان جہان بیگم صاحبہ فرمانروائے بھوپال دام اقبالہا حکم ۱۴ شوال ۱۳۱۹ھ

نمبر	نام	ولدیت	قوم	سکونت	عمر	لیاقت	مشاہرہ	تعداد دیگر ذرائع آمدنی	کیفیت سررشتہ مناصب	حکم سرکار حضور دولت مدار	
۱۲۴	مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی	مولوی سید محمد جواد علی صاحب	سید	[illegible]	۱۰۵	[illegible]	یکصد ۱۰۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	

نقل مراسلہ سکریٹری صاحب متفرقات موسومہ مہتمم صاحب وظائف

مضمون نقل نمبر ۸۴ سنہ ۱۹ء عہدہ مناصب سنہ مراسلہ ۵۱۲

مورخہ ۲۰ رجولائی سنہ ۱۹۲۱ء

مضمون۔ منظوری تقرر پنجاہ روپیہ ۵۰ ماہانہ از صیغہ مناصب بنام مولانا سید محمد عبد الرؤف صاحب دہلی

بملاحظہ عرضیہ عالیجناب نواب زادہ لفٹنٹ کرنل افتخار الملک چیف سکریٹری صاحب بہادر بالقابہ مورخہ ۲۸ رجون سنہ ۱۹۲۱ء درباره تقرر پنجاہ ۵۰ روپیہ وظیفہ بنام مولانا سید محمد عبد الرؤف صاحب نبیرہ زبدۃ المحدثین قدوۃ ارباب فقہ والتفسیر مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ حضور سرکار عالیہ دامت سلطنتہا نے مبلغ پنجاہ ۵۰ روپیہ بصیغہ مناصب بنام مولانا سید محمد عبد الرؤف صاحب مقرر کیا جانا منظور فرمایا ہے لہذا بغرض کارروائی اجراء منصب منظور شدہ بنام موصوف الیہ خدمت سامی میں تصدیقہ ہے فقط مورخہ ۱۹ رجولائی سنہ ۲۱ء

مصدقہ خادم :۔ محمود، مہتمم وظائف وغیرہ ۔ بسفارش حاجی الحرمین جناب منشی سید محمد منصب علی صاحب سابق فنانشل سکریٹری دام اقبالہم کی وظیفہ اجرا ہوا تھا ۔

بھوپال کے بزرگوں میں جناب حکیم محمود خاں صاحب بہت بڑے طبیب اور عالم و فاضل تھے

سکریٹریٹ گورنمنٹ بھوپال

۱۹۳۳ء

مثل نمبر ۱۱ مد نمبر ۳۰ صیغہ بجٹ

منجویہ نمبر ۷۲۱۶ مضمون مسدودی مناصب و وظائف

مورخہ ۱۰ مئی ۱۹۳۳ء

بخدمت مولانا سید محمد عبد الرؤف صاحب ولد مولوی سید محمد حامد علی صاحب مرحوم و مغفور پھاٹک حبش خاں دہلی۔

چونکہ گذشتہ چند سال سے ریاست بھوپال بھی ان عالمگیر مالی اور اقتصادی مشکلات سے مستثنےٰ نہیں ہے۔ جن میں اسوقت تقریباً ہر حصۂ ملک مبتلا ہے اسلئے اس بات کی شدید ضرورت ہے کہ حتی المقدور ہر صیغہ میں پوری کفایت شعاری سے کام کیا جائے۔ تاکہ اس عام کساں بازاری اور ارزانی اجناس کیوجہ سے جو دقتیں بالعموم طبقہ کاشتکاران کو پیش آرہی ہیں۔ ان کو کم کیا جا سکے۔ ان وجوہ سے مجبور ہوکر باظہارِ افسوس اعلیٰ حضرت خلد اللہ ملکہم نے آپ کا منصب مقررہ ۲۵ روپیہ ماہانہ یکم جولائی ۱۹۳۳ء سے مسدود کیا جانا منظور فرمایا ہے۔ لہٰذا حسبہ آپکو اطلاع دی جاتی ہے۔ فقط۔

دستخط سیکریٹری صیغہ فنانشل

عالی مرتبت جناب ضیاء العلوم مولوی مفتی انوار الحق صاحب فنانشل سکریٹری یہ حضرت مولانا مولوی عبد اللہ صاحب ٹونکی جو بہت بڑے فاضل اور حضرت میاں صاحبؒ کے شاگرد تھے جناب مفتی صاحب انکے صاحبزادے ہیں اجرائے وظیفہ کے لئے جن جن مخلص و محترم حضرات نے اپنی اپنی سفارشات سے مجھ ناچیز کو مشکور فرمایا انکے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں:۔

حضرت مولانا عبد الباری صاحبؒ فرنگی محلی لکھنؤ۔ جناب حافظ محمد الیاس خاں صاحب مہتمم وظائف سرکار عالی ریاست بھوپال جناب حافظ عبد الغفار صاحب مرحوم و مغفور سوتھی حاجی علی جان۔ جناب ڈاکٹر مختار احمد صاحب انصاری مرحوم مغفور۔ جناب حضرت خواجہ حسن نظامی صاحبؒ۔ جناب شمس الحکماء حکیم غلام کبریا خاں صاحب مرحوم مغفور۔ جناب شمس العلماء مولوی ہند سید احمد امام جامع مسجد شاہی دہلی۔ جناب نواب آنریبل سر فضل اللہ خاں صاحب بہادر رئیس اعظم کے سی جی آئی بھیکن پور علی گڈھ۔ سید محمد جعفری ایڈیٹر ملت دہلی۔ جناب ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب شیخ الجامعہ۔ کے۔ سی۔ ای۔ آئی۔ جناب سید سجاد حسین ایم اے ... خلف شمس العلماء مولانا سید الطاف حسین صاحب حالی پانی پتی مرحوم و مغفور۔ جناب مولوی الطاف الرحمٰن صاحب قدوائی فرنگی محلی لکھنؤ جناب نواب حبیب الرحمٰن خاں صاحب صدر الصدور یار جنگ بہادر رئیس اعظم حبیب گنج ضلع علی گڈھ

باوجود ان سفارشات کے حضرت مفتی صاحب موصوف نے کوئی توجہ نہ فرمائی جس سے نذیریہ پبلک لائبریری اور خصوصاً نذیریہ مسلم گرلز اسکول جہاں معززین شہر کی بچیاں دینی و دنیوی تعلیم حاصل کر رہی ہیں بہت برا اثر پڑا ہے اگر صیغہ مناصب سے یہ وظیفہ جاری رہتا تو اس صدقہ جاریہ کا ثواب موجودہ فرمانروائے خلد اللہ ملکہ کو نہ ملتا بلکہ حضرت علیا حضرت سلطان جہاں بیگم صاحبہ خلد آشیان کو بھی تا قیامت ملتا رہتا۔

سلہ جس میں تقریباً دو ہزار سے زائد کتب مع اخبارات و رسائل سے حضرات شائقین بکثرت روزانہ دار المطالعہ نذیریہ عام مردہا ہر قوم و ملت مستفیض ہوتے رہتے ہیں اور روزانہ طلباء ...

مکتوب یکصد و شصت و سوم

باطلاع استصلاح فروگذاشت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ازعاجز سید محمد نذیر حسین - بمطالعہ گرامی مولوی محمد سعید صاحب سلمہ اللہ تعالی بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہ زبانی بعض شخص معلوم شد کہ آنصاحب نقل خط مولوی محمد بشیر صاحب کہ من - اوشان نگاشتہ بودم وازراہ سہو آں چنیں تحریر آمدہ بود کہ مولوی محمد سعید صاحب باجازت من رفتند وانصاحب جملہ آخر مشتہر مے نمایند حال ایں است کہ لفظ باجازت بجائے عدم اجازت ازمن سہواً نوشتہ شد شما خوب سید اتید حلفاً باللہ بگوید کہ شما با اتفاق با اجازت من روانہ شدہ بودند یا بغیر ملاقات وبے اجازت من ازمکان حاجی عبدالعزیز صاحب بریل سوار شدند و من بر سہو خود معترف ام از طبع کنانیدن آں خط چہ فائدہ خواہد داد شمارا خدا تعالی سہو خطا کہ در تحریر واقع شد معاف فرماید چہ امر واقعی ہمیں است کہ بدون اجازت من رفتند بہر حال آں خط را بطبع نیارند آیندہ اختیار شما است -

مکتوب یکصد و شصت و چہارم ١٦٤

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبیین ہستند و بعد نبی نخواہد شد و استفسار جواز ختم خواجگان بقیود اعداد ملتزمہ بدلائل و سنج وغیرہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ازعاجز محمد نذیر حسین بخدمت شریف نواب صدیق حسن

ایکسو ترسٹھواں خط

ایک سہو کی ترمیم ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین - بمطالعہ گرامی مولوی محمد سعید صاحب سلمہ اللہ تعالی - السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کے بعد واضح ہو کہ ایک آدمی کی زبانی معلوم ہوا ہے کہ مولوی محمد بشیر صاحب کے نام کا خط جو میں نے ان کو لکھا تھا جس میں غلطی سے یہ لکھ دیا گیا تھا کہ مولوی محمد سعید صاحب میری اجازت سے گئے ہیں اور جناب والا نے اخیری میرے جملہ کو خوب شہرت دی حالانکہ عدم اجازت کے بجائے لفظ اجازت بھول میں مجھ سے لکھ گیا ہے آپ کو تو علم ہے کیا خدا کی قسم کھا کر کہوں کہ تم ملاقات کے واسطے میری اجازت سے روانہ ہوئے تھے یا بغیر ملاقات کے اور بلا اجازت تم میاں حاجی عبدالعزیز صاحب کے مکان سے ریل پر روانہ ہو گئے تھے اور میں اپنی غلطی کا اعتراف کرتا ہوں پھر خط چھپوانے سے کیا فائدہ ؟ جو غلطی یا سہو تحریر میں مجھ سے واقع ہو گئی ہے - وہ خدا تعالی آپ سے معاف فرمائیگا کیونکہ یہ واقعہ ہے کہ وہ میری اجازت کے بغیر گئے ہیں بہر حال اس خط کو آپ طبع نہ کرائیں آیندہ آپکو اختیار ہے -

ایکسو چونسٹھواں خط ١٦٤

حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبیین ہیں جواز ختم خواجگان بقیود اعداد ملتزمہ مطابق قواعد خفیہ ہے یا نہیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز محمد نذیر حسین بخدمت شریف نواب صدیق حسن

خاں صاحب والا مناقب عالی مراتب سلمہ اللہ تعالیٰ بالخیر والعافیۃ
بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہٗ واضح رائے سامی باد کہ نامہ
نامی صحیفہ گرامی پرتو ورود افگندہ وکاشف مدعا گردید چنانچہ
جوابش نگاشتہ روانہ می سازم بنظر عالی خواہد گزشت کیست
کہ آنصاحب را برا ستفسار ایں مسئلہ باعث ومحرک شدہ حالانکہ
ہمہ اہل اسلام از سلف تا خلف بدلیل اخبار آیہی اتفاق می دارند
کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبیین ہستند وبعدہ نبی
نخواہد شد وکسے را دریں۔ اختلاف نیست ترصد کہ ازاں
اطلاع بخشند ونیز جواب جواز ختم خواجگان بقیود اعداد ملتزمہ
بلا کراہیت بدلائل شرعیہ خصوصًا مطابق قواعد وضوابط مذہب
امام ابوحنیفہ رح از علماء بخارا کہ حنفی المذہب اند از کتب
معتبرہ حنفیہ مدلل کنانیدہ عیاں خواہد ساخت کہ موجب
ہدایت گردد۔
زیادہ۔ والسلام خیر الختام

خاں صاحب والا مناقب عالی مراتب سلمہ اللہ تعالیٰ بالخیر والعافیۃ
بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ کے واضح ہو کہ جناب کا نامہ نامی وصحیفہ گرامی
شرف صدور لایا۔ کاشف حال ہوا جواب ارسال خدمت ہے۔ جو
نظر عالی سے گزریگا کون صاحب ہیں کہ جن کی وجہ سے آپ نے یہ
مسئلہ مجھ سے پوچھا ہے حالانکہ تمام اہل اسلام اور سلف سے
خلف تک خدائے تعالیٰ کے احکام وفرمان پر سب متفق ہیں
کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبیین ہیں اور آپکے بعد کوئی نبی
باغ رحمت پروردگار سے اور نہیں نا امید ہو رحمت پروردگار سے خواستگار مراد رہنا چاہیئے ؎ نظم:۔ خوش رہ اگرچہ تیرا دن رات سے بدل گیا ٭ کیا رات کے واسطے سحر نہیں ہے گویائی کا کمر بند کمر گویائی پر آگے پیچھے سے تنگ ہے اور اسپ سرن بچر نیولا میدان تحریر میں لنگڑا ۔ افتتاح مطبع کے بارے میں جو کچھ استفسار ومشورہ طلب فرمایا تھا اس عاجز کے نزدیک فی زمانہ صورت فائدہ کی نہیں ہے کیونکہ ناقدردانی کی زمانہ میں حسینان مقاصد کمبل سیاہ مفاسد میں مخفی نہیں اسلئے کہ منفعت کی لیلا اور بہبود کی سلما اور منافع کی کواریاں قابل عشق بازی کے نہیں ہیں کیونکہ خریدار لوگ مثل مجنوں کے پہاڑ ناداری میں پوشیدہ ہیں اور نازنینان خوش وضع موزوں طبع خریداران خستہ دلاں کی عدم توجہی سے پہاڑ زیرباری کے نیچے قریب المرگ ہیں کیونکہ لیلی کو مجنوں کی آنکھ سے دیکھنا چاہیئے ؎ نظم:۔ کہاں ہے مجنوں تا کہ حسن خدا داد کو دیکھے ٭ تصویر خانہ حسن وجمال لیلے کو ٭ ایسے حال میں میری فہم ناقص کی اجرار مطبع کے خیال میں نہ ہیں کیونکہ انجام کار اس گلزار میں سوائے کانٹا خسارہ چبھنے کے امید بہار کی نہیں ہے ؎ نظم:۔ نہ گل ہے نہ لالہ ہے نہ سرو چمن ہے ٭ زمانہ بہار کا باغ کی آخر ہے ٭ پس یہ باتیں موافق مضمون اَلْمُسْتَشَارُ مُوْتَمَنٌ محل بیان میں آئیں آیندہ اختیار ہاتھ میں صاحب اختیار کے ہے ہر آدمی اپنی مصلحت کو بہتر جانتا ہے۔ امید کہ وقتاً فوقتاً نسیم باغ محبت کی خوش بو وگلستان مودت کی ترادت وبلبل نغمہ سرائے گلبن دوستی واتحاد کی چہک وطوطی یکرنگی ودوستی کی خوش آوازی سے یعنی نامہ سر بمہر دوستی سے وباغ تمنا فقیر جیسے کی خالص مراد ومقصد کے معطر وتر وتازہ فرماتے رہیں گے زیادہ سایہ فصاحت وبلاغت کا سر امیدواراں فیض کے پھیلا ہوا اور دراز سر دوسے اللہ تعالی کے

٭٭ حضرت میاں صاحبؒ نے اس خط میں غدر کے واقعات قلمبند ہیں۔

طرز تحریر القاب و آداب

خط کا سرنامہ اکثر اس طرح شروع کرتے کہ پہلے "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ" لکھ کر دوسری سطر میں لکھتے " از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی"، بخدمت شریف جامع حسنات و کمالات عزیزی فلاں، بخدمت بابرکت مولوی فلاں، بخدمت شریف مرجع آزادگاں مجمع افتادگاں وغیرہ وغیرہ القاب فراخور حال و مناسب شان مکتوب الیہ۔

پھر بعد "السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ" بعد سلام مسنون واضح باد" کے نفس مضمون شروع کرتے۔ اور کبھی سرنامہ یوں بھی شروع کرتے۔

" برادر دینی وفقکم اللہ بالخیر والطاعۃ السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ اور خاتمہ پر الراقم العاجز طالب الحسنین سید محمد نذیر حسین۔ جس خط میں اپنا نام سرنامہ پر نہیں لکھتے تو خاتمہ پر ضرور لکھتے کبھی (از دہلی، روانہ از مقام فلاں، اور تاریخ بھی لکھدیتے کبھی تاریخ نہ لکھتے۔ زیادہ تر خطوط فارسی میں تحریر فرماتے اور گاہ گاہ اردو میں بھی اکثر خاتمہ پر خطوط کے لکھدیتے " زیادہ السلام خیر الختام"۔

کام کرنے کی ہدایت

مولوی علیم الدین حسین صاحب مرحوم نگر نہسوی کو لکھتے ہیں " الحمد للہ کہ بہ تحریر ایں عاجز نظر کردہ کاربند شدند اللہ جلشانہ سعی عزیز را مشکور گرداند آیندہ ہم ہمیں خواہم کہ بموجب مصرعہ ~ آغاز کردہ برسانش بانتہا ٭ جمیع مراتب طے کردہ خود را و ایں عاجز را ماجور و مشکور تام گردانند۔ مولوی ابو الطیب محمد شمس الحق صاحب کو لکھتے ہیں " او موفق حقیقی توفیق انیق عطا فرماید کہ شرح ابوداؤد کہ بطرز سہل و حل مطلب آغاز شد اتمامش نیز بہ احسن وجوہ مبارک باد ~ دعا از من اجابت از خدا باد ٭ ایک اور خط میں مولوی شمس الحق صاحب کو ان کے بھائی مولوی شرف الحق صاحب کی نسبت لکھتے ہیں۔

مزاج مولوی اشرف الحق صاحب باعتدال اصلی بحال شد یا نہ و بچہ شغل مصروف مے باشند و شوق و اگر وہ باختتام خواہند رسانید یا معطل گزرانید ~ وقت ہر کار نگہدار کہ نافع نبود ٭ نوشدارو کہ پس از مرگ بسہراب دہی ٭ آیندہ توفیق الٰہی انیق باد۔

مولوی سید عبد العزیز فرخ آبادی کو لکھتے ہیں :۔

علوم دین را کہ بمشقت حاصل نمودند ضائع نباید ساخت از مشاغل متعلقہ فرصت غیر ممکن باشد ورنہ درس بہ طالبان دادن بسیار مناسب است ایں ہم نہ باشد کتب بینی و شغل تالیف بسا مستحسن و پر خیر است۔

شکریہ

مولوی شمس الحق صاحب کو ایک خط میں لکھتے ہیں :۔ " انچہ ہدایا بوفور رافت فرستادہ بودند ہمہ ہدیہ حبیب حبیب شدہ موجب نصیب بر حضیب گشت جَزَاکُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی خَیۡرَ الۡجَزَآءِ فِی الدَّارَیۡنِ وَکَانَ سَعۡیُکُمۡ مَشۡکُوۡرًا ؎

مولوی سید عبدالعزیز فرخ آبادی کو ایک خط میں لکھتے ہیں :- "میں نہایت خوش ہوا کہ مبلغ اعانت مدرسہ کے لئے بھیجے۔ خدا برکت تمہاری کمائی میں دے سب لڑکوں نے خوش ہوکر شیرینی کھائی اور تمہارے لئے دعا کی اور سب کچھ حساب بھی ملنے کا طے کردیا اللہ تم کو اور تمہارے بچہ حمید کو زندہ اور تابع شریعت کا رکھے"

طلبہ کے حال سے اُن کے مربّیوں کو خبر دینا

مولوی شمس الحق صاحب کو لکھتے ہیں :- "مولوی محمد ادریس صحیح بخاری وھدایہ شروع کردند الحمد للہ طبیعت شان سلیم است بارک اللہ فی علمہ" ترجمہ مولوی محمد ادریس نے صحیح بخاری و ہدایہ شروع کی ہے طبیعت ذہین اور فہیم ہے اللہ انکے علم میں برکت عطا فرمائے۔

طلبائے عازمین کیلئے مشورہ

مولوی سید عبدالعزیز فرخ آبادی کو لکھتے ہیں :- "پیش فقیر آمدن سودے ندارد چندے از مولوی امیر احمد سلمہ صحبت درس گرم باید داشت بعدہٗ دریںجا رسیدن مضائقہ ندارد در مدرسہ قریب پنجاہ و ہفت طالبان علم درس می گیرند۔ دریںجا زیادت تپ دلرزہ است وقتیکہ سرمائے خفیف شروع شود دریںجا رسند۔ بالفعل قیام ملتوی نمایند بلکہ بعد فراغ سنت نکاح آمدن مناسب است نمی دانم کہ انکار از نکاح مستفاد از کدام حدیث کردند۔ تجرد و رہبانیت خلاف اسلام است ماورائے ایں از نکاح شغل درس وتدریس باز نمی ماند انبیاء علیہم السلام وصحابہ رضوان اللہ علیہم وائمہ سنت ایں سنت سنیہ را بجا آوردند واز نکاح تزاید وترقی نسل است اگر اولاد سعید بوجود آمدند ثواب از خدا خواہد رسید جناب قاضی صاحب ووالد ایشان را شوق مناکحت شما بسیار است و ماشاء اللہ نقص شرافت وسقم نسب درمیان نیست محض بحیلۂ طلب علم انکار خلاف عقل است بندہ فقیر برائے فراغ کتب شما ہمیشہ مستعد وموجود است پدر بزرگوار شما استفتائیکہ بذریعہ ڈپٹی شیخ کریم بخش رسانیدند جوابش دادم برائے استفادہ ایشاں نقلش فرستادہ میشود اگر در صحت روایات کلامے باشد بے تامل نویسند چراکہ بجائے غائر وذہن بلیغ بفضلہ دارندمن کہ فرسودہ زمانہ شدم مباحث جوانانہ از کجا آرم ہرگاہ کہ از طالبان حل غوامض نتواں شد تجربہ پیراں نود سالہ درکار است قاضی صاحب مہمان نواز مزاج دارند ہنگام سفر بندہ از الہ آباد و دہلی ہنگام قیام فقیر نواز شہا کہ نمودند ہمہ یاد دارم خوش قسمتی ایشان است کہ ایں چنیں کریم النفس شفیق یافتند از شما غم جانانہ مرگ دختر مرحومہ خویش غلط می نمایند۔"

سفارش

ایک خط میں مولوی نور احمد صاحب مرحوم حافظ علی اکبر صاحب مرحوم وحافظ علی اصغر صاحب مرحوم ومولوی شمس الحق صاحب سلمہٗ ومولوی محمد اشرف صاحب سلمہٗ کو لکھتے ہیں :- "بروفق اظہار وبیان مولوی محمد عرفان صاحب کہ مولوی محمد شمس الحق صاحب ومولوی

حضرت مولانا مولوی شمس الحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند سعید اور لائق طبیب اور ہونہار عالم ہیں۔ خدا انکی عمر میں برکت

محمد اشرف صاحب از حالات برکت سمات شان خوب واقفند اند اعانت در رفاقت در ادائے قرض مغری الیہ بوجہے کہ نوشتہ اند بظہور آید زہے اجر عظیم عند اللہ الکریم خواہد بود زیراکہ ایں خلق از اخلاق حضرت ربوبیت است کہ الرحمن الرحیم واز عمدہ صفات حضرت نبوت است کہ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ لہذا در حدیث صحیح وارد شدہ کہ اَلرَّاحِمُوْنَ یَرْحَمُھُمُ الرَّحْمٰنُ اِرْحَمُوْا مَنْ فِی الْاَرْضِ یَرْحَمْکُمْ مَنْ فِی السَّمَآءِ ودر مشکوٰۃ وطبرانی وغیرہ مروی است کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمودہ اندکہ مسلمانان رامی باید کہ در شفقت و حسن سلوک باہم مانند یک تن باشند اگر یک عضو از تن درد مند شود تمام تن برفاقت او بے خواب ماند از ینجا شیخ سعدی علیہ الرحمۃ در گلستان افادہ فرمودہ ؎ بنی آدم اعضائے یکدیگر اند ؛ وبرآں صاحباں عالیشان فضائل جزیل قرض دادن مخفی نیست کہ تا وقتیکہ مستقرض ادائے قرض نہ کند مقرض را ہماں قدر ثواب قرض دادہ مثل ثواب صدقہ برائے او نوشتہ مے شود و ثواب صدقہ دہ گونہ و ثواب قرض دادن ہیجدہ گونہ می شود چنانچہ برآں صاحبان پوشیدہ نے دریں صورت آں صاحبان حسبۃً للہ سفقۃً علی خلق اللہ عاجز نامبردہ مضطر را مدد فرمایند واجر بے حساب نزد رب الارباب ذخیرۂ عاقبت بشمارند ع ؎

برمن منگر وبرکرم خویش نگر ؛ ونیز بشکر نعمت رب العزت وَاَمَّا بِنِعْمَۃِ رَبِّکَ فَحَدِّثْ کار فرما شوند واز جواب باصواب زود تر کامیاب فرمایند ومضطر وبیکس را از بارگراں رہا نمایند "

تعزیت

تعزیت کے خطوط میں مکتوب الیہ کے مذاق کی رعایت کرتے۔ مولانا عبد اللہ قدس سرہٗ غزنوی چونکہ متشرع صوفی تھے ان کی تعزیت میں جو خط ان کے بیٹوں کو لکھا وہ یہ ہے :- " از عاجز محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی مولوی عبد اللہ ومولوی عبد الجبار سلمہم اللہ تعالیٰ بالخیر۔ بعد از سلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ واضح باد کہ از خبر انتقال جامع خیر وبرکات موجب تاسف والم کمال رو داد اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَہٗ وارحمہ وادخلہ جَنَّۃَ الْفِرْدَوْسِ ؎

واہ عبد اللہ فنا فی اللہ شد ۔۔۔ از جناب باریش تسلیم باد
چشمۂ فیض کرامت شان او ۔۔۔ رونق افزا چشمہ تکریم باد

ارحم الراحمین آں صاحبان را بر جادۂ شریعت بمیراث پدری فائز کناد وایں عاجز بدعا وعافیت وارین شما بدرگاہ کبریا مستدعی می باشد قبول فرمایند۔ زیادہ سلام خیر الختام "

مولوی شمس الحق صاحب جو کہ سادہ وضع اور سادہ طبیعت آدمی ہیں ان کو لکھتے ہیں :- " از حادثہ جانکاہ انتقال اہلیہ مرحومہ شما نہایت تاسف رو داد مارا بجز اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ چارہ نیست بہر حال بہ صبر وشکیبائی گرایند وبشکر رب العلمین در آیند "

دوسرے خط میں انہی کو ان کے ماموں کے انتقال پر لکھتے ہیں :- " از استماع خبر جانکاہ ہوش ربا یعنی انتقال مولوی علی احمد صاحب مرحوم موجب تاسف ورنج والم از حد گردیدہ کہ از احاطہ تقریر وتحریر بیرون است اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ط برخواندم

ودعائے مغفرت ورحمت برائے آں محمود العاقبت کردم وخواہم کرد ونماز جنازہ ادا نمودم اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلَہٗ وَارْحَمْہُ وَاَدْخِلْہُ فِیْ عِبَادِكَ الصَّالِحِیْنَ فِیْ جَنَّۃِ الْفِرْدَوْسِ اٰمِیْنَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ ؁

مولوی محمد علیم الدین حسین مرحوم نگرنہسوی جو کہ نہایت رنگین فراج آدمی تھے ان کو لکھتے ہیں :- ؎

لشکر غم کی چڑھائی ہے خبردار اے دل ٭ مورچہ ٹوٹنے پائے نہ شکیبائی کا

از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت بابرکت مولوی سید علیم الدین حسین سلمہ عن الزین والشین :- بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، مشہود خاطر باد کہ قدر ومنزلت نفس مطمئنہ ؎

آن کہ نفس کلام حق گویا است ٭ کہ جہاں را برائے او آراست
وان کہ تن جامہ خلافت حق ٭ جز بہ بالائے او نیامد راست

ازاں برتر وبلند تر است کہ محل تصرف وترفع ومنزل آسایش وتمتع او ہمیں سرائے فانی وتنگنائے عالم جسمانی باشد ؎

بہ خاکدان جہاں دل منہ کہ جائے دگر ٭ برائے مسکن تو برکشیدہ اند قصور

کہ اِذَا رَاَیْتَ ثَمَّ رَاَیْتَ نَعِیْمًا وَّمُلْکًا کَبِیْرًا ؕ ازان است وَرَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ خَالِدِیْنَ فِیْھَآ اَبَدًا ؕ التمغائے دوامی اشارت بدان است پس روئے التفات از جانب جسم وجسمانیات گردانیدہ پس روئے التفات از جانب جسم وجسمانیات گردانیدہ پس پشت انداز د وبخطاب الطاف مآب یٰٓاَیَّتُھَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّۃُ ارْجِعِیْٓ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِیَۃً مَّرْضِیَّۃً فَادْخُلِیْ فِیْ عِبَادِیْ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ سرفراز د وبدیدہ فَبَصَرُكَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ نظارہ عالم ملکوت وُجُوْہٌ یَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَۃٌ اِلٰی رَبِّھَا نَاظِرَۃٌ سرمایہ کامرانی پردازد وجاوداں فِیْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِیْكٍ مُّقْتَدِرٍ بلذت انس ونعم وصال محبوب بمصنہ شادمانی نازد وازاں کہ دریں کون وفساد ایں سواد بے بنیاد حادثہ جانکاہ کہ موجب صد نالہ وآہ بر انتقال اہلیہ مرحومہ شما کہ ازدار ناپائدار بہ دار القرار بہ فردوس بریں جانشیں شد وبہ جنت الماوی اقامت گزیں ؎

گر قلم بر سر غم نامہ دوراں آید ٭ خوں بدل آہ بلب اشک بمژگاں آید

وبہ توقیع وقیع بَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ الَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْھُمْ مُّصِیْبَۃٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ ؕ صبر جمیل باید وبہ منطوق لازم الوثوق کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَۃُ الْمَوْتِ سر عبرت برضائے مولا فرو بردہ دل کشا اُولٰٓئِكَ عَلَیْھِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّھِمْ وَرَحْمَۃٌ وَّاُولٰٓئِكَ ھُمُ الْمُھْتَدُوْنَ ؕ جزع فزع نشاید ؎

ہر چند آہ جگر دوز چہ امکاں دارد ٭ سر زند نالہ جاں سوز چہ امکاں دارد

ابواب مرحمت الٰہی چو مفتوح گردد منظوران را خلعت ابتلا بلباس بلا پوشانند واسباب قرب وعنایت سبحانی چوں متعاضد شود جرعہ زہر حوادث از مشرب وادی بلا چشانند ؎

طالب خلعت نعمت ہمہ باشند و لے ٭ دولت آں بردہ کہ تشریف بلا یافتہ است

پس ازیں رہگزر بہ صبر و شکیبائی بہ خوش ادائی و بشکر گذاری جناب باری مستبشر باشند کہ نعم البدل عطا فرماید و جزائے جزیل بہ صبر جمیل افزاید آمین رب العالمین ثم آمین ؎

اپنی ہستی کو سمجھتا رہے برباد انساں ٭ چا عنصر نہیں جھونکا ہے یہ چوپائی کا

زیادہ والسلام مع الاکرام خیر الختام

شیخ سے طلبہ اپنے گھر پر خط لکھواتے

مولوی نور محمد بہاری نے ایک خط اپنے والد حکیم محمد عبد الرزاق صاحب کو اپنی طرف سے لکھوایا اور میاں صاحب نے خاکسار ہی کے ہاتھ میں دیا کہ اسکی نقل کرکے مولوی محمد نور کو دیدو۔ میں نے دو نقل اس خط کی کیں ایک ان کو دی ایک اپنے پاس رکھ لی اس خط سے میاں صاحب کی پرانی انشاء پردازی پر روشنی پڑتی ہے اور اس خط کو اسی موقعہ پر درج کرنا مناسب تھا مگر چونکہ اس سے آپ کے اخلاق جمیلہ کو بھی گہرا تعلق ہے کہ ادنیٰ ادنیٰ طالب علم کے کہنے سے ایسا چھوٹا چھوٹا کام بھی کیا کرتے تھے اسلئے یہیں درج کرتا ہوں وَھُوَ ھٰذَا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

صبا بہ حضرت گل عرضہ گیاہ ببر

اے صبا پھول کے دربار میں عرضی گھانس کی لیجا

قبلۂ لمعات لطائف قدسیہ کعبہ متحات طرائف انسیہ مجدد شرع متین ممہد حق المبین مجمع مفاخر جلیلہ منبع مآثر علیہ ادام اللہ دولتہ ممدودۃ الرواق وصولتہ مشدودۃ النطاق ؎

سبق اشک رواں از ورق گل دارم

اشک رواں کا سبق ورق گل سے لیتا ہوں

مروح روح و مرہم دل مجروح یعنی نفحات نامہ روح پرور و نفحات مراسلہ مرہم گستر کہ دریں ایام خجستہ فرجام نگاشتہ خامہ بدائع رقم و رقم زدہ کلک مشکیں فام خدام کرام والا مقام حبیب جانہائے پاک طبیب دلہائے غمناک در اطیب اوقات و روبیتہ النفحات گذشتہ

پیام شام بہ درگاہ صبح گاہ ببر

شام کا پیغام صبح کے دربار میں لیجا

نورانی لطائف قدسیہ کے قبلہ پاکیزہ و بزرگ انسان کے کعبہ تجدید کرنیوالے شریعت مستحکم کے درست کرنیوالے صریح حق کے مجمع بزرگی اور عظمت کے کان بزرگی و عظمت کے ہمیشہ رکھے اللہ تعالیٰ دبدبہ و دولت کو آپ کے بقائے زمین و آسمان تک

نامہ پاک تر از دیدۂ بلبل دارم

نامہ صاف و پاکیزہ زیادہ آنکھ بلبل سے ارسال کرتا ہوں

راحت دینے والا روح کا مرہم دل زخمی کا یعنی خط روح افزا و نامہ مرہم دل خستہ کا زمانہ مبارک میں لکھا ہوا قلم نادر رقم و تحریر کیا ہوا قلم مشکیں خادمان والا کا محبوب دل پاکان و طبیب دل غمزدگان کا بہترین زمانہ میں خوشبوئے گلاب کی مانند ورود پاکر شرف بہت دعا و سلام و پانی شیریں پیام برکت بھرے

شربت تحیہ وسلام زلال پیام برکت التیام آں
مستسقیان بستر ہجران وخستہ دلان روایہ حرماں
را سیراب گردانید وا شتعال حرارت غریبہ مہاجرت
کہ خلاف مقتضائے طبیعت بشری ومورث انواع
اعراض وکدورت سپری بود تسکین پذیر گردیدہ سطور
فائز السرورش کہ نور سواد دیدہ ہجراں دیدہ داد و
وبیاض بین السطورش کہ مرہم کافوری بر جراحت
دلہائے غم رسیدہ نہاد ؎

ہزار شکر کہ فرخ رخے مسیح دمے
ہزار شکر کہ مبارک صورت مسیح دم
مصور از قلم صنع ضد خجستہ رقم
مصور قلم صناعت سے اگرچہ تو تصویر بہتر
ہزار داغ بدل داشتم زدست غمش
غم کے ہاتھ سے ہزار داغ دل میں رکھتا تھا
بہ کنج ظلمت غم تنگ دل ہمے مردم
گوشہ تاریک غم میں تنگ دل ہو کر مرتا
الحمد للہ والمنۃ للہ ؎

رشتۂ در گردنم افگندہ دوست
دوست نے میری گردن میں ڈوری ڈالی ہے

ناگاہ ایں مذنب اواہ در بزم گاہ درس صحاح ستہ کہ
از کلمات طیبات مبارکات آں سرور مفخر موجودات کہ
محل تنافس تخت نشینان سبع ارائک ومورد تجاذب
کروبیان ملائک است کمر ہمت بستہ بہ تحصیل آں
نشستہ ہزار رحمت جاں آفریں بر جان پاکش کہ
إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ

ہوئے ہے اس مستسقی بستر جدائی و زخمی دل
گوشہ بد نصیبی کو سیراب کیا اور شعلہ دل حرارت غریبہ
جدائی کو کہ مخالف طبع انسانی کے ہے اور پیدا کرنے والا اقسام
عوارض و کدورت کے تھا تسکین و طمانیت بخش ہوا اسکی
سطریں بھری سرور کی نور بخش دیدہ جدائی کی اسکی
بین السطور کی سفیدی مرہم کافوری زخمی
دل غمزدہ کی ہوئی ؎

حیات بخش دلم شد بر شحۂ قلمے
اپنی ترشح قلم سے حیات بخش میرے دل کا ہوا
کشید ولے نہ کشید زیں خجستہ تر رقمے
کھینچے ولیکن نہ کھینچے اس تصویر سے اعلیٰ تصویر
کنوں نماند بجز داغ فرقتش المے
اب کوئی نہ رہا سوائے داغ فرقت غم کے
اگر ز آب حیاتم نمے رسید نمے
اگر پانی حیات سے نمی نہیں پہنچتی مجھے
اللہ تعالیٰ کا شکر واحسان ہے ؎

می برد ہر جا کہ خاطر خواہ اوست
لیجاتا ہے جہاں اس کی مرضی ہے

جنابا یہ بندہ گنہگار مجلس درس صحاح ستہ میں کہ کلمات
مبارک سردار موجودات کے ہیں جس کی رغبت وحرص ملائک
ہر طبقہ آسماں کے کیا کرتے ہیں کمر ہمت کی باندھ کر حصول
میں اسکے مشغول ہوا - ہزار رحمت اللہ تعالیٰ کی
اس جان پاک پر ہو کہ إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ
يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۔ يَا أَيُّهَا

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

ہزرماں نثار روضۂ منور وضریح مقدس خواجہ کائنات خلاصۂ موجودات۔ باد ؎

محمدؐ کافرینش ہست خاکش

محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم) کی پیدائش سے ہے

آن مبارک قدمے کہ بہ میامن انوار ہدایتش دیجور غوایت منقشع گشت وازدلالت رسالتش جادۂ عمیار ضلالت بطریق مستقیم ہدایت مبدل شد وازیمن کمالات ذاتش طغرائے اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ بمنشور دین قویم کشیدند واز آثار سعی مشکورش رقم وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا برصفحۂ ملت بیضا نہادوسابقۂ رحمت الٰہی کہ ہر معجزے را زمانے مقرر وملتے را مدتے مقدر گردانید بر چہرۂ ہر زمانے تابندہ وآثار ملت اورا بر روئے ہر مکانے پائندہ داشت ومعجزات باہرۂ اورا تا دامن آخر الزمان بطراز بقا مطرز وشعائر شریعت ظاہرش را تا نفخ صور بسمت ظہور موسوم گردانید وقرآن برہان قدیم بینۂ صدق اورا تا ابد نداء فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِنْ مِثْلِهِ می زند وفحوائے درنظامش لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ قواعد ملت اورا تا قیامت استحکام مے دہد ؎

مقصود ز آفرینش ایں طاق نیلگوں

غرض اس دنیا کے پیدا کرنے سے

طاؤس بوستان رسالت کہ جبرئیل

باغ رسالت کے مور کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام

دربردہ مبارکہ لاجرم کلام مجید آسمانی وتنزیل حمید فرقانی کہ اعظم معجزات محمدی وواضح براہین احمدیؐ است وبصفت

الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

ہر وقت تصدق روضۂ منورۂ قبر اقدس پر سردار دوعالم وخلاصہ موجودات کے ہو ؎

ہزاراں آفریں بر جان پاکش

ہزاروں تعریف ودرود آپ کی جان پاک پر نازل ہو

ایسا قدم مبارک کہ برکت روشنی ہدایت سے آپ کے گمراہی کی تاریکی زائل ہوئی اور شمع رسالت سے آپ کی جگہ تیرہ وتاریک سائے طریق مستقیم ہدایت کے مبدل ہوئی اور برکت کمالات ذاتی سے آپ کے حکم اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ کا اوپر فرمان دین قویم کے لگایا گیا اور آپ کی سعی پسندیدہ سے وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا صفحہ ملت پر ثبت کیا گیا روز ازل میں اللہ جل شانہ نے ہر معجزہ کے واسطے مدت معین وہر ملت کے واسطے مقدار مقرر کی تاکہ اسی مدت میں جلوہ گر ہو اور آثار ملت کو ہر خاص وعام کے واسطے ثابت وبرقرار رکھا اور معجزات جلیہ کو آخر زمانہ تک قائم دائم رکھا اور ظاہر شعائر اسلام کو نفخ صور تک حکم ہمیشگی کا عطا فرمایا وقرآن کریم وبرہان قدیم کہ دلیل اس کی صدق پر۔ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِنْ مِثْلِهِ ابدالآباد تک مقرر کیا اور اسکے سوتی لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ احکام ملت کو قیام قیامت تک ثابت ومضبوط فرمایا ؎

فرہمائے دولت بے منتہائے اوست

شان وعظمت بے انتہا کا اللہ جل شانہ کے ہے

ہنگام وحی بلبل دستاں سرائے او

وقت لانے وحی کے بلبل ہزار داستان ہوتے تھے

یہ بات ضروری ہے کہ کلام مجید کتاب آسمانی وفرقان حمید تنزیل ربانی اعظم معجزہ محمدی اور کھلی دلیل احمدی (صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم) ہے وبنایہ

اوتیت جوامع الکلم متصف بسہ قسم منقسم می شود۔ اوّل توحید الٰہی احدی دوم احکام شریعت محمدی صلوات اللہ وسلامہ علیہ سوم اطاعت اولوالامر موافق توقیع رفیع خالق اکبر چہ اولی الامر را کہ تابع معطوف می شود معطوف ساختہ ارشاد فرمود۔ أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُولِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ۔ بریں معنی حضرت سعدی شیرازیؒ نیز ارشاد می فرمایند ؎

خلاف پیمبر کسے رہ گزید ❊ کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

ازیں رہ گذر مزاولت سیر آں حضرتؐ در ہر کاروبار ضرور افتاد تا کردنی و ناکردنی بدریافت شود و اتباع تام روداد و بر گفتۂ زید و عمرو کہ مخالف سیر آں سرور خیر البشرؐ گردد سر نتابد۔

دانش اینجا متحیر و خرد ایں جالال ست زہے عالم خراسانی کہ نکو گفتہ و در معنی سفتہ ؎

اہلِ توحید چو تحقیق سخن در گیرند

صاحب توحید مسائل دینی کو تحقیق سے لیتے ہیں۔

رونقِ کار خود از حضرت قرآں جویند

درستی کام کی اپنی قرآن مجید سے تلاش کرتے ہیں

ہر بیانے کہ بود سادہ ز توقیع حدیث

جو بیان کہ خالی ہو قرآن و حدیث سے

در محاذات نصوص ایں ہمہ تکلیف قیاس

نص کے مقابلہ میں یہ ساری تکلیفیں قیاس کی

دیدہ از فقہ منزل چو منوّر سازند

صفت اوتیت جوامع الکلم کی تین قسم پر منقسم ہوتا ہے۔ اوّل توحید باری تعالیٰ دوسرے احکام شریعت محمدی صلوات اللہ علیہ وسلامہ علیہ تیسرے تابعداری اولوالامر کی بموجب فرمان واﷲشان خدائے تعالیٰ کے کیونکہ تابع معطوف ہے اور معطوف کرکے ارشاد فرمایا۔ أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ۔ اسی بات کو حضرت سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ بھی ارشاد فرماتے ہیں ؎

خلاف پیمبر علیہ السلام کے جس نے راہ اختیار کی وہ ہرگز منزل مقصود پر نہیں پہونچیگا اسی واسطے برتنا و نگاہ رکھنا سیرت حضرت (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہر کاروبار میں ضروری ہوا تاکہ عمل کرنیکا طریقہ و عدم عمل کا طریقہ معلوم ہو اور اتباع شریعت حاصل ہو۔ اور زید و عمر کے قول پر کہ مخالف طریقہ حضرت (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ہے کاربند نہوں۔

فہم یہاں متحیر و عقل یہاں گونگی ہے۔ کیا خوب عالم خراسانی نے فرمایا اور موتی مقصود پرویا ؎

خس و خاشاک شک از عین یقیں برگیرند

چھوٹے بڑے مسائل کو چھان بین کرکے لیتے ہیں۔

شاہدِ دینِ خود از قولِ پیمبر گیرند

اپنے دین کا گواہ قول پیمبر علیہ السلام سے لاتے ہیں

در کفِ اہلِ ہوا نقش ہزور گیرند

اس بیان کو برابر زور کے تصور کرتے ہیں۔

نادرست و عبث و واہی و منکر گیرند

بیجا و بے فائدہ اور مکروہ خیال کرتے ہیں

خاطر از فقہ محرف ہمگی سر گیرند

فقہ منزل سے آنکھیں منور کرتے ہیں

مجتہد گاہ مصیب است و گہے خاطی لیک
مجتہد کبھی مصیب ہے کبھی خاطی

آنچہ منحوت خیال ست و مخالف بہ نصوص
جو مبحث کہ خیالی ہو وہ مخالف نصوص کے

ہرچہ آں را نبود مستند از قول رسولؐ
جس مسئلہ کی سند قول رسول علیہ السلام سے نہو

با گل سرخ کہ اصلش عرق روئے نبیؐ ست
گلاب کے مقابلہ میں کہ اصل اسکی روئے نبیؐ ہے

اہل تحقیق کجا مائل رایند و قیاس
اہل تحقیق رائے و قیاس کی جانب کب مائل ہوتے ہیں

سنن مصطفویؐ درگہ صدق و صفا
درگاہ صدق و صفا کی سنت نبویؐ ہے

حبذا بارگہ علم کہ ارباب نظر
کیا خوب ہے درگاہ علم کی کہ صاحب علم

اے خوشا قوم کہ اندر رہ دیں گاہ سلوک
اچھی وہ قوم ہے کہ شریعت و طریقت کے معاملہ میں

در مقامے کہ سخن ہا رود از علم و عمل
جس مقام میں کہ صرف لفاظی ہے علم و عمل سے

کار بندان قضا ہر کہ شود خاک درش
درگاہ رسالت (صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم) کی خاکسیر کو

متن و مضمون احادیث بہ تبدیل روات
متن و مضمون احادیث کے تجدید تبدیل روات سے جانتے ہیں

علم دیں جملہ عزیز است و لے اہل صفا
کل علم دین محتشم و معظم ہیں لیکن اہل ذوق خالص

مصنوعی فقہ سے دل الگ کر لیتے ہیں۔

ہرچہ در روے نہ خطا حکم پیمبرؐ گیرند
خالی خطا کو حکم پیمبرؐ کا تصور کرتے ہیں

اہل دیں در حرم دیں بت اکبر گیرند
اہل دین احاطۂ دین میں اسکو بت اکبر خیال کرتے ہیں۔

گرچہ فتوٰے امام است کہ ابتر گیرند
اگرچہ فتوٰی امام کا ہے جب بھی قابل قبول نہیں سمجھتے

رتبۂ لالۂ نعمان نہ برابر گیرند
مرتبہ لالہ نعمان کا برابر نہیں قرار دیتے ہیں

شہسواراں نہ چنیں صید محقر گیرند
شہسوار لوگ محض حقیر شکار کو شکار نہیں کرتے

کاہل دل سرمۂ توفیق ازاں در گیرند
صاحب دل اسی دربار سے سرمہ توفیق حاصل کرتے ہیں

خاک آں کوئے بہ اکسیر برابر گیرند
اس کوچہ کی خاک کو بہتر اکسیر سے تصور کرتے ہیں

از احادیث نبیؐ مرشد و رہبر گیرند
احادیث نبوی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو مرشد و ہادی قرار دیتے ہیں

ہرچہ آں غیر حدیث ست نہ درخور گیرند
جو کچھ کہ غیر حدیث کے ہے اُسے لائق عمل کے نہ ٹھہراتے ہیں

چوں طلا کار در انگیزۂ زرد ر گیرند
مثل خاک زرگراں کے کام میں لاتے ہیں

چوں مکرر نشود آں قند مکرر گیرند
جب مکرر ہوتا ہے اُسے قند مکرر تصور کرتے ہیں۔

از احادیث نبیؐ راحت دیگر گیرند
احادیث نبوی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے راحت اور ہی کچھ حاصل کرتے ہیں

سنتے زندہ نمایند دریں عصر پس

سنت مردہ کو زندہ کر کے درگاہ باری تعالےٰ سے

اجر صد خون شہید از در داور گیرند

ثواب سو شہید کا بدلے میں اُسکے حاصل کرتے ہیں

ناگزیر آمدہ بر حق طلبان علم حدیث

طالبان علم حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم پر ضروری ہے

شب تاراست بگو شمع منور گیرند

رات اندھیری ہے کہدو کہ روشن چراغ ساتھ رکھیں

ہر کجا حرف قیاس است چو صرصر بجہند

جس جگہ قیاسی مسئلہ آتا ہے مثل تند ہوا کے حرکت کرتے ہیں

ہر کجا قول رسول آمدہ از سر گیرند

اور جہاں قول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوتا ہے بسرو چشم قبول کرتے ہیں

بے شعوران کہ برآرا و قیاسات خوشند

بے شعور لوگ رائے اور قیاس سے خوش ہوتے ہیں

کودکا نند کہ اوراقِ مصوّر گیرند

نادان بچے ہیں کہ تصویر سے خوش ہوتے ہیں

باغ فردوس بر آں قوم مباح است کہ خوش

فردوس کا باغ اس قوم کے واسطے مباح ہے

روشِ راستی از قول پیمبر گیرند

کہ عمدہ طریقہ راہ مستقیم کا قول پیمبر سے حاصل کرتے ہیں

از صحیحین و موطاء امام مالکؒ

صحیح بخاریؒ صحیح مسلمؒ موطا امام مالکؒ سے

سنن مصطفوی بہر عمل برگیرند

سنت مصطفیٰ علیہ السلام کو عمل کیواسطے اختیار کرتے ہیں

ترمذیؒ گرچہ بود قافلہ سالار ہدے

گرچہ ترمذیؒ امام المحدثین ہیں فن حدیث میں

در جزالت ز صحیحین موخر گیرند

لیکن صحیحین سے رتبہ مؤخر رکھتے ہیں صحاح ستہ میں

بعد ازاں شیخ نسائی و ابوداؤد است

بعد اس کے شیخ نسائی اور امام ابوداؤد ہیں ۔

ہر دو را در صف تقوےٰ سر و سر در گیرند

دونوں رتبے تقوی واتقان میں برابر شمار کئے جاتے ہیں

غیر ذلک ز کتب انچہ در آثار رسولؐ

سوائے انکے جسقدر کتب احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں

آمدہ بر سرِ تسلیم چو افسر گیرند

بلا شک وشبہ اُن کو قابل عمل تصور کرتے ہیں ۔

زینت روضۂ ایمان بود از طائفۂ

زینت روضۂ ایمان کی اُن گروہ کے ہوتی ہے

کہ قدم بر اثر شافع محشر گیرند

جو کہ قدم نقش قدم بر شافع محشر کے رکھتے ہیں

سوئے توحید گرایند ز اخلاص و پس

خلوص دل سے توحید کی طرف رغبت کرتے ہیں

جنت قدس علیؓ از عمِ ابیؓ ذر گیرند

جنت الفردوس بموجب روایت حضرت ابوذرؓ کے لیتے ہیں

اے علمدار نبیؐ روح قدس یاور تو

اے علم بردار دین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے روح پاک تمہاری حامی ہے

باد کت اہل یقیں سید و یاور گیرند

کیونکہ اہل ایمان تمہیں سردار وحامی دین جانتے ہیں ۔

ہر ترا از رہ تعظیم معزز دانند

ہر ترا در صف ابرار موقر گیرند

ہم کو از تعظیم سے معزز و ممتاز خیال کرتے ہیں

ایں ہیچمدان بل سراسر نادان آنچہ کبرائے امّت و علمائے ملت فرمودہ اند بہ ملازمان عالی معروض داشتہ و دراں از خود فروگذاشتہ ع

گر قبول افتد زہے عز و شرف

زیادہ بریں مبادرت کردن نمی تواند و فدوی از تہ دل تابع فرمان پیشینیاں اہل یقینم ؎

اصل استعداد و شرط صحبت است

صحبت سے استفادہ کیا سطے شرط استعداد ہے

ترصد کہ از راہ مہربانہ جائے کہ خطا کردہ باشم ہدایت خواہند ساخت و باصلاح کریمانہ خواہند نواخت ؎

حمد نا محدود رب کردگار

حمد بے حد سزاوار مالک الملک کے واسطے ہے

اے پدر سر سبز باشی روز و شب

ہمیشہ سر سبز رہیں آپ اے پدر بزرگ !

زیادہ حد ادب فقط ۔ ۵ر ذی الحجہ ۱۲۹۴ھ روز شنبہ مقام دہلی

نیکو کاروں کی جماعت میں رتبہ ابرار و اتقیا کا دیتے ہیں۔

بندہ علم سے عاری بلکہ سراسر بیوقوف جو کچھ بزرگان امت و علماء ملت نے ارشاد فرمایا ہے خادمان والا میں عرض پرداز ہوا اور بیان حال میں اپنی طرف سے فروگذاشت نہ کیا ؎ ع

اگر قبول کرے تو تیری سرفرازی ہے

اس سے زیادہ جرأت نہیں کر سکتا یہ عاجز تہ دل سے تابع فرمان سلف صالحین کے ہے ؎

مرد گر کور است عینک لعبت است

آدمی اگر نابینا ہے تو عینک بے فائدہ ہے۔

اُمید کہ راہ کرم سے جس جگہ غلطی ہوئی ہو آگاہ فرماویں گے اور اصلاح بزرگانہ سے سرفراز فرماویں گے ؎

آنکہ کردہ ذات خود را آشکار

جس نے اپنی ذات کو جملہ خلائق پر آشکارا فرمایا

تا کہ باشد دشت خضرا سبزہ زار

تاکہ رہے جنگل سبزہ سے تر و تازہ

زیادہ حد ادب فقط۔ ۵ر ذی الحجہ ۱۲۹۴ھ مقام دہلی

مکتوب دو صد و نہم ۲۰۹

نسخہ تقویۃ الایمان زود روانہ کنند

بسم اللہ الرحمن الرحیم

از عاجز سید محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی برادرم میر توسل حسین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ مشہود باد کہ ایں جا خیریت است و خیر و عافیت شما مطلوب۔ برادرا بعض احباب ارادہ تقویۃ الایمان مولانا محمد اسمعیل

دو سو نواں خط ۲۰۹

تقویۃ الایمان جلد روانہ کریں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عاجز سید محمد نذیر حسین بمطالعہ گرامی بھائی میر توسل حسین صاحب اللہ تعالیٰ سلامت رکھے بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ کے واضح ہو کہ یہاں خیریت ہے اور خیر و عافیت آپ کی مطلوب بھائی بعض کرم فرمائے مہربان مولانا محمد اسمعیل صاحب

شہید مرحوم را طبع کنانیدن میدارند مگر نسخہ صحیحہ بہم نمی رسد
لہٰذا بایں برادر گزارش می کنم که در مرتبه اول که در ماه شوال زینجا
در آنجا رفته بودم تقویة الایمان قلمی خود را نزد شما گذاشته
آمده بودم که شما آنرا مطالعه کنند و چونکه در طبع تصحیح آں ضرور
است ترصد که وقتے آنرا از ہر دو کناره جدا کرده بطور پلنده
ہر دو گوشه کشاده خواه ٹکٹ چسپاں خواه بیرنگ جلد روانه
سازند که بعد صحیح کردن واپس کرده شود بہر حال در ارسال آں
توقف نخواہند نمود و از جواب با صواب مع خرمی احوال آں
محال مسرور نمایند زیاده و السلام مع الاکرام خیر الختام - بہمه
صاحبان خورد و کلاں درجه بدرجه سلام و نیاز برسانند -

شہید مرحوم کی کتاب تقویۃ الایمان طبع کرانیکا قصد کرتے
ہیں لیکن نسخہ صحیح ملتا نہیں ہے اسلئے لکھتا ہوں کہ میں پہلی بار ماہ
شوال میں وہاں[۱۵] گیا تھا اور اپنا قلمی نسخہ تقویۃ الایمان آپکو دے
آیا تھا کہ مطالعہ میں اپنے رکھیں چونکہ تصحیح و چھپائی کے واسطے اس
کتاب کی ضرورت ہے اُمید کہ اس جلد کتاب کے دونوں پٹھے الگ کرکے
بطور پارسل باندھ کر کے دونوں طرف کتاب کو کھلا رکھیں اور بیرنگ
یا ٹکٹ لگاکر جلد روانہ کریں انشاءاللہ تعالیٰ بعد مقابلہ و تصحیح کے
آپکے پاس کتاب واپس کردی جائیگی لہٰذا اسکی روانگی میں بالکل توقف نہ کریں
اور جواب باصواب حالات سے وہاں کے مسرور کریں زیادہ والسلام مع الاکرام
وخیر الختام سب صاحبان چھوٹوں بڑوں کو درجہ بدرجہ سلام کہدیں -

هو الرؤوف

مولوی سید محمد شریف حسین صاحب خلف حضرت میاں صاحب

حلیہ مبارکہ :- سانولا رنگ، متوسط قد، ڈاڑھی گنجان اور گول - لباس :- تین سکہ کا انگرکھا - دو پلڑی ٹوپی - جمعہ کے روز عمامہ یعنی پگڑی باندھ کر آپ نماز پڑھاتے تھے لٹھے کا ڈھیلا پائجامہ اور لٹھے کا سفید رومال کندھے پر رہا کرتا تھا اور سردیوں میں دولائی اور روئی دار انگرکھا زیب تن رہتا تھا
شیخ الکل حضرت میاں صاحبؒ مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلویؒ کے اکلوتے صاحبزادے تھے - جن کی سن ولادت سنہ ۱۲۴۳ھ ہے -

اور اپنے والد ہی کی زندگی میں آپکی شمع حیات گُل ہو گئی تھی انکے اساتذہ میں اخوندجی ولایتی ہیں جن سے انہوں نے ابتدائی کتابیں پڑھیں اُن کے سوا جناب مولوی عبد الرزاق صاحب اور اپنے نانا جناب مولوی سید محمد عبد الخالق صاحب اور جناب مولوی رحمت اللہ بیگ صاحب سے تحصیل علوم کی کی - اور تفسیر اور حدیث اور فقہ حضرت میاں صاحبؒ سے پڑھی سند اجازت حدیث شریف علامہ سیّد نواب صدیق حسن خاں صاحب مرحوم و مغفور والئ بھوپال اور شیخ حسین صاحب یمنیؒ سے بھی حاصل کی - ذکاوت اور ذہانت کا یہ عالم تھا کہ زمانہ طالبعلمی میں اپنی کتابوں پر اپنے حواشی آپ لکھتے رہتے تھے اور جب حضرت میانصاحبؒ کے اوقات تدریس کے ساتھ افتا میں بھی صرف ہونے لگے اسوقت بھی فتاوے نویسی کا کام آپکے ہی ذمہ رہتا تھا - اور حضرت میانصاحبؒ ملاحظہ فرماکر دستخط یا مہر فرما دیتے تھے اور حضرت میانصاحبؒ کی مہر بھی آپکی نگرانی میں رہتی تھی اور آپکا درس و تدریس کا بھی مشغلہ رہتا تھا اور حضرت میانصاحبؒ کی مسجد کی خدمت امامت بھی آپکے ہی سپرد تھی اور اس امامت پر حضرت شیخ الکل کو اتنا فخر تھا کہ کبھی کبھی ازراہ لطف فرماتے تھے کہ ان جیسا امام ہندوستان

۱۵؎ وہاں سے مراد حضرت میاں صاحبؒ کا اپنا وطن مالوف ہے جہاں عمارت کے آثار ابتک موجود ہیں یعنی اسٹیشن کجرا ڈاکخانہ سورجگڈھ موضع مولانگر ضلع مونگیر ۱۲

سے مغرب تک نہوگا اور ارکان نماز نہایت خشوع اور خضوع مطابق سنت نبوی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ادا فرماتے تھے خط نستعلیق پر
دسترس تھی اور اس فن میں خوشنویس زمانہ سید میر پنجہ کش دہلوی کے شاگرد تھے جنکا نام نامی گرامی سید محمد میر اور پنجہ کش لقب مشہور تھا سن
اٹھارہ سو ستاون ۱۸۵۷ھ ہجری میں شہید ہوئے۔ ضبط اوقات اس طرح تھے کہ صبح سے ظہر تک طلبا کو پڑھاتے تھے اور نماز عصر تک فتادی نویسی
کی خدمت انجام دیتے تھے اور بعد نماز عصر کے مغرب تک نہر سعادت خاں پر بطور تفریح تشریف لیجاتے اور مسجد حضرت مولوی حفیظ اللہ
خاں مرحوم جو دہلی کے مشہور و معروف واعظ تھے اور آپکے خسر بھی تھے آپکی مسجد کے حجرے کے باہر چبوترے پر قرآن مجید و حدیث نبوی کا درس
دیتے تھے جبکہ موجودہ مدرسہ حضرت میاں صاحبؒ جو پھاٹک حبش خاں متصل کتبخانہ نذیریہ عامہ تعمیر ہو گیا جہاں اسوقت بیرونی طلبا کا مسکن
ہے درس و تدریس کی خدمت انجام دینے لگے اور یہ آراضی جناب سعید الدین عطار مرحوم و مغفور نے جناب مولوی حفیظ اللہ خاں صاحبؒ کے
خدمت وعظ کے لیے وقف فرمائی تھی اور حضرت مولوی حفیظ اللہ خاں صاحبؒ نے اپنے داماد جناب مولوی سید شریف حسین صاحب مرحوم و مغفور
کی خدمات دینی واستاد شیخ الکل حضرت میاں صاحبؒ کی علمی فیاضی اور طلبا کی علمی ضروریات کو مد نظر فرما کر مدرسہ حضرت میاں صاحبؒ
کے نام گرامی کے نام وقف فرمائی جو متموّل و مخیّر حضرات اہلحدیث و معزز حضرات پنجابیاں اپنی اپنی خدمات سے مدرسہ کی سرپرستی
فرماتے رہتے ہیں اللہ تعالیٰ انکو اجر دارین عطا فرمائے آمین اس مدرسہ کی تعمیر سے پہلے اپنے مکان کے دروازے کے آگے مونڈھے بچھا بچھا کر
حدیث شریف کا درس دیتے تھے چنانچہ اسی دوران میں جناب مولوی عبد الرب صاحب مشہور واعظ جنکا مدرسہ درس و تدریس دینی کا ابتک
گندہ نالہ دہلی پر موجود و مشہور ہے اور جنہوں نے سہارنپور میں جامع مسجد مہتم بالشان تعمیر کرائی اور جن کے اکلوتے صاحبزادے جناب مولوی
محمد ادریس واعظ مرحوم کے ساتھ حضرت میاں صاحبؒ کی حقیقی منجھلی نواسی اور جناب میر شاہجہاں صاحب کی صاحبزادی منسوب تھیں
حسن اتفاق سے تشریف لائے اور اپنے بھانجے جناب مولوی سید شریف حسین صاحب سے ہنس کر فرمایا کہ میاں گلی میں بیٹھ کر قرآن مجید و حدیث
شریف پڑھا رہے ہو جناب بھانجے صاحب موصوف نے جواب میں فرمایا کہ انشاء اللہ تعالیٰ اسی طرح گلی گلی کوچے کوچے قرآن مجید و حدیث
نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر ہوتا رہیگا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانان اہل توحید کو اتباع سنت نبویؐ کی توفیق عمل کی ہمیشہ عطا فرماتا رہے آمین
آپکے شاگردوں میں قابل ذکر جناب حافظ عبد الغفار صاحب نبیرہ حاجی علیجان جو اپنے خاندان کے چشم و چراغ اور روشن خیال
ہوئے اور جنہوں نے بواپسی حج بیت اللہ اثنائے جہاز وصال فرمایا اللھم اغفرلہ وارحمہ وادخلہ الجنۃ مورخہ ۲۰ مئی سنہ ۱۹۳۹ء بروز شنبہ انتقال فرمود
دوسرے شاگرد مولوی سید محمد حامد علی صاحبؒ جو کہ آپکے داماد تھے اور جنہوں نے بعمرہ ۴۳ سال ۲۰ صفر المظفر ۱۳۴۰ھ ہجری اس
دار فانی سے رحلت فرمائی اللھم اغفرلہ وارحمہ وادخلہ الجنۃ اور قبرستان حضرات قوم پنجابیاں کلکتہ میں مدفون ہوئے آپکے بڑے
صاحبزادے جناب مولوی حکیم سید محمد عبد الرؤف صاحب مہتمم کتبخانہ نذیریہ عامہ و تربیت گاہ بنات مسلمات نذیریہ دہلی اور سید محمد عبد الغفور صاحب
ناظر کتبخانہ نذیریہ عامہ ہر دو صاحبزادے الحمد للہ بقید حیات زندہ و سلامت ہیں۔ اور حضرت میاں صاحب رحمہ اللہ کا سکنی دولتکدہ یعنی مکان
پھاٹک حبش خاں گلی سرس والی متصل مکان مشہور واعظ جناب مولوی حفیظ اللہ خاں صاحبؒ جو آپ مولوی سید محمد ابو الحسن صاحب
نبیرہ حضرت میاں صاحبؒ کے سکنی مکان سے متصل ابتک موجود ہے لیکن اسی مکان کے ہمسایہ بدلو نامی ایک ہندو نے (اور سرسہن تاحیات) خرید کر اپنی قوم کو کرایہ پر دیدیا ہے

هُوَ الرَّؤُف

جناب مولوی سید محمد حامد علی صاحب داماد جناب مولوی سید محمد شریف حسین صاحب خلف شیخ الکل حضرت میاں صاحب محدث دہلوی

متوفی ۳ صفر المظفر سنہ ۱۳۰۶ھ مطابق ۳۱ اکتوبر ۱۸۸۸ء

آپکا مولد وطن آبائی کٹرہ ریوڑیان محلہ سادات دہلی بازار چاندنی چوک جواب حال ہیں اس محلہ میں ایک مسجد اور تجار کی دوکانیں اور گودام ہے آپکے والد محترم جناب سید محمد بشارت علی صاحب جو نہایت نیک صورت اور متقی خاندان سادات سے تھے جنہوں نے بعمر ۹۰ سال وصال فرمایا۔ فارسی کی ابتدائی کتابیں جناب مولوی میر یار علی صاحب سے پڑھیں اور تفسیر جلالین اور مشکوٰۃ شریف حضرت مولوی حفیظ اللہ خان صاحب مشہور واعظ دہلوی یعنی اپنی اہلیہ محترمہ کے نانا سے پڑھیں جو حضرت شیخ الکل حضرت میاں صاحبؒ کی منجھلی پوتی بھی تھیں اور ان کا مزار حضرت میاں صاحبؒ کے دائیں بازو پر نشان مزار ابتک موجود ہے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَھَا وَارْحَمْھَا وَ اَدْخِلْھَا الْجَنَّۃَ۔ بقیہ کتب حدیث نبویؐ اپنے خسر جناب مولوی سید محمد شریف حسین صاحبؒ خلف شیخ الکل حضرت میاں صاحبؒ سے پڑھیں۔ مناظرہ کی سند جناب مولوی سید محمد منصور علی صاحب دہلوی مشہور و معروف مناظر سے حاصل کی جو اس فن میں سند الوقت تھے اور جنکا سکنی مکان فراشخانہ متصل مکان اخوند جی رحؒ اور مطبع مستنصر کے تھا اور جناب مولوی حامد علی سید صاحب موصوف نہایت زاہد بارسا اور کم گو تھے اور ہمیشہ اپنے قوت بازو سے کماکر اپنی اور اپنی اہل وعیال گذر اوقات فرماتے تھے۔ اور کسی دولتمند یا امراء کی دعوت میں تشریف نہیں لیجاتے تھے۔ بیحد محتاط تھے۔ اور اکل حلال و انہماک فی العبادۃ کی وجہ سے مرتبہ ولایت حاصل کر کے قربۃ الی اللہ کو پہونچے ہرچند درس وتدریس وتعلیم کا کوئی خاص انتظام نہ تھا مگر اس پر بھی تشنگان علم آجاتے تھے تو اپنی خدمات علمی سے دریغ نہ فرماتے تھے اور آپ نے اپنی کوئی خاص تصنیف نہیں چھوڑی البتہ عیسائیوں کی طرف سے چند سوالات نامی جو تحریر ہوئے تھے اسکا جواب آپ نے ایسا جامع لکھا کہ آپکے استاد امام المناظرین جناب مولوی سید محمد منصور علی صاحب نے پڑھ کر بیحد خوشی کا اظہار فرمایا اور اس جواب کو اپنے رسالہ کے ساتھ ملحق کر کے طبع فرمایا۔ آپ کثیر الاولاد تھے جن میں سے اب مولوی سید محمد عبد الرؤف صاحب و سید محمد عبد الغفور ہیں ناظر کتبخانہ نذیریہ ہیں۔ اور جناب مولوی سید محمد عبد الرؤف صاحب مہتمم کتبخانہ نذیریہ عامہ جو آپنے اپنے محترم بزرگ شیخ الکل حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے نام نامی گرامی سے افتتاح کی گئی ہے جس میں ساڑھے دس ہزار سے زاید کتب و دیگر اخبارات و رسائل سے دار المطالعہ نذیریہ عامہ میں بکثرت حضرات شائقین روزانہ صبح وشام علماء و طلباء۔ بلا تفریق عقائد ہر قوم وملت مستفید ہوتے رہتے ہیں اور تربیت گاہ بنات مدرسہ نذیریہ میں معززین شہر کی بچیاں دینی و دنیوی تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ایک محدث کے ہر دو درسگاہ علمی کو برقرار رکھے اور حضرات معاونین کو اجر دارین عطا فرمائے۔ آمین

آپ اپنے خسر جناب مولوی سید محمد شریف حسین صاحب مرحوم ومغفور کے اصرار سے ایک سفارشی خط حاصل فرما کے کلکتہ تشریف لیجانے کا ارادہ فرمایا اور کلکتہ میں ہی وصال فرمایا اور آپکے خسر جناب مولوی سید محمد شریف حسین صاحب مرحوم ومغفور نے اپنے داماد کے غم میں ۶ ماہ کے بعد وصال فرمایا جنکا مزار قبرستان قاضی نذیریہ میں حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پائنتی مدفون ہے اور انکے مزار کے سرہانے ایک گوندنی کا درخت لگا ہے۔

مکتوب (۱) بسفارش جناب مولوی سید محمد حامد علی صاحب رح

بمطالعہ گرامی مولوی صاحب مجمع الحسنات والکمالات مولوی سید محمد حامد علی صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ۔ بعد السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ واضح ہو کہ یہاں سب خیریت سے ہیں الا میمونہ بیگم کا انتقال ہوگیا اس بات کو عرصہ دس بارہ روز کا ہوا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔ سوائے صبر وشکر کے کچھ چارہ نہیں ہے اور ارادہ اللہ کا سچا ہے جو کرتا ہے وہ ہوتا ہے اس امر میں سب مجبور ہیں دعا کرتے رہو خدا انجام بخیر کرے الہ آباد سے خط نہیں لکھا وہاں دائرہ شاہ حجۃ اللہ میں مولوی محمد حسین صاحب پیرزادہ صاحب سجادہ ہیں نہایت بزرگ شخص ہیں اور انہوں نے جناب میاں صاحب دام فیضہ سے علم حدیث کی اجازت حاصل کی ہے ان سے ملاقات کرنی ضرور تھی اور وہ امداد سے پیش آتے خیر جو کچھ ہوا اچھا ہوا واپس آنے کے وقت ملاقات کرنا میں خط لکھ بھیجوں گا اب پٹنہ میں مولوی حکیم علیم الدین ہیں ان صاحب سے بھی ملاقات کرنا وہ نہایت بزرگ شخص ہیں اور یہاں کا نشان بتانا اور محلہ باقی پور کے قریب مولوی حکیم نصیر الحق صاحب دوکان عطاری کی کرتے ہیں اور وہیں ان کا مطب بھی ہے ان سے بھی ملاقات کرنا وہ محب ومخلص شخص ہیں انشاء اللہ تعالیٰ سعی سے پیش آویں گے یہ خط انکو دکھا دینا جہاں وہ بھیجیں وہاں جاکر ملنا اور اگر موقع ہو انکی معرفت سے مولوی شمس الحق صاحب کے مکان پر قریب ہے چلے جانا اگر وہ پٹنہ میں نہوں تو نگر نہسہ چلے جانا وہاں ملاقات ہو جائیگی بہرصورت فائدہ کی ہے آیندہ جیسا مناسب سمجھو ویسا کرنا سب بال بچے اچھی طرح ہیں سب کا دعا وسلام پہنچے فقط ۔ شریف حسین عفی عنہ ۔ میمونہ بیگم مولوی سید محمد شریف حسین صاحب مرحوم ومغفور کی بڑی نواسی تھیں۔

اور مولوی محمد حسین صاحب پیرزادہ شاگرد حضرت جناب میاں صاحب دام فیضہ وہ بزرگ ہیں کہ جنکا وصال اجمیر شریف کے عرس میں ہوا تھا اور شاہ عبد القدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے آخری مقطع سے یعنی شعر ۔ گفت قدوسی فقیر در فنا و در بقا ؛ خود بخود آزاد بود ے خود گرفتار آمدی ؛ اور تین بار آپ نے یہی فرمایا ؛ خود بخود آزاد بودی خود گرفتار آمدی ۔ اور وصال فرمایا ۔ اور مقام سماع خانہ نواب سرور الملک مرحوم ومغفور وظیفہ یاب سرکار نظام حیدر آباد دکن خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ کا تھا ۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَہٗ وَارْحَمْہُ وَاَدْخِلْہُ الْجَنَّۃَ

مکتوب (۱)

درباب ارسال فتویٰ وحال مراجعت جناب حضرت میانصاحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بخدمت فیضدرجت جناب عموی صاحب قبلہ من مدظلہ
بعد تسلیم گزارش اینکہ بفضلہ وکرمہ حالم بخیر وخیر وعافیت مزاج
اقدس آنحضرت دائما مطلوب فتوی مطلوبہ آنجناب معہ ثبت
مہر جناب والدصاحب قبلہ دام مجدہٗ ہمراہ عریضہ ہذا بخدمت
آں والا جناب ترسیل کردہ ام و تاخیر درروانگی استفتا از جہت
عدم فرصت واقع شد معاف فرمایند اطلاعاً عرض نمودہ جناب
والدصاحب بتاریخ دہم یازدہم از آنجا مراجعت فرمودہ مع الخیر
تشریف آوردند بعدم الفرصت درارسال رسید حال خیریت
توقف رودادہ ترصد کہ آئندہ از راہ تلطف واخلاق کریمانہ مدام
از خیریت مزاج مبارک خود مع اہل بیت ونیز از کاروبار لائقہ
بندہ را ممتاز ومسرور فرمودہ باشند بعید از عنایت بزرگانہ نخواہد
شد زیادہ حد ادب فقط

از بندہ بخدمت جناب قاضی اکبر غازی صاحب وجناب قاضی
فداحسین صاحب وجناب شاہ صاحب وجناب سید عنایت
حسین صاحب وجناب میر عشرت حسین صاحب وجناب
میر معونت حسین صاحب وجناب میر مظہر حسین صاحب وجناب
میر اصغر حسین صاحب وبہ برادر مولوی عبدالرزاق ومولوی محمد
ہارون ومولوی محمد ایوب ومولوی محمد وراثت حسین ہدیہ تسلیم
وسلام مسنون پذیرفتہ باد۔ بندہ شریف حسین عفی عنہ

بابت انکی فتویٰ وحال مراجعت جناب حضرت میانصاحب کے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جناب چچا صاحب قبلہ کی خدمت میں اللہ تعالیٰ انکے سایہ مہربانی کو
دراز فرماوے بعد سلام کے عرض حال ہے اللہ تعالیٰ فضل وکرم سے
قرین خیریت کے ہوں وخیر وعافیت مزاج اقدس کا ہمیشہ خواستگار
ہو فتویٰ مطلوبہ حضور کا جناب والدصاحب قبلہ کی مہر کرا کے
شامل عریضہ ہذا کے ارسال کرتا ہے استفتا کی روانگی میں بوجہ
عدیم الفرصتی کے تاخر لاحق ہوئی امید کہ معاف فرماویں گے۔
جناب والدصاحب دس گیارہ تاریخ کو مع الخیر تشریف فرما ہوئے۔
بسبب عدیم الفرصتی کے حال تشریف آوری کا بھی عرض نہ کر سکا امید
کہ آئندہ مہربانی فرما کر خیریت مزاج مبارک سے اپنے وجملہ متعلقین
کے آگاہ فرماتے رہیں گے ونیز کار لائقہ سے بندہ کو سرفراز وممتاز
فرماتے رہیں گے۔ زیادہ حد ادب۔

اس عاجز کی طرف سے جناب قاضی اکبر غازی صاحب
وجناب قاضی فداحسین صاحب وجناب شاہ صاحب و
جناب سید عنایت حسین صاحب وجناب میر حشمت حسین صاحب
وجناب میر عشرت حسین صاحب وجناب میر معونت حسین
صاحب وجناب میر مظہر حسین صاحب وجناب میر اصغر حسین صاحب
وبرادرم مولوی عبدالرزاق ومولوی محمد ہارون ومولوی محمد ایوب
ومولوی محمد وراثت حسین کی خدمت میں ہدیہ سلام قبول ہو۔

بندہ شریف حسین عفی عنہ (مترجم سید مولوی محمد عبدالحفیظ عفی عنہ)

مکتوب (۲)

بواقعہ غدر حضرت میانصاحب کا راولپنڈی تشریف لیجانا

بخدمت فیضدرجت عموی صاحب ارجناب مولوی سید محمد توسل حسین صاحب یا اور حقیقی حضرت میاں صاحب،

بعد ادائے آداب تسلیمات کے واضح ولائح ہو جبو الطافنامہ مرسلہ حضور مرقومہ ۲۵ رماہ حال پہونچا نہایت اس نے سرفرازی بخشی حضرت احال یہ ہو کہ عرصہ پانچ مہینے کا ہوا کہ چند مخبر دہلی میں آئے تھے اور انہوں نے ملاقات والدصاحب سے کی اور کچھ استفسار کیا والدصاحب نے فرمایا مجکو کسو کا حال معلوم نہیں اور نہ کسو سے میری ملاقات ہے میں کسو سے واقف نہیں پھر وہ دہلی سے پشاور روانہ ہوئے پشاور میں واسطے تحقیقات کے چمرلین صاحب مقرر تھے اب وہ مر گئے انہوں نے جناب والدصاحب کو مخبروں کے کہنے سے طلب کیا تھا جب والدصاحب پشاور پہونچے تب صاحب موصوف راولپنڈی آ گئے پھر والدصاحب کو وہاں طلب کیا جب وہاں پہونچے تب صاحب موصوف کسو کام کو انبالہ آ گئے وہاں آکر وہ مر گئے اور والدصاحب راولپنڈی میں رہے گفتگو نہ ہونے پائی جب قائم مقام انکے اور صاحب پنڈی میں پہونچے اور مخبران مذکورین بھی جمع ہوئے تب گفتگو آئی اور پوچھا کہ تم کسو کا نام بتاؤ اور جو حال تم کو معلوم ہو وہ کہو اس گفتگو میں کئی روز لگ گئے الغرض والدصاحب نے یہ فرمایا کہ میں کسو سے واقف نہیں اور نہ مجکو کوئی حال تازہ معلوم ہے اس کہنے پر صاحب بہت ناراض ہوئے اور کچھ کہا بھی پھر صاحب اور مخبر وہاں سے پشاور روانہ ہو گئے اور والدصاحب وہاں رہے چنانچہ ابتک وہیں ہیں اسکے بعد پھر کچھ کہا سنا نہیں سو کھانا وغیرہ ہماری طرف سے ملتا ہے اور ایک شخص واسطے خدمت کے ہمراہ انکے رہتا ہے کسی نوع کی تکلیف نہیں خیر و عافیت آتی رہتی ہے اور جب خرچ کی حاجت ہوتی ہے یہاں سے روانہ کیا جاتا ہے اور پانچروپے ماہ بماہ شخص مذکور کے گھر دیتا ہوں غرض اب نہایت تکلیف خرچ کی ہے کہ آمدنی کہیں سے نہیں اور رفقاء کا حال یہ ہے کہ ملاقات ترک کر دی ہے اور سلوک ہونا دوسری چیز ہے خدا پر نظر ہے وہ کارساز ہے اور بس یہ جو حال تھا عرض کیا گیا میاں ظہور الحق صاحب بہت روز سے آگرہ سے الہ آباد چلے گئے ہیں انکی خوبی قسمت کی ہے کہ یہاں کسو بات کی تکلیف نہیں کھانا اور پڑھنا دونوں چیزیں یہاں موجود ہیں مگر وہ اپنی عادت قدیمہ سے لاچار کا ہے خط اپنا بنام وراثت حسین صاحب بھی روانہ کیا کرتے ہیں اُن سے حال معلوم ہو جاتا ہے یہ یقیناً معلوم ہے کہ وہ آگرہ میں ہیں اور مفصل حال معلوم نہیں کہ وہاں کیا کرتے ہیں انکو کسو کا خیال نہیں اور نہ اندیشہ و نہ افسوس جیسے چچا ویسے بھتیجا یعنی مولوی غلام حسین پر قیاس کر لینا چاہیئے گھر کا انکو بھی کبھو خیال نہوا اگر ہوتا تو کبھو گھر جاتے اور میاں وراثت حسین اچھی طرح سے ہیں اور ان کا ارادہ گھر جانے کا ہے زیادہ والتسلیم میری طرف سے میاں عبدالرزاق صاحب وغیرہ کو درجہ بدرجہ آداب و دعا کہدیجئے گا فقط

مکتوب (۳۷)

جواب فتاوے قربانی و نسخہ دعائے سورۂ بقرہ برائے شفائے اطفال

۴۸۶ بخدمت فیضدرجت حضرت عموی صاحب مخدومی مکرمی دام مجدکم ۔ بعد تسلیم مسنون و تحیہ مشحون بکشوف خاطر شریف ہو کہ یہاں بہمہ وجوہ خیریت ہے اور خیر و عافیت والا کی بدوام مطلوب ہے نوازشنامہ مرسلہ حضور پہونچا کاشف مدعا ہوا اللہ تعالے

مولوی محمد عبد الرزاق صاحب و نیز برخوردار شبیر الحق مدعمرہ کو جلد شفا عطا فرماوے بعد نماز فجر کے تین روز سورۂ بقر پڑھ کر قدرے پانی پر دم کر کے پلا دیجیے انشاء اللہ شفا حاصل ہوگی اور ایک ماہ پہلے ضرور اطلاع دون گا اطمینان فرماویں اور مسئلہ مطلوبہ کا جواب پرچہ پر لکھ دیا ہے بکری چھ سات مہینے کی ہرگز درست نہیں ہے البتہ دنبہ اس عمر کا جائز ہے بخدمت جناب چچی صاحبہ مدظلہا سب کا آداب فرما دیجیے گا زیادہ حد ادب مولوی سید محمد عبد الرزاق صاحب و عبد الحفیظ و عبد الحکیم و محمد یوسف دبے لیے وصلاً و مولوی محمد ایوب صاحب کو سلام و دعا پہونچے فقط

مکتوب (۴)

مکتوب بنام جناب مولوی سید محمد توسل حسین صاحب برادر حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ

علالت حضرت میاں صاحب قبلہ

۲۸۶ بحضرت عموی صاحب قبلہ مخدوم مکرم سیدنا و مولانا متعنا اللہ بطول بقائہ ۔ بعد تسلیم مع التکریم ملتمس خدمت والا ہون کہ بفضلہ تعالیٰ یہاں خیریت ہے اور خیر و عافیت جناب کی مدام خداوند کریم سے خواستگار ہون نامہ نامی صحیفہ گرامی نے عین انتظار میں نزول فرمایا آپکی علالت طبیعت مبارک و نیز بیماری بے بے فضلاً مدعمرہا و سلمہا رہا کے باعث نہایت فکر لاحق ہوا خداوند تعالیٰ جلد شفا کلی عطا فرماوے درینولا چند روز سے جناب میاں صاحب قبلہ کی طبیعت علیل ہے دو روز سے باہر تشریف نہیں لائے خداوند کریم جلد شفا عنایت فرماوین دو خط آپکے بنام جناب موصوف الصدر پہونچے چونکہ بنت الاخت کی شادی درپیش تھی اس سبب سے جواب کی روانگی میں تاخیر ہوئی اور میر شاہجہان کو اسی سبب سے فرصت نہ تھی اس سبب سے زیور مطلوبہ روانہ نہیں ہوا سو اب وہ روانہ کرنے کے لئے اطمینان خاطر مبارک فرماوین اور فتوے جناب قاضی صاحب کو روانہ کر دیا ہے یقین ہے کہ پہونچا ہوگا استفسار فرما لیجیے گا زیادہ والتسلیم بخدمت مولوی محمد عبد الرزاق صاحب و دیگر بزرگان و خوردان حویلی تسلیم و سلام مسنون پذیرا ہو ۔

مکتوب (۵)

تعزیت نامہ

۲۸۷ بخدمت شریف عمو صاحب قبلہ من مدظلہٗ بعد تسلیم کے واضح ہو کہ یہاں بہمہ وجوہ خیریت ہے اور خیر و عافیت حضور کی مدام مطلوب خط مرسلہ حضور کا شرف ورود ہوا حال من عن معلوم ہوا جناب دادی صاحبہ کے انتقال سے طبیعت کو نہایت رنج ہوا إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ؕ خداوند کریم ان کو غریق رحمت کرے آپ نے تحریر فرمایا کہ حشمت علی نے منجن دیا مہر میاں ظہور الحق کے نام کی انکی معرفت بھیجی تھی اسکے پہونچنے کا حال معلوم نہیں ہوا اگر مہر اس نے دیدی ہے فہو المراد و الا اس سے طلب فرماویں یہ احقر مہر روانہ کر چکا ہے اور گرانی غلہ کی یہاں بھی بدستور ہے جیسے وہاں اور مولوی سید جانعلی صاحب کے مدرس ہونے کی خوشی ہوئی اور مولوی سید غلام حسین صاحب کیا کرتے ہیں اور کس کام میں مشغول رہتے ہیں اور سلمہ بی بی اور خورشید جہاں بی بی کی نسبت ہنوز مقرر نہیں ہوئی انشاء اللہ عنقریب نسبت مقرر ہو جاویگی بالفعل سلمہ بی بی کی چھپا کلی طیار ہونے کو دی ہے

احسن مرحوم کی چھوٹی صاحبزادی تھیں ۔ خورشید جہاں بی بی بڑی صاحبزادی جناب مولوی حکیم میر شاہجہاں صاحب داماد حضرت میاں صاحبؒ کی تھیں

سو سونا اٹھارہ روپے آٹھ درکا بازار سے خرید اگیا ہے بہت اچھا ہے اگر منظور خاطر مبارک ہو اطلاع بخشیں فوراً طیار کرادی جاویگی زیادہ حد ادب برادرم مولوی عبد الرزاق صاحب و عبد الحفیظ و عبد الحکیم و بی بی فضلاً و وصلاً و دیگر اقارب و احباب کو درجہ بدرجہ دعا و سلام پہونچے اور ادنی قیمت دو چھاکلی کی ساٹھ روپے ہیں اور زیادہ کی کچھ حد نہیں اور دانہ اسکے تیس بتیس ہوتے ہیں آیندہ جیسا ارشاد ہو بتعمیل میں آوے گا — جناب میاں صاحب قبلہ لودھیانہ تشریف لیگئے ہیں مکان پر نہیں ہیں —

از جانب کمترین خادمان - میر شاہجہان - بعد ادائے آداب عرض اینکہ ظاہراً تو سناروں کے وعدہ کا اعتبار نہیں تاہم یقین ہے کہ پندرہ یوم میں پہنچادیگی اور سونا پیشتر تو از بس گران ہو گیا تھا یعنی فی تولہ تین روپے زیادہ ہو گئے اب بباعث قحط گرانی کچھ کچھ تخفیف ہے جسوقت ارشاد ہوگا تعمیل کیجاویگی سب کی طرف سے آداب تسلیم سب کی خدمت میں پہونچے

مکتوب (۶)

ادائے قرضہ و تعمیر مدرسہ حضرت میاں صاحب رح

بحضور فیضگنجور حضرت عمومی صاحب (جناب مولوی سید محمد توسل حسین صاحب برادر حقیقی حضرت میاں صاحب) قبلہ من سلمہٗ بعد تسلیم گزارش خدمت عالی یہ ہے کہ نوازشنامہ مرسلہ حضور مورخہ بست و یکم شہر حال شرف ورود فرمایا مضمون ما فیہ سے اطلاع پائی بفضلہ تعالی یہاں بہمہ وجوہ جملہ خورد و کلان مقرون بخیریت ہیں اور خیر و عافیت مزاج اقدس مدام مطلوب پہلے اسے ایک قطعہ عریضہ خدمت مبارک میں ترسیل کرچکا ہوں یقین ہے کہ ملاحظہ انور سے گذرا ہوگا اب پھر التماس ہے کہ قرضہ حضور کا ادا کیا گیا اور حافظ نورالدین سے رقعہ واپس لیکر پہلے عریضہ کے ہمراہ روانہ کردیا ہے اب کسیکا ایک حبہ باقی نہیں رہا جناب میاں صاحب قبلہ خیریت سے ہیں باقی سب اہل بیت خوش ہیں آپکے سلامتی ہمیشہ چاہتے ہیں اکثر مدرسہ کی تشویش میں رہتا ہوں کل ضلع طیار ہو گئے اب گچ کا کام باقی ہے سب کی طرف سے حضرت کو آداب و تسلیم پذیرا ہو برادرم مولوی محمد عبد الرزاق صاحب کو معہ بال بچوں کے سلام و دعا پہونچے - زیادہ حد ادب - مدرسہ میاں صاحب ملحق دار المطالعہ نذیریہ عامہ اب تک موجود ہے

مکتوب (۷)

تعزیت

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ از عاجز محمد نذیر حسین بخدمت شریف سید صاحب والا مراتب جناب میر عنایت حسین صاحب زاد لطفہٗ بعد السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ مکشوف خاطر عاطر ہو کہ نوازشنامہ آپکا معہ دو قطعہ سوال پہونچا حال مرحومہ مغفورہ کی رحلت کا معلوم ہونے سے کمال رنج ہوا اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّاۤ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ غفر اللہ تعالی لمیتک و تجاوز عنہا و تغمدہا برحمتہ و رزقک الصبر علی مصیبتہا و اجرک علی موتہا اِنَّ لِلّٰہِ ما اخذ ولہ ما اعطی و کل شیئ عندہ باجل مسمی فلتصبر و لتحتسب اور مسئلہ مطلوبہ کو ہمراہ اسکے ترسیل خدمت والا کرتا ہوں اور نیز پہلے ایک استفتا روانہ کرچکا ہوں امید ہے کہ وہ پہونچا ہوگا سب کو سلام علیکم فرما دیجئے گا والسلام خیر الختام

از شریف حسین و عبد السلام و ابو الحسن و تلطف حسین بخدمت فیضدرجت آداب و تسلیم ممنون قبول باد۔

مکتوب (۸)

ختم بخاری شریف

بخدمت شریف جناب عمی صاحب مخدوم مکرم معظم دام مجدہ۔ بعد السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ مکشوف خیر و الا ہو کہ خط جناب بابو ممتاز الحق صاحب مونگیری کا معہ تحریر حضور فیضگنجور کے پہونچا فقیر کو آپ کے حکم و نیز جناب بابو صاحب کے حکم کی تعمیل میں ہرگز ہرگز عذر نہیں ہے اپنی ذات خاص سے دعا ہر وقت کرتا ہوں اور ختم بخاری شریف کا شروع کروا دیا ہے اطمینان خاطر والا فرماوین مگر اس ختم کا دستور ہے کہ ختم کے وقت پڑھنے والوں کو خوش کیا کرتے ہیں اور عمدہ کھانا کھلاتے ہیں پھر توجہ سے دعا کرتے ہیں الغرض لپنے پاس سے بالفعل خرچ کروں گا اور ختم پورا کیا جاوے گا جناب مولوی جانعلی صاحب کی علالت سے سنکر طبیعت کو رنج ہوا خدا شفا دینے والا ہے فقیر کی اور سب کی طرف سے طبیعت کا حال دریافت فرماویں اور اطلاع بخشیں جناب میانصاحب قبلہ دام فیضہ اچھی طرح ہیں درس و تدریس میں مشغول و مصروف رہتے ہیں سب کا آداب و سلام بخدمت حضور فیضگنجور و جناب چچی صاحبہ مدظلہا و برادر مولوی محمد عبد الرزاق صاحب و مولوی محمد ایوب صاحب و برخورداران محمد عبد الحکیم و عبد الحفیظ وغیر ذالک قبول ہو۔

مکتوب (۹)

علالت حضرت میانصاحب

امابعد بخدمت فیضدرجت جناب عمو صاحب مخدوم مکرم دام مجدکم بعد تسلیم مسنون و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ مکشوف خاطر والا ہو کہ عرصہ دراز کے بعد نوازشنامہ فیض گنجور کا شرف ورود ہوا خیر و عافیت والا کی معلوم ہوئی فللّٰہ الحمد یہاں سب خیریت سے ہیں الا جناب والد صاحب دام فیضہ دو روز سے علیل بعارضہ درد پسلی ہیں انشاء اللہ العزیز بعد رفع قبض صحت حاصل ہو جاویگی آپ دعا فرماتے رہیں اور مدام سب لوگ آپ کے دیدار و زیارت کے مشتاق رہتے ہیں آپ نے سابق میں ارقام فرمایا تھا کہ چیت میں دہلی پہونچون گا مگر آپ تشریف نہ لاتے۔ اور شادی برخوردار محمد عبد السلام کی عنقریب ہو گی آپ کو وقت پر ضرور اطلاع دوں گا بلا اطلاع شادی برخوردار کی غیر ممکن ہے کیونکہ جب بغیر شرکت میرے بزرگ کے ایک عقد ہوں تو اس شادی کا حظ کیا ہے آپکی دعا کا خواستگار ہوں اللہ تعالیٰ انجام بخیر کرے اور مسئلہ مطلوبہ کا جواب یہ ہے کہ ترمذی میں یہ حدیث مرفوع آئی ہے کہ عن جابرؓ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ عَلٰی اَصْحَابِہٖ فَقَرَأَ عَلَیْہِمْ سُوْرَۃَ الرَّحْمٰنِ مِنْ اَوَّلِہَا اِلٰی اٰخِرِہَا فَسَکَتُوْا فَقَالَ لَقَدْ قَرَأْتُہَا عَلَی الْجِنِّ لَیْلَۃَ الْجِنِّ فَکَانُوْا اَحْسَنَ مَرْدُوْدًا مِّنْکُمْ کُنْتُ کُلَّمَا اَتَیْتُ عَلٰی قَوْلِہٖ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ قَالُوْا لَا بِشَیْءٍ مِّنْ نِّعَمِکَ رَبَّنَا نُکَذِّبُ فَلَکَ الْحَمْدُ ۝ رواہ الترمذی اس سے صاف ظاہر ہے کہ جواب مذکور سامع پر ہے دقاری پر خواہ نماز کے اندر ہو یا باہر اور جواب کا دینا سنت ہے اور ثواب میں اسکے کسی طرح کا شک نہیں ہے اور عرب صاحب حدیث شریف سے اطلاع نہیں رکھتے ہیں سنے سنائے پر ان کا عمل ہے مولوی عبد الرزاق صاحب کو خدا تعالیٰ صحت عنایت فرماوے آپکی دعا اُنکے حق میں اکسیر اعظم ہے انشاء اللہ صحت حاصل ہو گی

زیادہ التسلیم مع التکریم بخدمت جناب چچی صاحبہ مدظلہا آداب و برادران محمد عبد الحفیظ و محمد عبد الحکیم و مولوی محمد عبد الرزاق صاحب و مولوی محمد ایوب صاحب سلام علیکم و الدعا موصول ہو۔ فقط۔

مکتوب ۱۰

تعزیت نامہ

بخدمت شریف حضرت عموی صاحب مخدومی مکرمی مدظلہ بعد تسلیم نیاز معروض خدمت والا یہ ہے کہ برادرم مولوی محمد ایوب صاحب کا خط پہنچا حال معلوم ہوا الا ہمشیرہ عزیزہ مرحومہ مغفورہ کے انتقال کی خبر معلوم ہونے سے نہایت سب کو رنج و الم لاحق ہوا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ غَفَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِمَيِّتِكَ وَتَجَاوَزَ عَنْهَا وَتَغَمَّدَهَا بِرَحْمَتِهٖ وَرَزَقَكَ الصَّبْرَ عَلٰى مُصِيْبَتِهٖ وَاٰجَرَكَ عَلٰى مَوْتِهٖ اِنَّ لِلّٰهِ مَا اَخَذَ وَلَهٗ مَا اَعْطٰى وَكُلُّ شَيْءٍ بِاَجَلٍ مُّسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ اور حویلی میں سب کی طرف سے بعد تسلیم کے تعزیت کیجئیگا اور سب تسلیم عرض کرتے ہیں اور آپ کے دیدار مبارک کے مشتاق ہیں یہاں سب خیریت سے ہیں زیادہ ادب العاجز شریف حسین الدہلوی عفی عنہ روز چہار شنبہ

مکتوب ۱۱

علالت حضرت میاں صاحب رحمہ اللہ

بخدمت فیضدرجت حضرت عموی صاحب مخدوم مکرم بندہ مدظلہ۔ بعد تسلیم مسنون گزارش خدمت والا یہ ہے کہ نوازشنامہ حضور کا معرفت ورود ہوا مضامین سے اسکے اطلاع پائی خداوند کریم ہمشیرہ عزیزہ کو جلد صحت عطا فرماوے اور ہمیشہ یہ عاجز دعا کرتا ہے خداتعالی قبول فرماوے جسوقت خط آپ کا پہنچا اسیوقت جناب میاں صاحب مدظلہ کو ملاحظہ کرا دیا طبیعت جناب کی بسبب ضعف و تکلیف سفر کے اچھی نہیں فرصت کے وقت انشاء اللہ خط لکھیں گے۔ اطمینان فرماویں باقی خیریت ہے سب صاحبوں کو درجہ بدرجہ آداب و سلام فرما دیجئے گا اور حویلی میں تسلیم سب کی طرف سے زیادہ حد ادب۔ مکرر عرض یہ ہے کہ بعد صحت ہمشیرہ مدظلہا کے ضرور بالضرور تشریف فرماویں دیدار کے سب مشتاق ہیں والد صاحب مدظلہ کا سلام و دعا فرما دیجئے گا۔ باقی والدعا

مکتوب ۱۲

بواپسی حج بیت اللہ شریف حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ

تحریر خاص الاکرم مولوی سید محمد شریف حسین صاحب مرحوم خلف علامہ مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

بجناب فیضمآب حضرت عموی صاحب والامراتب مخدوم مکرم زاد مجدہ بعد تسلیم مسنون ملتمس ہوں کہ یہاں بہمہ وجوہ خیریت ہے اور خیر و عافیت جناب کی مدام چاہتا ہوں گزارش خدمت والا یہ ہے کہ جناب والد صاحب مخدوم بندہ ۔۔ شنبہ کو بمبئی تشریف لائے اور داخل ہوئے اور آج تک ممبئی مقیم ہیں امید ہے کہ بعد نماز جمعہ وہاں سے روانہ ہوں تار بمبئی سے آیا تھا چلنے کے وقت پھر انشاء اللہ آوے گا لہذا اطلاعاً گزارش کی گئی زیادہ ادب فقط

العاجز:-

فقیر شریف حسین الدہلوی

عفی عنہ

ھ

در حال تشریف آوری جناب حضرت میاں صاحب و شرکت بارات پسر بابو عشرت حسین صاحب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حَامِدًا مُصَلِّيًا

جناب داروغہ صاحب معدن الجود والکرم نوازش فرمائے انم زاد عنایتہ بعد ہدیہ سلام مسنون و تمنائے ملاقات بہجت مشحون بخلاصہ مضمون میگرایم۔ للہ الحمد کہ اینجانب الی الآن مقرون خیریت بودہ خواہان عوافی مزاج گرامی بدرگاہ میباشم آمدم بمطلب اینکہ بتقریب انجام شادی پسر بابو سید عشرت حسین صاحب ساکن علیگڑھ کہ از قرابت داران اینجانب ہستند جناب حضرت مولانا بالفضل اولنا سید محمد نذیر حسین صاحب قبلہ دام ظلہ از دہلی رونق افروز خواہند شد و بتاریخ ۔۔ شہر ہذا روز جمعہ روانگی بارات بموضع مرجا کہ از دختر راجہ نومسلم عبد الرحمن صاحب ہشود خواہد شد و اینجانب ہمرکاب جناب حضرت مولانا صاحب دام ظلہ در بارات خواہم رفت لیکن بندوبست سواری در ینجا نمیگردد بنا بر تکلیف دہ خدمت شریف ام کہ شانزدہ نفر کہاران دو پالکی بہر طوریکہ شدن تواند بپیادہ تعینات کردہ ہمراہ نمایندہ بروز جمعہ اول وقت روانہ فرمایند و بصورت عدم بہم آوری کہاران شانزدہ نفر ہشت نفر ضرور یک پالکی و یک راس اسپ مادہ از زمینداران پرگنہ ایچے پور کہ اکثر ذی مقدور اند برائے سہ چہار روز کہ قدم رواز براہ کرم فرمائے خود عاریت گرفتہ عنایت فرمایند بظہور این معنی ممنون احسان بے پایان جناب خواہم ماند دگا ہے بکدامی

بھائی تھے جن کے صاحبزادے سید محمد عبد

مکتوب ۱۳

جناب حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ کا بابو عشرت حسین صاحب کے بیٹے کی بارات میں تشریف لیجانا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً مصلیاً

جناب داروغہ صاحب سخاوت و بخشش کی کان بہترین مہربانی فرمانیوالے زیادہ ہو آپکی مہربانی بعد ہدیہ سلام مسنون واز روئے ملاقات بھری ہوئی خوشی کے خلاصہ مقصد کی طرف رجوع کرتا ہوں اللہ کا شکر ہے کہ میں ابتک شامل خیریت کے رہ کر مزاج گرامی کے خیریت کا خواستگار درگاہ باری سے رہتا ہوں تقریب شادی صاحبزادہ بابو سید عشرت حسین صاحب ساکن علینگر جو کہ میرے قرابت داروں سے ہیں جناب حضرت مولانا بالفضل اولنا (مولوی) سید محمد نذیر حسین صاحب قبلہ دام ظلہ دہلی سے رونق افروز ہونگے اور اس مہینے کی تاریخ نویں روز جمعہ کو بارات موضع مرچاچائیگی اور شادی راجہ عبد الرحمن نومسلم کی لڑکی سے ہوگی۔ میں ہمراہ جناب حضرت مولانا صاحب دام ظلہ کے بارات میں جاؤں گا لیکن سواری کا بندوبست یہاں نہیں ہوتا ہے اسلئے آپکو تکلیف دیتا ہوں کہ سولہ نفر کہار دو پلیس کیواسطے جس طریق سے کہ ممکن ہو آدمی حاصل کر کے دن جمعہ کو اول وقت روانہ فرمادیں اور عدم دستیابی پر سولہ نفر کہاروں کے آٹھ نفر کہار ضرور بالضرور مع پینس و ایک راس گھوڑی رہوار چلنے والی تین چار روز کے واسطے زمینداران اپنے پر سے عاریتاً لیکر عنایت فرمادیں آپ کے اس احسان کا بیحد ممنون ہوں گا میں نے ابتک کسی کام کیواسطے تکلیف نہیں دی ہے اور بیٹے بابو عشرت حسین صاحب کے

عبد الرزاق مرحوم و سید محمد عبد الحفیظ صاحب و سید محمد عبد الحکیم مرحوم تھے۔

امر با ایں ولا تکلیف دہ شدہ ام و مبلغ پنجروپیہ برائے روغن زرد کہ دریں جا بہم نمی آید بخیال تشریف آوری مولانا صاحب دام ظلہٗ میفرستم متر صد کرم فرمائے ام کہ از راہ ذرہ مہربانی از پرگنہ خرید کنانیدہ لطف فرمایند آئندہ متر صد مہربانی ہستم والسلام محررہ دویم شہر شعبان المعظم روز جمعہ سنہ ۱۳۱۱ ہجری۔
رقیمہ توسل حسین عفا اللہ عنہ مقام سورجگڑھ

روغن زرد کیواسطے کہ آجکل یہاں دستیاب نہیں ہوتا ہے بخیال تشریف آوری مولانا صاحب دام ظلہ کے ارسال کرتا ہوں امید کمال مہربانی کا آپکے رکھتا ہوں کہ پرگنہ سے خرید کراکر مرحمت فرماویں گے آئندہ امیدوار مہربانی کا ہوں والسلام مورخہ ۲ ر شعبان المعظم یوم جمعہ سنہ ۱۳۱۱ ہجری۔ رقیمہ توسل حسین عفا اللہ عنہ مقام سورجگڑھ۔
بابو عشرت حسین صاحب جناب حضرت میانصاحبؒ کے بہنوئی تھے یعنے میری بہن ان سے بیاہی ہوئی تھیں۔

مکتوب (۱۴)

ڈاکٹر سید محمد عبد الحکیم صاحب برادرزادہ حضرت میانصاحبؒ

از مولانگر قصبہ سورجگڑھ ضلع مونگیر ۱۲ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء روز شنبہ

عزیز کونین سعید دارین عزیزی مولوی سید عبد الرؤف صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ بعد سلام علیک کے واضح ہو۔ کہ لفافہ آپکا بعین حالت انتظار کے وصول ہوکر احوال مندرجہ سے اسکے آگاہی ہوئی۔ اور آپکی یادآوری کا شکریہ ادا کرتا ہوں حسب طلب آپ کے جناب حضرت میانصاحب قبلہ مرحوم کے خطوط اور جناب بھائی مولوی سید محمد شریف حسین صاحب مرحوم کے خطوط اور ایک شجرہ سلف کا روانہ کرتا ہوں اُمید کہ رسید سے مطلع کرکے ممنون و مشکور کریں گے میاں صاحب قبلہ مرحوم کے تیرہ ۱۳ خطوط ہیں دو لفافہ کے اندر ہیں لفافہ خود جناب میانصاحب کے دست مبارک کا لکھا ہوا ہے۔ اور بقیہ چھ لفافہ اور ایک پوسٹ کارڈ بھائی شریف حسین صاحب مرحوم کا ہے۔ یہ بہت پرانا خط ہے۔ میانصاحبؒ نے قصبہ سورجگڑھ و مولانگر کے کل لوگوں کو ایک خط میں تمام بنام سلام لکھا ہے اور اسیطرح سے سب کو چھپوانا۔ اور ایک شجرہ ہے انشاء اللہ تعالیٰ بعد رمضان شریف کے کلکتہ روانہ ہوؤں گا۔ اگر میانصاحبؒ کے کوئی شاگرد کلکتہ میں ہوں تو ان کا نام لکھ کر بھیجدیجئے۔ الحمد للہ یہاں خیریت ہے اور خیریت سے اپنی اور اپنے وابستگان کی خیریت سے مطلع کرکے رفع تعلق کریں گے زیادہ والسلام فقط الراقم عاجز محمد عبد الحکیم عفی عنہ ۹ ر رمضان سنہ ۱۳۴۴ روز پنجشنبہ

مکتوب (۱۵)

جناب محمد شاہ رضا بخاری ڈپٹی کنٹرولر آل انڈیا ریڈیو ۲ پرتھی راج روڈ نیو دہلی

سفارش نامہ گرامی عالیجناب حبیب نشتر بہادر ۸ نومبر

مائی ڈیر بشیر سلام مسنون۔ مولانا سید محمد عبد الرؤف صاحب سے تو آپ اچھی طرح واقف ہیں۔ اور یہ بھی آپ خوب جانتے ہیں کہ باوجود گوناگوں مالی مشکلات کے وہ علم اور دین کی کس طرح خدمت کر رہے ہیں۔ ابھی حال ہی میں انہیں حضرت مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مکاتیب کا ایک نادر نسخہ دستیاب ہوا ہے۔ اور وہ چاہتے ہیں کہ خلق خدا

شجرہ بیعت حضرت میانصاحبؒ جن کو حضرت مولانا شاہ محمد اسحاق صاحب مہاجر مکی نواسے حضرت مولانا شاہ عبد العزیز ص ا

کے فائدے اور بھلے کے لئے اسے چھپوا کر نشر کریں مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب ہندوستان کے عالم اجل اور محدث میں ان کا رتبہ بہت بلند ہے۔ ظاہر ہے کہ ان کے مکاتیب بھی رموز علم دغوامض دینیات و مذہب سے اسلوہوں گے۔ اور یہ مسلمانوں کی بے انتہا بدقسمتی ہوگی۔ اگر قلمی نسخے کے حصول کے بعد بھی وہ ان کے فیضان سے محروم رہ جاویں۔ مولانا سید عبد الرؤف صاحب پہلے ہی مدرسہ بنات اور دیگر نیک کاموں کی وجہ سے مالی مشکلات میں مبتلا ہیں۔ اس لئے آپ اور آپ کے آقائے نامدار یعنی تاجدار رامپور کے کرم سے یہ بعید نہیں کہ ان کی دستگیری کریں۔ اور اس کار ثواب میں حصہ لیں۔ طباعت کا تخمینہ یہ خود آپ کی خدمت میں پیش کریں گے۔ جو میرے خیال میں بہت ہی قلیل ہے۔ اور آپ جیسے صاحب اقتدار و فراخ دل ہستیوں کے سامنے کچھ بھی حقیقت نہیں رکھتا۔ (ایسے کاموں کے لئے سفارش کی ضرورت نہیں۔ پھر بھی میں نے یہ دو حرف لکھ دیئے۔ تاکہ مزید تاکید کا کام دیں۔ اور آپ کے ساتھ میں بھی ثواب کا مستحق قرار پاؤں۔ خاکسار

بخاری

مکتوب (۱۶)

سفارش نامہ گرامی عالیمرتبت چیف منسٹر بہادر رامپور دام ظلہم

مولوی سید محمد زیدی صاحب سابق پروفیسر عربک کالج دہلی

حضرت عمدۃ الکرام سید الفخام رئیس الوزراء دام معالیکم۔

تسلیم مسنون۔ مولوی سید محمد عبد الرؤف صاحب اس مرتبہ مکاتیب حضرت میاں صاحب محدث دہلوی علیہ الرحمۃ چھپوانا چاہتے ہیں۔ تاکہ ذکر خیر اور یادگار سلف باقی رہے۔ اور یہ کام بغیر رؤسا۔ انجام پذیر ہونا مشکل ہے۔ دربار رامپور ہمیشہ ایسے امور کا کفیل رہا ہے۔ امید ہے کہ آپ ضرور اس سمت بھی توجہ فرما کر مخلوق منت بے پایاں فرمائیں۔ یہ مفید اور ضروری چیز ہے۔ اگر یہ طبع ہوگئی تو مسلمانوں کی گردن پر ایک احسان رہیگا۔ اور دعائے خیر سے یاد کریں گے۔ احقر السید محمد

مکتوب (۱۷)

حضرت خواجہ حسن نظامی دہلوی مدیر اخبار منادی سفارش نامہ گرامی عالیمرتبت جناب سید بشیر حسین صاحب زیدی چیف منسٹر

بہادر رامپور دام اقبالہ

مخلص نواز زیدی صاحب۔ سلام علیکم۔ مولانا سید محمد عبد الرؤف صاحب بانی نذیریہ پبلک لائبریری اور نذیریہ مسلم گرلز اسکول کو حضرت مولانا مولوی سید محمد شریف حسین صاحب مرحوم و مغفور خلف الرشید شمس العلماء حضرت مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات نذیریہ شائع کرانا چاہتے ہیں۔ میں نے وہ مکاتیب دیکھے ہیں اور وہ ہر اعتبار سے شائع ہونے کے قابل ہیں اگرچہ میں غیر مقلد نہیں ہوں مگر حضرت مولانا مرحوم و مغفور سے میں نے حدیث شریف کا ایک سبق پڑھا تھا اس لئے میں ان مکاتیب کی تائید میں یہ سفارش نامہ لکھتا ہوں سرکار سے عرض کیجئے کہ اس کار خیر میں جو کچھ مدد ہوگی تو عام

۱ مرتبت جناب سید بشیر حسین صاحب زیدی چیف منسٹر بہادر رامپور نے طباعت مکاتیب نذیریہ کیلئے انکو مدد دیکر اسنے

حضرات اہلحدیث و تمام مسلمانان ممنون ہوں گے — مخلص حسن نظامی — درگاہ حضرت خواجہ نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ

نوٹ: حضرت خواجہ حسن نظامی صاحب موصوف نے شیخ الکل حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی علمی فیاضی کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنی تصانیف کتبخانہ نذیریہ عامہ کی سرپرستی ذمہ لی اور فرماتے رہتے ہیں اور اخبار منادی حضرات شائقین دار المطالعہ نذیریہ عامہ کی بھی سرپرستی فرماتے رہتے ہیں

مکتوب (۱۸)

تحقیق مستدرک حاکم از حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ مکتوب آنریبل جناب ڈاکٹر سید احمد خاں صاحب بہادر سی۔ایس۔آئی مرحوم و مغفور بانی محمڈن کالج علیگڈھ

عزیزی خواجہ مصلح الدین

ایک حدیث مستدرک حاکم کی علیحدہ کاغذ پر نقل کرکے ملفوف ہے مستدرک حاکم ہمارے پاس نہیں ہے۔ تم مہربانی سے جناب مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب کے پاس جاؤ اور میری طرف سے سلام علیک کہو۔ انکے پاس مستدرک حاکم کی ہوگی اسکو دیکھ کر اسی کاغذ ملفوف پر لکھ دو کہ اسکے راوی کون کون ہیں۔ اور نیز جو عبارت کاغذ ملفوفہ میں ہے اسکا مقابلہ کرلو اس میں غلطی تو نہیں ہے اور جس قدر جلد ممکن ہو اس کاغذ کو میرے پاس واپس بھیجدو اور بیرنگ لفافہ میں بھیجنا تاکہ احتمال تلف ہونیکا نہو والسلام

۱۳؍ اگست ۱۸۹۷ء

خاکسار
سید احمد

علی گڈھ

نوٹ: جناب خواجہ مصلح الدین خانصاحب مرحوم و مغفور جو سر سید مرحوم کے عزیز تھے انہوں نے ایک قطعہ خط سر سید مرحوم کے قلم مبارک کا لکھا ہوا بغرض اشاعت مکاتیب نذیریہ نمبر ۲ مجھ ناچیز کو مرحمت فرماکر مشکور فرمایا اور فرماتے تھے کہ سر سید مرحوم کے خطوط تحقیق تفاسیر قرآن مجید و احادیث نبوی کے متعلق بکثرت خطوط حضرت میاں صاحب فردوس مکان کے ملاحظہ انور میں پیش کرنیکی سعادت میرے سپرد تھی اور پانچ روپیہ کرایہ آمد و رفت علیگڈھ سے دہلی تک کا مجھے ملتا تھا کبھی تو بہت جلد جواب ملجاتا تھا اور کبھی حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ جواب میں تاخیر فرماتے تو مجھے توقف کرنا پڑتا تھا ایک روز جناب خواجہ مصلح الدین خانصاحب نے سر سید رحمۃ اللہ علیہ سے فرمایا کہ مجھے آپ کی ایسی دینی خدمت کیلئے کسی طرح کا عذر نہیں بلکہ میرے لئے تو عین سعادت دارین اور باعث فخر ہے لیکن آپ کبھی حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں تشریف لیجانیکی تکلیف کیوں نہیں گوارا فرماتے۔ سر سید مرحوم و مغفور نے فرمایا کہ میں تو اپنے موجودہ حضرات علماء کے نزدیک نیچری مشہور ہوں لیکن حضرت میاں صاحب میری وجہ سے کیوں بدنام و مطعون ہوں میں اور حضرت میاں صاحب دو قالب ایک جان ہیں انکے احسانات علمی کا ہمیشہ مشکور ہوں اور رہوں گا۔ خواجہ مصلح الدین خانصاحب اپنے زمانہ کے زندہ تاریخ تھے اور حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ اور ان کے خاندان کے ساتھ بیحد خلوص اور محبت رکھتے تھے اور علماء کی خدمت کرتے تھے جناب مولوی محمد اسحاق صاحب عالم متبحر رامپوری آپ کے ہی مکان پر تا حیات رہے اور وہاں درس تدریس کی خدمت فرماتے تھے اور مدرسہ میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی طلباء کی ایک عرصہ تک علمی خدمت فرماتے رہے شاگرد تو بہت تھے لیکن قابل ذکر جناب مولانا محمد حامد علی صاحب مرحوم و مغفور اور مولوی سید محمد عبد السلام صاحب مرحوم و جناب مولوی سید ابو الحسن صاحب مرحوم و مغفور دہلوی نبیرہ حضرت میاں صاحب رحمہم اللہ اور خواجہ مصلح الدین

اپنی کچھ کتابیں حضرات شائقین علماء و طلباء کے مطالعہ کیلئے وقف فرمائیں مورخہ ۵؍ شعبان المعظم ۱۳۵۵ھ سنہ جمعہ

خدا داند و ایمانم

که مرا از خود ستائی و تفاخر گرانی خاطر و کراہت جانی کہ ہست اندازہ و توزینش از زبانم و از زبان خامہ ام نتواں شد چہ کہ مقدارش فراواں و غیر محدود است و نہ تمنا و مرکوز است کہ در صدر نشینان سخنوراں بے ہمتا و جادو بیانان یکتا شمارم آید زیرا چہ از من ایں بالا روی را نسبتے نیست مرا اینہم منزلتے و رتبتے نہ بخشیدہ اند کہ در صف نعال سخن آفرینان جا یابم و از مذاکرۂ شعراء شیوا زبان مسامع خود را قوتے بخشم ۔ پس در راہے کہ اینچنیں خلائق باشد ۔ وہم خلائشان جان و ایمان سدِّ راہ شدہ قطع الطریق نمایند رفتن بے سود و نمود مزخرف خواہد بود ۔ چہ جائیکہ ہرزہ درائی و یاوہ سرائی خویش را بتوقع مہر گستری پیش کنم ۔ الّا دانائے نیک میداند ہرچہ از اخلاص و گرویدگی خاص گفتہ آید در قلب جای یابد ۔ فلہذا چند اشعار کہ بروز انابت و بیعت حریفہ بحضور فیض معمور امیر المومنین فی الحدیث شیخنا و شیخ الکل فی الکل نور طریقۃ نور شریعۃ ادام اللہ دوامہم خواندم و حضرۃ مغری الیہ بمنشاء قدردانی و کمترین پروری پسندیدہ تحسینش فرمودند و جبہ و سرم بوسیدند و حضار حاشیہ نشینان مجلس ہمایوں ندائے آفریں و صد آفریں زدند ایں صلہ از ہزار صلات دنیوی بیش بہاست چرا کہ ہرچہ گفتم کہ دراں شائبہ تکلف و تصلف را دخلے نیست و نہ استعارات شعرا جا دادہ ام

میرے ایمان کا حال خدا بہتر جانتا ہے

فخر و خود ستائی سے جسقدر نفرت و کراہت مجھے ہے اندازہ اسکا میری زبان و میرے قلم سے ہو نہیں سکتا کیونکہ اس کی اصناف و مقدار غیر محدود ہیں اور نہ مجھے خواہش و تمنا ہے کہ صاحبان سخن عالی مرتبہ بے مثل و جادو بیاں یکتا میں شمار کیا جاؤں ۔ مجھے اس بلند پروازی سے کوئی نسبت نہیں ہے نہ میرا ایسا رتبہ ہے کہ صف نعال میں سخنوراں کے جگہ پاؤں اور مذاکرہ سے شعراء تیز زبان کے اپنے کانوں کو مانوس کروں بس جس راستہ میں کہ اس قسم کا رد ڑا اور دلدل ہو و دشمنان جان و ایمان بھی مانع راہ ہو کر رہ زنی کریں وہاں جانا بے فائدہ و بیہودہ ہوگا ۔ کیونکہ جہاں بیہودہ گوئی و یاوہ سرائی ہو وہاں اپنے کو بامید اتحاد و اخلاص پیش کرنا خلاف دانش ہے ۔ عقلمند بہتر جانتے ہیں کہ جو کچھ خلوص و ہمدردی خاص سے کہا جاتا ہے وہ قلب کے اندر جگہ پاتا ہے اسلئے چند اشعار توبہ و بیعت کے روز حضور فیض گنجور امیر المومنین فی الحدیث شیخنا و شیخ الکل فی حضرت میانصاحب رحمۃ اللہ علیہ نور طریقت و شریعت ادام اللہ دوامہم کی خدمت بابرکات میں پڑھے جن کو حضرت ممدوح الیہ نے بخیال قدردانی و بندہ نوازی کے پسند فرما کر تعریف و تحسین فرمائی اور پیشانی و سر کو میرے بوسہ دیا و حاضرین حاشیہ نشینان مجلس نے صدائے آفریں بلند کی یہ صلہ ہزار صلات دنیوی سے بیش قیمت ہے کیونکہ جو کچھ کہ میں نے کہا اس میں تکلف و لاف یعنی دعوے کی آمیزش نہیں ہے نہ استعارات شعرا کو دخل دیا ۔

قصیدہ در باب بیعت از خانبہادر مولوی سیّد محمد عبد العزیز صاحب رضوی مدوّن مکاتیب نذیریہ

حضرت میانصاحب رحمہ اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرمود خدائے عالم آرا
خداوند جہاں آفریں نے فرمایا
باید کہ بقدر وسع امکاں
بقدر قوت وامکان کے ضرور ہے
گیرید بجزم واخلاص
عزم وخلوص دل سے لیلو
احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ براہ مہر ورافت
راہ لطف وکرم سے احمد مجتبیٰ نے
بر سر نہید و دور باشید
اسکو سر پر رکھو اور دور رہو
بر عکس اوامر ونواہی
نصوص قطعی کے خلاف
ہر کس کہ رہ خلاف رفتہ
جس کسی نے خلاف راہ اختیار کی
تحقیق نما بکن تجسس
تحقیق کرو اور جستجو کرو
کن جہد کہ اجتہاد ہرگز
کوشش کرو کہ فن اجتہاد
ہر کس کہ نصوص دیں بداند
جو شخص کہ نصوص دین کو جانتا ہو
مفتی کہ بروئے نص شرعی
جو مفتی کہ نص شرعی کے روسے
امرش ہمہ خلق در پذیرد
اسکا حکم سارے خلائق قبول کریں

نشدہ بامم نمی کنم گوارا
امت کی تکلیف میں نہیں گوارا کرتا ہوں
انجام دہید امر ما را
کہ میرے حکم کو بجا لاؤ
دادیم ہر آنچہ مصطفےٰ را صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
جو کچھ کہ میں نے مصطفےٰ صلعم کو دیا
فرمود خطابہا شمارا
تمکو ارشاد فرمایا وخطاب کیا
از زیغ قیاس وظن آرا
قیاس وظن ورائے کی کجی سے
گاہے نہ شوید مجلس آرا
تم کبھی مجلس آراستہ نہ کرو
بنمود تباہ مدعا را
اپنے مدعا کو تباہ وبرباد کیا
بردار تو پردۂ خفا را
پوشیدگی کے پردہ کو اٹھا دو
دادند نہ صاحب قبا را
صرف حصہ مجتہدین کا نہیں تھا
زیبا شدہ منصب قضا را
وہ منصب قضی کیواسطے حق دار ہے
فتوی بدہد اگر خدا را
اگر فتوے دے خدا کیواسطے
دخلے نبود در آں ریا را
ایسے آدمی پر ریاکاری کا گمان نہ کریں

تم کو کوئی اقوال جو برخلاف رسول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

گردید نہ اجتہاد مفقود
اجتہاد مفقود نہیں ہوا ہے
معدوم نشد حدیث احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نابید ہوئی حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی
نعمانؓ کہ سر آمد زماں بد
حضرت نعمان رضؓ کہ سردار زمانہ تھے
یا بید اگر حدیث احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اگر حدیث احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پاؤ
مالکؓ کہ بفقہ بود مالک
امام مالک رضؓ کہ فقہ کے مالک تھے
ہرگز مکنید ترک سنت
ہرگز ترک سنت نہ کرو
فرمود نذیر نیک بشنو
سیدنا محمد نذیر حسینؒ نے فرمایا
بر صدق وصفا کمر ببندید
سچائی وصفائی پر کمر بستہ رہو
بر حکم رسول جاں سپارید
رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم پر قربان ہو جاؤ
بدعت کہ ہمی برد بدوزخ
بدعت اہل بدعت کو دوزخ میں لیجاتی ہے
وقتیکہ نصوص پیش آید
جسوقت تمکو نص قطعی مل جائے
برباد کنید باغ بدعت
بدعت کے باغ کو جڑ سے اکھاڑ دو

بینید طریق مرتضےٰ را صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کیا طریقہ حضرت علی مرتضیٰ کا نہ دیکھتے ہو
جوئید صحاح مجتبےٰ را صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
تلاش کرو صحاح مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں
میگفت گروہ اتقیا را
دینداروں کی جماعت کو فرما گئے ہیں
برخاک زنید قولہا را
تمامی اقوال کو میرے چھوڑ دو
فرمود خطاب آشکارا
کھلے لفظوں میں اظہار فرمایا
گرچہ بزنند چوب وخارا
اگرچہ کوئی تمکو لکڑی وپتھر سے مارے
اندرز کہ می کنم شمارا
تمکو جو پند ونصیحت کرتا ہوں خوب سنو
در قلب نہ جا بود دغا را
جھوٹ ودغا کو دل میں جگہ نہ دو
گیرید متاع اتقیا را
پرہیزگاروں کے سرمایہ کو لیلو
اللہ نہ پسند ابریا را
اللہ والوں کو بدعت پسند نہیں ہے
پروا مکنید ماورا را
تو نص کے ہوتے ہوئے کسی کی پروا نہ کرو
ترسے مکنید ماسوا را
اس کام میں کسی سے خوف نہ کرو

خواہید اگر شریعت وطریقت
اگر شریعت وطریقت دونوں محبوب خاطر ہے
راہے کہ بود دراں نہ بدعت
جس راہ میں بدعت کا نام ونشان نہیں ہے
غالب بسلن نگشت بدعت
سنت پر بدعت غالب نہیں آسکتی
باشید جدا ز نہی ومنکر
نہی ومنکر سے ہمیشہ دور رہو
برہم نزنید بزم آرا
رای وقیاس کی محفل کو رونق نہ دو
ہرگز مروید راہ بدعت
بدعت کی راہ ہرگز نہ چلو
باہم مشوید رزم خرما
آپس میں جنگ وجدال مت کرو

گیرید طریق اصفیا را
تو طریقہ سلف صالحین کا اختیار کرو
بینید طریق اولیا را
وہ راہ اولیاء اولین کی پاؤ گے
ترجیح ہمہ نشد سہا را
ماہتاب کی موجودگی میں ستارہ کی چمک نہیں ہوتی
گیرید نہ مال کم بہا را
ارزاں مال ہرگز نہ خرید کرو
گیرید شعار اصطفا را
سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مستحکم کرو
گرچہ شکنند دست ویا را
گرچہ تمپر کتنا ہی زور وظلم ہو
ضائع مکنید زور ویا را
اپنے زور وقوت کو بیفائدہ ضائع نکرو
اندرز عزیز را پذیرید
یاردو عزیز کی نصیحت قبول کرلو

اللہ ورسول ہرچہ گفتہ
اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کچھ فرمایا ہے
گمرہ مشوید ونیک بینید
گمراہی نہ اختیار کرو غور سے دیکھو
کمبخت سیاہ روست ہر کہ
بدبخت روسیاہ وہ شخص ہے
بر طرز رسول وآل پاکش
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل پاک کے طریقہ پر
بخشید مرا نذیر نعمت
مجھے سید محمد نذیر حسین صاحب نے نعمت عطا فرمائی ہے
دریوزہ گرم ولے بحالم
فقیر ہوں ولیکن میری حالت پر
فرمود نذیر یادم
صحبت میں سید محمد نذیر حسین صاحب نے مجھ سے فرمایا
آتش بزنید ما عدا را
ماسوا اسکے اور سبکو جلا دیں ڈالو

فرضست شدہ انقیاد ما را
مومنین پر اسکا بجالانا فرض ہے
راہیکہ نمودہ شد شما را
جو راستہ سنت کا تمکو دکھایا گیا ہے
آزرد قلوب اصفیا را
جس نے پیغمبر کے دل کو آزردہ کیا
واجب شدہ پیروی شما را
چلنا تمکو فرض وواجب ہے
حاصل نشد آنکہ اغنیا را
وہ نعمت غنی لوگوں کو بھی حاصل نہیں ہوئی
رشک وحسد است اسخیا را
رشک وحسد ہے مالداروں کو
برگیر تو جادۂ تقا را
راہ اہل تقوے کی پکڑلے

۱ وقتیکہ این اشعار بحضور فیض معمور مرشد برحق امیر المؤمنین فی الحدیث والتفسیر امام عصر مجدد مأتہ رابع عشر ناصر الدین سید محمد نذیر حسین تغمدہ اللہ بغفرانہ عرض کردم بکمال انبساط بارک اللہ فی عمرک واٰلک ومالک وجاھک فرمودہ سر وجبہ ام را بوسید ند وحضار مجلس را فرط سرور بود کہ متواتر بخاطر داشت عائد جلسہ خواندم دعاء حضرت اعلی واقدس صد ہزاران ہزار است کہ کسے را نصیب نشد ۱۲

"عزیز"

۱ جس وقت یہ اشعار حضور فیض گنجور مرشد برحق امیر المؤمنین فی الحدیث والتفسیر امام عصر چودہ صدی کے مجدد قرآن مجید وحدیث نبوی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے اشاعت کرنیوالے مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب کی خدمت میں پڑھا تھا کمال مسرت وانبساط سے بارک اللہ فی عمرک واٰلک ومالک وجاھک فرما کر سر وپیشانی کو میرے بوسہ دیا۔ حاضرین جلسہ کو بڑی خوشی ہوئی تھی چنانچہ مکرر فرمایش پر انکی میں نے کئی بار قصیدہ کو پڑھا اور سنایا حضرت اقدس اعلی کی دعا بالمقابل ہزاراں ہزار اشرفیوں کے ہے جو کہ آجتک کسی کو نصیب نہیں ہوئی۔ عزیز ۱۲

(مترجمہ جناب مولوی سید محمد عبد الحفیظ صاحب برادر زادہ حضرت میاں صاحب)

ترجمہ[1] مدوّن صحائف

مستخرج از منبع السادات[1] ریاض الانوار[2] گلشن فرخ آباد[3] سلسلۃ النسب رضویہ صمدنیہ[4] تاج التواریخ[5] و عزیز المآثر فی احیاء الاخیار الاکابر

دولت جاوید یافت ہر کہ نکو نام زیست　　　کز عقبش ذکر خیر زندہ کند نام را

نام عزیز احمد مگر شہرۂ عبد العزیز کے نام سے پائی ہے تاریخی اسماء افضل الفضلا[1] اختر دین[2] مظہر احسان[3] منظور حکماء[4] اختیار احمد[5] بخش خاں

ابن منبع الشان سمو المکان مولانا الحکیم السید منظور احمد خاں خلف اصغر مسند الوقت زبدۃ الاطباء مولوی السید علی المتخلص دالشہیر بقلندر صمدنی ولد اکبر تاج الفقہاء اکمل الکملاء مولوی السید حسین بن السید نور العلی عطر اللہ مقابرہم وآجاب ثراہم جنکا سلسلہ نسب بوساطت عضد السلاطین امیر المجاہدین امام الحجہ شیخ الاسلام مولانا السید رفیع الملۃ والدین، طیب اللہ رمسہ صف شکن رض رفیق سلطان ہمایوں تیموری کے حضرت رفیع الدرجات منبع البرکات امام ثامن السید علی رضا علیہ السلام سے جا ملتا ہے۔ **پیدائش مدون**:- بمقام چھپرا متو مضاف فرخ آباد ہوئی تھی جس کے وقائع تاریخ عزیزیہ میں ہیں مسکن اعقاب امام الحجہ رض کا صمدن و دیگر مضافات ہند ہے اگرچہ عبد العزیز کا مولد و منشاء صمدن نہیں ہے مگر موطن ہے۔ **تربیت**:- یوم ولادت سے کفالت تربیت جناب مستطاب مہمان نواز مسافر پرور قاضی محمد بدر الدین برد اللہ مضجعہ (جد فاسد) کے ذمہ رہی بعدہ خال اعظم قاضی قمر الدین احمد مرحوم کے کنف حمایت و ظل عاطفت میں ایام شباب تک بسر کیا کیونکہ مادر مہربان رحمہا اللہ تعالیٰ ایام طفولیت مدوّن میں داخل جنت ہو چکی تھیں۔

تعلیم۔ قرآن مجید ملا ہدایت خاں مغفور چھپرا متو سے پڑھا۔ بعدہ فارسی کی ابتدائی کتابیں و ترجمہ قرآن مجید و رسائل اردو فقہ کے مجاہد فی سبیل اللہ المنان و مہاجر الی دار الامان مولوی حافظ سید ابراہیم علی صاحب مبرور گورکھپوری سے کہ جو بالکل عامل کتاب و سنت و طارح التقلید و راد الآرا تھے، مع نحو پڑھا پھر افصح الفصحا مکرمنا میر مظفر علی صاحب رضوی رہ سے فارسی کی کتابیں

---

[1] کسی مشہور شخص کا پورا اور سچا حال لکھنا یا ظاہر کرنا کچھ خوشامد نہیں ہے بلکہ دریافت حقیقت کرنا بہت مناسب ہے جس سے عبرت ہوتی ہے۔ ذیل کی احادیث قابل ملاحظہ ہیں:-
عن یزید بن نعامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اذا آخی الرجل الرجل فیسألہ عن اسمہ واسم ابیہ وممن ہو فانہ اوصل للمودۃ رواہ الترمذی وفی اخر حدیث عن المقدام بن معد یکرب عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قال اذا احب الرجل فلیخبر انہ یحبہ اخرجہ ابوداود والترمذی وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم المرء علی دین خلیلہ فلینظر احدکم من یخالل رواہ احمد والترمذی وابوداود والبیہقی فی شعب الایمان وقال الترمذی ہذا حدیث حسن غریب وصحیح

مناظ زبان دانی پڑھی تھیں ان جلسوں میں ہمدرس و شریک اکتساب علوم مخدومنا و مولٰنا السید نوح صاحب رضوی تھے، **صرف** عربی حکیم سید عابد حسین بلگرامی نزیل گنج چھپرا متوہ سے پڑھی **نحو** مع فقہ و کلام و اصول اور چند اجزاء حدیث و تفسیر حضرت عمدۃ الفضلا شمس العلماء منظفر الممالک مولانا السید امیر احمد خاں بہادر نقوی سہسوانی سے حاصل کی نحو کے دوران میں چند اسباق ہدایۃ النحو کے سر آمد اولیا مولانا شاہ فضل رحمن صاحب مہرور گنج مرادآبادی سے بطور برکت پڑھے تھے اور تبرک کے طرز پر شرح سلم الثبوت کے ابتدائی مسائل حضرت قاضی القضاۃ مولانا **محمد بشیر الدین** صاحب قنوجی آنجہانی سے پڑھ کر مباحث غامضہ حل کئے پھر مکرر جملہ علوم دانشمندی و دینی و طب و تصوف حضرت سید الفضلاء شمس العلماء مولانا شاہ سید عبد الحق طیب اللہ رمسہ ہنگامی کی خدمت میں حاضر ہو کر حاصل کی بعدہ حجۃ الکمل لجۃ العلی عروۃ الرجا۔ نور شریعۃ نور طریقۃ ناشر الموحدین مجمع الحسنین امیر المومنین فی الحدیث والتفسیر امام عصر مجدد مائۃ رابع عشر شمس العلماء حضرت مولانا السید **محمد نذیر حسین** غفر اللہ مرقدہ کے عتبۂ عالیہ سے ادب و تفسیر و حدیث و تصوف حاصل کر کے دو مرتبہ بیعت طریقہ و ارشاد کی تھی جن کے فیض دعا سے فیوض دینی و فتوح دنیوی پر کامیابی ہوئی جن کے ایثار النفاق کا احاطہ غیر ممکن اور شکریہ مشکل ہے پھر حضرت عین الانسان محمود الاقران مولانا و مخدومنا راس المحدثین و نخبۃ المحققین جناب شیخ **حسین** صاحب خزرجی زبیدی الیمانی المشہور بہ **عرب صاحب** سے سند تفسیر و حدیث بسلسلہ امام شوکانی رح و جناب تاج الفقہاء مولانا سید محمد **اسمٰعیل** رح دحلان مفتی شافعیہ مکہ محمیہ سے سند حدیث و تفسیر بسلسلہ امام دمیاطی رحمہما اللہ سے حاصل کی۔

مشورۂ سخن حضرت تاج الادبا رئیس المتفقہین مولانا شمس العلماء مفتی السید محمد عباس صاحب شوستری مجتہد مذہب اثنا عشری سے لیا اور مذہب شیعہ کی بھی کتابیں پڑھی تھیں جن کو زیادہ شرح تحصیل کا اسناد اک مقصود ہو **عزیز الاسناد** ملاحظہ کرے **اخلاف و اعقاب** **مدوّن** ۳ بیٹے اور ایک لڑکی ہے لکھی پڑھی تابع کتاب و سنت۔ زبدۃ المکارم فاضل علوم مشرقی و مغربی مخزن فضائل نسبیہ و محامد حسنیہ **افضل العلما** مولانا السید **محمد** الشہیر بمولوی عبد الحمید جواد و بارع السید **حسن** المعروف بمولوی عبد الحکیم حافظ کتاب اللہ و السنۃ السید رضا **منظور علی** المدعو بہ آغا عبد الغفار دام دوامہم نبیسہ نہایت مسکین مزاج سعادتمند شجاع و دلیر ال مصارعت منظفر الدین مولوی سید **مشتاق** احمد سلمہ اللہ الاحد ابن تابع الکتاب والسنۃ طارح التقلید والآراء قامع اسنان اہوا مولانا السید احمد حسین سلمہ ربہ مرحوم بھی ماشاء اللہ (ابنا و احفاد بھی ہیں رضاعت جو تہم دور جاتہم) سید عزیز احمد۔ سید منظور احمد۔ آغا عبد الجبار۔ آغا عبد الوہاب

عظمت خاندانی بتوسل حضرت امام الحجۃ و امام رضا علیہ السلام کے حضرۃ سلطان الشہدا، و جناب خاتم النبیین صلی اللہ علیہم

سلہ نبیرہ لفظ فارسی ست مگر بتصرف فارسیاں آمدہ لہذا بنابر جمع نبیرہ نبرا استعمال شدہ ۱۲

تک سلسلہ نسب ہے۔ سید امیر ابراہیم سید حامد و امیر حمید و امیر حکیم و سید ہاشم و مولانا السید امیر ابو الفرح عبد الفتاح[1] و خواجہ پیر روشن ضمیر احمد کبیر انار اللہ برہانہم اسی خاندان میں تھے امیر میران سعدن خان بہادر[2] بھی بڑے مشہور و مستند علماء و عظماء میں تھے۔ مولانا سید غلام حسین و مولانا السید علی قلندر[3] و مولانا السید منظور احمد خان اسی خاندان میں عالی شان میں سے گزرے ہیں ان اعضاء خاندان نے سلاطین اسلامیہ و دولت برطانیہ کے عہد میں اعزاز و اکرام پائے تھے کہا جاتا ہے کہ بموجب فرمان عالیشان شاہ جہاں صاحبقران ثانی رح کے اس خاندان میں خطاب خانی و افتا و قضا و احتساب وغیرہ وغیرہ مع ضیاع و عقار کے ہے۔ کیونکہ جب شاہ ہمایوں تیموریہ فترات شیر شاہیہ سے مغلوب ہوکر ایران و مشہد مقدس خاکی واپس ہندوستان ہوا تھا تو معیت ہمایونیہ میں حضرت شیخ الاسلام امام الحجہ سید رفیع رح تھے جنہوں نے کفار سے جہاد فرما کے اعلاء کلمۃ الحق و اشاعت قرآن و حدیث فرمایا تھا چونکہ درویش روشن ضمیر تھے سیاحت کرتے رہے صمدن میں کچھ اعقاب رہے اور کچھ دیگر اقطار و اقطاع ہند میں جا بسے۔ دولت برطانیہ نے بلحاظ اعزاز خاندانی و خدمات ذاتی کے سید عبد العزیز کو خطاب خان بہادر و تمغہ طلائی مع فیتہ سرخ دیا اور عالیجناب سفر فام نواز فرزانہ فرلاد مسٹن بہادر دام اقبالہ نے نہایت تپاک و خوشی سے بردربار خود پہنا کر ارشاد کیا تھا کہ مدت تک اس خطاب کو آپ اور آپ کے اخلاف استعمال کریں گے آپ کو اس کی ضرورت نہ تھی مگر میرا فرض تھا کہ آپ کی قابلیت و جاہت و عزت کی قدردانی کروں اور آپ کا دوست مخلص بنا رہوں دستخط ایس ٹی بی ... شادہٗ

مشاہیر الاتبار سلف میں اس خاندان کے اعضاء و ارکان صاحب علم و صوفیاء مشہور ہوئے تھے مگر آخر میں حضرت سر آمد سلکا شرف النبلا سلالۃ الاصفیاء ختم الاولیاء مولانا السید محمد عبد اللہ محدث صوفی رحمہ اللہ نے بڑی شہرت پائی جن کے اعقاب مولوی عبد الکبیر و سید عبد الغیاث سلمہا اللہ ہیں اور با اولاد ہیں۔

برادران عالیشان۔ کوئی حقیقی نہیں ہیں مگر سب کے سب با اولاد ہیں

مزاوجت مؤلف حضرت مولانا الاعظم مولوی السید عبد اللہ صاحب کی بنت کبریٰ سے نکاح ہوا تھا۔ رضوی و رضویہ کا قران سعد تھا جیسے تمام اولاد مؤنث کی ہوئی ہے اور بفضلہ تعالیٰ زندہ و کامراں ہے

اے بھائیوں[4] سے

تا صبح قیامت اے خدائے عالم — روشن رہے شمع خاندان منظور

---

[1] امیر سید ابو الفرح رح عبد الفتاح شریک تدوین و تالیف فتاوے عالمگیریہ تھے ۱۲ [2] امیر میران سعدن خان بہادر بڑے باکرامت و حکومت بزرگوار تھے جن کو امیر میران کا خطاب تھا۔ ۱۲ [3] تھا۔ لارڈ منٹو سابق آف آگرہ

فہرست تالیفات کی ذرا لمبی ہے چند اسما مندرجۂ ذیل ہیں

تحفۃ العزیز — حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے آل واصحاب رضی کے فضائل بیان کیے گئے ہیں۔

عزیز المحدثین — رسالہ ہدیۃ الائمہ کی تخریج ہے۔ تقلید شخصی واتباع تخصیصی کے حالات بحوالہ کتاب وسنت ہیں۔ اور نام تاریخی جام ارغواں ہے۔

عزیز الاوراد — سہام الدعا لدفع البلا کی محدثانہ شرح ہے۔ درر فیض جس کا تاریخی نام ہے۔ ۱۲۹۴

حزب العزیز — سہام الدعا کا ترجمہ حال متن ہے جس کا تاریخی اسم جواہر المعظم ہے۔

عزیز التواریخ — فرخ آباد اور اس کے نواح کے والیان وامراء وعلماء واطباء وفقراء وشعرا ومشاہیر شرفا کی تاریخ ہے جس کا نام گلشن فرخ آباد ہے۔

عزیز الفلاسفہ — فلسفہ کی کتاب ہمطرز جناب امام غزالی رح کے ہے جوہر خیالات تاریخی نام ہے۔ ۱۲۸۷

عزیز الاسلام — ہمطرز جناب امام ابن قیم وابن تیمیہ رحمہما اللہ کے ہے تاریخی نام خیالات معقول ہے۔

عزیز الفتاوے — فتاوے حمیدیہ بھی کہتے ہیں اس میں بہت فتوے ہیں۔ جن میں فتوے تعظیم طاعون ومنع استعمال زیور باطفال۔ جواز ملازمت سلطان غیر مسلم وجواز رفع یدین وحرمت ربوا وطاعت سلطان وقت ومقاومت مجہول وغیرہ وغیرہ کے ہیں۔ نام تاریخی اکسیر اعظم ہے۔

عزیز السوانح — سوانحعمری سید عبد العزیز صاحب کی کتاب ہے۔ فیوضات جس کا تاریخی نام ہے

عزیز الاربعین — اربعین شاہ محمد فاخر زائر الہ آبادی رح کا ترجمہ ہے جس میں احادیث فضائل صحابہ رض تحریر ہیں۔ تاریخی نام توشۂ عاقبت

زنبیل گدریہ عزیز درویش — انتخاب کلام مولف ودیگر اساتذہ ومشاہیر شعرا کا ہے۔ باب افاضت تاریخی نام ہے۔

مقاماتِ عزیزی — مثل مقامات حریری وہندی کے ہے کلامِ عزیز ۱۲۹۲ تاریخی نام ہے

عزیز السنت — منع تقلید میں موجز رسالہ ہے جواز کی بھی صورت دکھائی گئی ہے۔
گلشنِ فیض ۱۲۹۰ تاریخی نام ہے۔

عزیزیات — مثل موضوعات ملا علی قاری ہروی و امام شوکانی رح کے ہے۔

عزیز الاشفاق — کتاب البدر حصہ ۳ میں شامل کیا گیا کہ جو جزء تاریخ عزیزیہ کا ہے

نثرِ عبد العزیز — نثر فارسی میں بایام طلب علم و عہد حداثت سن نہایت جوش سے لکھا ہے۔
طلسمات پیر زاخور شید معنی یہ تاریخی نام ہیں

عزیز الانشاء — اردو اور فارسی اور عربی میں رقعات ہیں۔ نثر رنگارنگ - روضۂ مکاتیب تاریخی نام ہیں۔

عزیز احمد — نعت کے قصائد بہت آب و تاب کے ساتھ ہیں سنہ تاریخ الامم
باغِ رسول ۱۲۹۹ - ریاضِ رسول ۱۲۹۲ تاریخی نام ہے

عزیز التفاسیر

ایک نئے طرز کی تفسیر ہے امام مجدد رض نے عزیز البیان نام تجویز فرمایا تھا مؤلف کی تمام تالیفات کی یہی جان ہے مؤلف نے خطبہ میں لکھا ہے ؎

روز قیامت ہر کسے در دست گیرد نامہ
من نیز حاضر میشوم تفسیر قرآں در بغل

آیات احکامی کی بھی عمدہ تشریح کی گئی ہے

عزیز صمدی تو مخزن تفسیر قرآں ہے
نہیں سمجھا کسی نے اسکو جیسا تو نے سمجھا ہے

مثنوی عبد العزیز

ریاض الانوار محمدیہ

مثنوی تحمید الکلام اسکے کئی حصص ہیں — حمید الکلام — ارشاد الرشید — الحفیظ — الحکیم تصرف بر کمی

گئی ہے بڑے بڑے علمائے تصوف نے پسند فرمایا ہے خصوص شمس العلماء مولنا سید عبدالحق بنگامیؒ۔ مولوی سید عابد حسین رح۔ حضرت امام مجددرضؓ نے اس جانکاہی و دماغ سوزی کا اعتراف فرمایا ہے تصوف کی کتاب مشہور ہے

عزیز الاخلاق۔ عزیز الآفاق

یہ دو کتابیں اخلاق میں نہایت پیرایہ دلکش سے تصنیف ہوئی ہیں بڑے بڑے علماء ہند ویورپ نے تقریظ مفید کی ہے اخبارات عربی وانگریزی وناگری میں بہت کچھ ثناو صفت لکھی گئی تھی مؤلف کے اساتذہ خصوصاً شمس العلماء مولنا سید عبدالحق بنگامی۔ وشمس العلماء۔ امام مجددرضؓ نے نہایت درجہ پسند فرما کے تقریظیں لکھی تھیں

لمعات اخلاق عزیز المصطلحات

عربی ادب جاننے والوں کے لئے مختصر رسالہ مگر جامع ومانع ونافع ہے اکابر ہند وعرب نے پسند کیا ہے۔

عزیز الموحدین

توحید میں عمدہ رسالہ ہے بتدعین منکرین سے جواب نہو سکا تھا۔

عزیز الایمان

ایمان ومومن کی تعریف ہے جس کو بڑے بڑے صوفیا نے پسند فرمایا تھا۔

عزیز التہذیب

عربی میں اخلاق کی عمدہ وموجز کتاب شان عام وخاص ہے۔

عزیز السلام

ملقب بہ الحید حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام وکرم اللہ وجہہ کی لائف بطرز محدثین المحققین تام ہے۔

تاریخ عزیزیہ

(عزیز المآثر احیاء الاخیار الاکابر)

حصہ اوّل **عزیز العلماء** اردو میں حصہ دوم **المنظور** حصہ سوم **المبدر** جس میں **عزیز الاشفاق** شامل کردیا گیا حصہ چہارم **حمید الفضلاء** عربی زبان میں نہایت شستگی و درستی الفاظ سے بڑے بڑے علماء و فضلاء و کملا و صوفیاء و مشاہیر عرب و عجم کے سوانح و واقعات زندگی تحریر ہیں۔

خطبات العزیز۔ مولف کے جس قدر وعظ ہیں وہ اس میں بطور خلاصہ نہایت عمدگی سے تحریر کئے ہیں

عزیز الاقتصاد مسائل و مباحث نہایت عمدگی سے بیان کئے گئے ہیں جسکا جواب نہیں ہو سکا۔

عزیز الاسلوب فی آداب الکتابۃ المکتوب ایک مختصر رسالہ ہے جس سے طرز انشاء پردازی بطور کتاب و سنت ہر شخص سیکھ سکتا ہے۔

عزیز الانقیاد جسکا مشہور نام تحقیق الحمید ہے مقاصد جہاد و اطاعت امیر وقت بحوالہ قرآن و حدیث لکھے گئے ہیں۔

۳۳ حضرۃ شیخنا شیخ الکل فی الکل توفیقنا و برکتنا امیر المومنین فی الحدیث والتفسیر ناشر الوحیین مولٰنا سید محمد نذیر حسین صاحبؒ امام عصر و مجدد چاردہ صد ۱۴ کے وہ صحائف و مکاتیب ہیں جو دربار تجدید سے متمشی و جاری ہوئے ہیں جن کو مولف نے کئی برس کی محنت و تلاش میں بہم پہنچا کے مدوّن و یکجا کئے ہیں اس کتاب کے دیکھنے سے ظاہر ہوگا کہ حضرت شیخ نے بفحوائے "کَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُولِهِمْ" مخاطب و مکتوب الیہ سے خطاب فرمایا ہے یہ کتاب جامع بین الشریعۃ والطریقۃ ہے جس سے ناظر و قاری کی بصیرۃ بڑھتی ہے للہیت کی جانب زیادہ توجہ ہو جانے کے بعد مقام مناسب پر ورود ہوتا ہے یہ معمولی مکتوب نہیں ہیں کہ جنکو رٹ لیا جائے ان میں قرآن و حدیث کا مغز بھرا ہے کوئی ادق مضمون نہیں ہے نہ اغلاق ہے ہاں مصطلحات تصوف ضرور ہیں مگر ان کی تشریح باحسن بالسنہ فرمائی گئی ہے عاصی و عالم کو فائدہ یکساں بخشا گیا ہے انشاء پردازی شرعی ہے علاوہ طرز و القاب تحریر بھی اجتناب فرمایا گیا تھا

مواہب الٰہیہ

مدوّن اوراق ہذا اپنے منّانِ بلا امتنان کا بیحد شکر کرتا ہے کہ اسکو اپنے فضل عمیم سے نعمتیں بخشی ہیں جس کا اکثر تالیف میں ذکر ہے۔

۱۔ خدا تعالٰی نے انتساب رضویہ بخشا۔

۲۔ توفیق خدمت کتاب و سنّت عنایت فرمائی گئی ۳۔ چیدہ چیدہ بزرگان دین سے فیض تعلیم و تربیت و تلقین وارشاد مرحمت ہوا۔ ۴۔ بدعات و شرک سے اجتناب بخشا گیا۔ ۵۔ اولاد صالح ہوئی ۶۔ زیارت حرمین شریفین زادہما اللہ شرفا کی۔ ۷۔ از بلاء و مصائب پر صبر کرنا اور بحالت امکان دشمنوں سے انتقام نہ لینا چشم پوشی رہنا۔

هُوَ الرَّؤُف

مکتوبات نذیریہ

شیخ الکل علامہ حضرت مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی

اس ناچیز کی عرصہ سے تمنا تھی کہ جس طرح مکاتیب سید المرسلین رحمۃ للعالمین حضور پرنور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم و دیگر حضرات امام المحدثین حضرت مولانا شاہ عبد الحق صاحب محدث دہلوی رح و حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی و شیخ مجدد الف ثانی رح و حضرات صوفیائے کرام و محدثین عظام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین طبع ہو کر حضرات شائقین کے ملاحظہ اور میں پیش ہو چکے ہیں۔ اسی طرح شمس العلماء شیخ المحدثین حضرت مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی جنہوں نے صدہا علماء و طلباء کو اپنے علمی فیوض و برکات سے منور فرما کر مورخہ ۱۰ رجب المرجب سنہ ۱۳۲۰ھ بعمر ایک سو دس سال وصال فرمایا اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَہٗ وَارْحَمْہُ ایک ایسے محدث کے مکتوبات جمع کر کے کیوں نہ حضرات عقیدتمندان غفران مکان رح کے ملاحظہ اشرف میں مطبوعہ پیش کئے جائیں۔

اس کے قبل فقیر نے مختصر سوانح حیات حضرت میاں صاحب رح "حسرۃ العالم بوفاۃ محدث العالم" باہتمام حضرت مولانا عبد اللہ صاحب چیراوی محدث کلکتہ طبع فرمائی تھی۔ جواب مرحمودہ زمانہ میں نایاب ہے۔ اور "الحیات بعد الممات" مفصل حالات مع فہرست شاگردان رح جناب مولوی فضل حسین صاحب مظفر پوری صوبہ بہار نے بامداد جناب حضرت مولانا ابو الطیب شمس الحق صاحب رئیس و محدث رح ڈیانواں ضلع پٹنہ باہتمام جناب مولانا سید محمد عبد العزیز صاحب رضوی محدث صمدنی رح طبع ہو چکی ہے اور فتاویٰ نذیریہ جلد اول و دوم جناب مولوی حافظ سید محمد عبد السلام صاحب و جناب مولوی سید محمد ابو الحسن صاحب قرۃ العین نبیرۂ حضرت میاں صاحب رح طبع فرما چکے ہیں۔

مکتوبات نذیریہ کی فراہمی کیلئے فقیر نے عرصہ دراز سے جد و جہد سعی و کوشش کر رہا تھا الحمد للہ میری کوشش بار آور ہوئی چنانچہ ڈاکٹر سید محمد عبد الحکیم صاحب مرحوم و مغفور برادر زادہ حضرت میاں صاحب رح نے بکثرت مکتوبات نذیریہ مورخہ ۲۲ مارچ سنہ ۲۸ء کو اپنے وطن مالوف موضع مولانگر ڈاکخانہ سورجگڈھ ضلع مونگیر سے ارسال فرمائے تھے۔ اور اب جناب سید محمد عبد الحمید صاحب رضوی اسپرنٹنڈنٹ رجسٹرار چیف کورٹ لکھنؤ خلف رشید جناب خان بہادر مولانا سید محمد عبد العزیز صاحب رضوی محدث صمدنی ضلع فرخ آباد نے اپنے والد محترم رح کے دست مبارک کے خوشخط مکتوبات نذیریہ کی بہت بڑی تعداد مرتب شدہ بذریعہ رجسٹری مورخہ

۱۴ ستمبر ۱۹۳۶ء بغرض طباعت ارسال فرما کر مشکور فرمایا جس کو فقیر نے عرصہ ۴ سال کی سعی و کوشش کے بعد حاصل کئے ہیں۔ اور کچھ ذخیرہ مکتوبات نذیریہ کا فقیر کے پاس پہلے سے بھی موجود تھا۔ یہ جملہ مکتوبات طبع کرا کر اس فقیر نے اپنے محترم و مخدوم بزرگ کی علمی فیاضی کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنے معزز حضرات شائقین کے لئے اپنی ناچیز خدمات۔ مکتوبات نذیریہ مطبوعہ پیش نذر کرکے دعا کا طالب ہے

تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ۔

نوٹ:۔ فقیر اپنے ان مخلص معزز حضرات کا کیوں نہ دل سے شکریہ ادا کرے۔ کہ جنہوں نے مجھ ناچیز کی مالی دشواری و حضرت میاں صاحبؒ کی علمی فیاضی کو پیش نظر فرما کر اپنے اپنے گراں قدر عطیہ سے مکاتیب نذیریہ کی طباعت و اشاعت میں سرپرستی فرمائی۔ اللہ تعالیٰ ان حضرات کو تاقیامت باقیات صالحات کا ثواب ملتا رہے۔

اسمائے گرامی معطیان

نمبر	نام	عطیہ
۱	جناب بابو شیخ عبدالوہاب صاحب مہتمم دارالحدیث مدرسہ رحمانیہ	للعہ
۲	" شیخ محمد احمد صاحب خلف جناب شیخ حاجی عبدالرحمٰن صاحب مرحوم و مغفور بانی دارالحدیث رحمانیہ دہلی	[illegible]
۳	" ایس ایم عبدالغفار صاحب خلف رشید حاجی فضل الٰہی مرحوم مغفور	[illegible]
۴	" ڈاکٹر قریشی شفاخانہ سرکار عالی رامپور	[illegible]
۵	جناب مولانا قطب الدین عبدالوالی صاحب فرنگی محل لکھنؤ	[illegible]
۶	جناب مولوی الطاف الرحمٰن صاحب قدوائی " " "	[illegible]
۷	جناب وقار الدین احمد خاں صاحب وظیفہ یافتہ سرکار نظام دریا گنج دہلی	[illegible]
۸	جناب مولوی عبدالحق صاحب بی۔ اے معتمد انجمن ترقی اردو	[illegible]
۹	" سید محمد ہاشمی صاحب مددگار معتمد انجمن ترقی اردو	[illegible]
۱۰	" مولوی ہدایت علی صاحب علوی وظیفہ یاب لودھیانوی والد محترم مولوی محمود علی صاحب علوی مہتمم نظام پریس دہلی	[illegible]
۱۱	" شیخ محمد تقی صاحب رئیس انارکلی لاہور	[illegible]
۱۲	" مولوی سید اسمٰعیل صاحب غزنوی مدیر اخبار "خادم الحرمین" امرتسر	[illegible]
۱۳	" عالیجناب سید بشیر حسین صاحب زیدی چیف منسٹر رامپور	للعہ
۱۴	" خان بہادر آنریبل جناب سر عبدالقادر صاحب ممبر کونسل جناب وائسرائے بہادر مد ظلہ بالقابہ گنگ ایڈورڈ روڈ کوٹھی نمبر ۶ نئی دہلی	[illegible]

هو الرؤف

دہلی دار السلطنت ہی نہیں بلکہ دار العلوم کہلانے کا بھی فخر حاصل ہے جس جگہ علاوہ ہندوستان و دیگر ممالک کے طلبا بھی صدہا فیضیاب ہوتے رہے اور ہنوز ہو رہے ہیں۔ اور مدارس دینیات بھی بکثرت ہیں لیکن کوئی ایسا کتب خانہ عامہ موجود نہ تھا جس میں طلبا و علما بلا تفریق عقائد یک جا جمع ہو کر اپنی اپنی معلومات میں اضافہ فرماتے۔ چنانچہ احقر نے اپنے محترم بزرگ شمس العلما شیخ الکل حضرت مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (جن کی تاریخ وصال ۱۰ ر رجب المرجب سنہ ۱۳۲۰ھ بعمر ایک سو دس سال) شاگرد رشید حضرت مولانا مولوی شاہ محمد اسحاق صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مہاجر حرمین شریفین نبیرہ حضرت مولانا مولوی شاہ عبد العزیز صاحب قدس سرہ العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے نام نامی سے موسوم کرتے ہوئے کتب خانہ نذیریہ عامہ کی بنیاد ڈالی جس کی افتتاح رسم سنہ ۱۹۲۶ء میں ادا کی گئی۔ بحمد اللہ اس وقت کتب خانہ نذیریہ عامہ میں ساڑھے دس ہزار مختلف کتب موجود ہیں جو حضرات علما و طلبا اس بحر علم سے فیضیاب ہو رہے ہیں اور ساتھ ہی اس کے دار المطالعہ نذیریہ عامہ میں بکثرت روزانہ ہر قوم و ملت اخبارات و رسائل سے مستفیض ہو رہے ہیں اور حضرات شائقین کا بہت بڑا ہجوم رہتا ہے۔ حضرات ممبران میونسپل کمیٹی اور وہ حضرات معاونین جو ہر طرح اپنی اپنی امداد علمی و مالی سے ایثار و قربانی ایک محدث کی درسگاہ علمی کو اپنی سرپرستی سے مشکور فرما رہے ہیں وہ معززین حضرات قابل صد مبارکباد ہیں اور فقیر بھی ان کے احسانات کا ممنون ہے اور ہمیشہ ہمیشہ ممنون احسان رہیگا اللہ تعالیٰ انکی عمر و مال و دولت و علم و اخلاص میں روز افزوں ترقی عطا فرمائے۔ اور تا قیام اجر دارین ان کو ملتا رہے۔ آمین۔

اراکین مجلس انتظامیہ کے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں

جناب شیخ حاجی عبد الخالق صاحب ممبر طبیہ کالج و سابق میونسپل کمشنر پھاٹک حبش خان دہلی صدر مجلس منتظمہ کمیٹی کتب خانہ نذیریہ عامہ

جناب شیخ فضل مبین صاحب ممبر انجمن کمیل قوم پنجابیان و رکن مجلس منتظمہ کمیٹی کتب خانہ نذیریہ عامہ دہلی

جناب حاجی شیخ عطاء الرحمن صاحب خلف خان بہادر حاجی محمد یوسف پائی والے۔ رکن منتظمہ کمیٹی دار المطالعہ نذیریہ عامہ دہلی

جناب شیخ محمد عبد السلام صاحب بی۔ اے۔ میونسپل کمشنر و سکریٹری مسلم لیگ و سکریٹری قوم پنجابیان ہائی اسکول نمائندہ کتب خانہ نذیریہ منجانب میونسپل کمیٹی دہلی جناب فصیح الدین احمد صاحب حقی ایم اے سکریٹری آنریری ہارڈنگ لائبریری و رکن منتظمہ کتب خانہ نذیریہ عامہ دہلی۔

جناب سید محمد جعفری صاحب سابق مدیر اخبار ملت دہلی۔

جناب سید محمد ضیاء الاسلام صاحب خلف جناب مولوی سید محمد عبد السلام صاحب نبیرہ المعروف حضرت میاں صاحب غفران مکان رحمۃ اللہ علیہ پھاٹک حبش خان دہلی

جناب سیٹھ لالہ ہنومان پرشاد صاحب میونسپل کمشنر دہلی نمائندہ کتب خانہ نذیریہ عامہ و منجانب میونسپل کمیٹی دہلی

جناب مولوی ہلال احمد صاحب زبیری بی۔ اے۔ میونسپل کمشنر دہلی مدیر اخبار انصاری۔ منجانب میونسپل کمیٹی دہلی۔

...نسپل کمشنر دہلی۔ منجانب میونسپل کمیٹی دہلی۔